# ایسر القرآن

## وَلَوۡ اَنَّنَا 8

ہمارا مشن ہے کہ...... قرآنی الفاظ کے اُردو تلفظ...... اُردو لفظی ترجمہ
عربی مادہ اور عام زبان میں استعمال کو سمجھ کر...... قرآن پاک کو
بامحاورہ اُردو ترجمہ کے ساتھ پڑھنے کو ممکن بنانا

خاور صادق
قرآن سمجھو
تحریک

قرآن پاک کو اس انداز میں سمجھنے اور سمجھانے کے لئے طریقہ کار

**ڈاکٹر اُمِّ اَرقم سلمیٰ ضمیر خان صاحبہ** اور **انجینئر امیر ضمیر احمد خان صاحب**

نے تخلیق و تجویز فرمایا...... اور ہر مرحلہ پر راہنمائی اور تصحیح فرمائی

جملہ حقوق بحق پبلشرز محفوظ ہیں


| | | |
|---|---|---|
| تدوین و ترتیب | : | ڈاکٹر اُمِّ اَرقم سلمیٰ ضمیر خان |
| تسوید و تصحیح | : | ابو سعد محمد شفیق خاں جالندھری |
| پروف ریڈنگ | : | ڈاکٹر حافظ محمد عرفان رمضان |
| نظرِ ثانی | : | ابُو عبد اللہ مفتی محمد مسعود ظفر |
| اہتمام | : | حافظ محمد عثمان عیش |
| پارہ | : | وَلَوْ اَنَّنَا ⑧ |
| اشاعت اوّل | : | جنوری 2023ء |
| تعداد | : | 1000 |
| طباعت | : | اقراء کمپیوٹرز، پرنٹرز اینڈ پبلشرز |

پریس مارکیٹ امین پور بازار فیصل آباد۔ پاکستان 0301-7977716

پبلشرز :

خاور صادق "قرآن سمجھو" تحریک

صدقہ جاریہ محترم محمد صادق چوہدری / محترمہ خاور صادق

1- سینٹ میری پارک، گلبرگ III، کلمہ چوک، لاہور 0300-7942202

www.quran-samjho.org quran.samjho.tahreek@gmail.com

ادارہ اس پارہ کی اشاعت کیلئے "گرین انڈسٹریل سلوشنز (پرائیویٹ لمیٹڈ)" کا انتہائی مشکور ہے۔
اُن کے کاروبار میں خیر و برکت کیلئے قارئین سے خصوصی دُعاؤں کی درخواست ہے۔

# القرآن الکریم

## وَلَوْ اَنَّنَا 8

ہمارا مشن ہے کہ......قرآنی الفاظ کے اُردو تلفظ......اُردو لفظی ترجمہ
عربی مادہ اور عام زبان میں استعمال کو سمجھ کر......قرآن پاک کو
بامحاورہ اُردو ترجمہ کے ساتھ پڑھنے کو ممکن بنانا

خاور صادق
قرآن سمجھو
تحریک

# منفرد انداز میں قرآن پاک کی تلاوت اور اُسے سمجھنے کا طریقہ

قرآن پاک ایک ایسی آسمانی کتاب ہے جسے اللہ عزوجل نے عربی زبان میں نازل کیا ہے۔ اس کے باوجود قرآنِ مجید کو مختلف زبانوں میں سمجھانے کیلئے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو منتخب فرمایا۔ فہمِ قرآن کیلئے عالمِ اسلام میں مختلف کوششیں کی گئیں۔ اسی طرح اُردو زبان میں بھی قرآن پاک کی ترجمانی کیلئے بیش بہا کوششیں ہوئیں، مگر بدقسمتی سے عربی زبان کو عربی لہجے میں پڑھنا بالخصوص پاکستان کے کچھ علاقہ جات میں مشکلات کا ہی شکار رہا۔ حقیقت یہ ہے کہ مستقل اساتذہ کرام کی رہنمائی کے بغیر قرآنِ پاک کے مقدس عربی الفاظ کو صحتِ تلفظ سے پڑھنا ناممکن ہی نظر آتا ہے۔ اس کے علاوہ تمام مسلم احباب کیلئے قرآنِ پاک کے الفاظ کی تعلیم کا ابتدائی مرحلہ حروفِ تہجی کے الفاظ کو ہجوں کی شکل میں جوڑ توڑ میں لکھا جاتا ہے اور پڑھایا جاتا ہے۔ اس کیلئے ادارہ جات میں بنیادی (قاعدے) موجود ہیں اور وہاں مستقل قراء کرام، اساتذہ کرام بھی موجود ہیں، اُن کی بروقت رہنمائی متعلمین اور مبتدئین کے لئے ازبس ضروری ہے، مگر افسوس صد افسوس! بے شمار لوگ ابھی بھی قرآن پاک کی ناظرہ تعلیم اور اس کے ترجمہ وتفہیم سے یکسر قاصر نظر آتے ہیں۔

خاور صادق "قرآن سمجھو" تحریک کا ایک ہی بنیادی مقصد ہے کہ ہر آدمی جس کی قومی زبان اردو ہے اُسے قرآنی الفاظ کا تلفظ بھی سمجھ آجائے اور قرآن کے لفظی اور بامحاورہ ترجمہ بھی سمجھنے میں آسانی ہوجائے اور ترجمہ کو عام زبان میں استعمال ہونے والے الفاظ سے کالمی انداز میں قرآن کو سمجھانے کی منفرد کوشش کی گئی ہے۔ پہلے کالم میں قرآنی الفاظ، دوسرے کالم میں قرآنی الفاظ کا اردو میں تلفظ، تیسرے کالم میں لفظی اردو ترجمہ، چوتھے کالم میں قرآنی الفاظ کا عربی لغت میں مادہ اور پانچویں کالم میں عام زبان میں عربی الفاظ کا استعمال پیش کیا گیا ہے، تاکہ پڑھنے والے اچھی طرح تلفظ سیکھنے کے ساتھ اردو ترجمہ بھی خوب ذہن نشین کرلیں اور بامحاورہ ترجمہ بھی دل نشین انداز میں پیش خدمت ہے۔ عوام الناس کیلئے یہ نادر اور منفرد کوشش وکاوش ہے۔ اللہ تعالیٰ شرف قبولیت سے نوازے۔

قرآنی الفاظ کی تلاوت کا طریقہ قرأت وتجوید کے رولز کے مطابق چند ضروری مگر مختصر قوانین پڑھنے والوں کی رہنمائی کیلئے پیش خدمت ہیں:

**① جزم والا ھمزہ:** اس کے لئے اُردو کے تلفظ میں "x" کراس کا نشان لگایا گیا ہے، جیسے:

يَأْتُوكُمْ    یَ x تُ وْ کُمْ    مُؤْمِنِيْنَ    مُ x مِ نِ یْ نَ

**② مد متصل:** اگر حروف مدہ (واوٴ، الف، یائ) کے بعد ہمزہ اُسی کلمہ میں آجائے تو اُسے مدِ متصل کہتے ہیں اسے تین نقطوں سے ظاہر کیا گیا ہے، جیسے:

جَآءَكُمْ    جَا... ءَ کُ مْ    سُوْٓءَ    سُ وْ ... ءَ    سَيِّئَٰتُ    سَیْ ... ءَ تُ

**③ مد منفصل:** اگر حروفِ مدہ (واوٴ، الف، یائ) کے بعد ہمزہ دوسرے کلمہ میں آئے تو اُس کو مدِ منفصل کہتے ہیں اُسے دو نقطوں سے ظاہر کیا گیا ہے، جیسے:

بِمَآ أُنْزِلَ    بِ مَا .. اُنْ زِ لَ    قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا    قُ وْ لُ وْ .. آ مَنْ نَا    فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ    فِیْ .. اَنْ فُ سِ کُمْ

**④ ادغام تام** اور **مدغم حروف کی صوت (آواز):** دو حرفوں کا آپس میں اس طرح مل جانا گویا دونوں ایک ہوگئے ہیں اسکی تین صورتیں ہیں:

① ایک حرف دو مرتبہ ایک کلمہ یا دو کلموں میں اِس طرح آئے کہ پہلا حرف ساکن اور دوسرا متحرک ہو تو ساکن کو متحرک میں مدغم کردیں گے، اس کو مدغم مثلین کہتے ہیں جیسے:

اِذْهَبْ بِكِتَابِيْ    اِذْ ہَ بْ بِ کِ تَا بِ یْ    سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا    سَ عْ یُ کُمْ مَشْ کُ وْ رَا    عَنْ نَّفْسِيْ    عَنْ نَفْ سِ یْ

② اگر ایسے دو حرف ایک کلمہ یا دو کلموں میں جمع ہوں جن کا مخرج ایک اور ان کا پہلا حرف ساکن اور دوسرا متحرک ہو تو ساکن حرف کو متحرک حرف میں مدغم کردیں گے، جیسے:

اُحِطْتُّ    اُ حِ تْ تُ    اِذْ ظَّلَمُوْا    اِظْ ظَ لَ مُ وْ    قَدْ تَّبَيَّنَ    قَ تْ تَ بَ یْ یَ نَ

③ اگر ایسے دو حروف ایک کلمہ یا دو کلموں میں جمع ہوں جو قریب المخرج اور قریب الصوت ہوں اور پہلا حرف ساکن اور دوسرا حرف متحرک ہو تو ساکن حرف کو متحرک میں مدغم کردیں گے، جیسے:

اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ    اَ لَ مْ نَ خْ لُ کْ کُمْ    قُلْ رَّبِّيْ    قُ رْ رَ بْ بِ یْ    مِنْ رَّحِيْقٍ    مِ رْ رَ حِ یْ قِنْ

**⑤ ادغام ناقص میں صوت (آواز):** "ن" ساکن یا "ن" تنوین (کے قاعدہ ادغام غُنّہ کے ساتھ) میں دیکھ چکے ہیں کہ "ن" کے ادغام کے باوجود اس کی صوت (آواز) باقی ہے ایسے ہی مدغم حرف کی کوئی صفت باقی رہے تو اُس کو ادغامِ ناقص کہتے ہیں، جیسے:

مَنْ يَّفْعَلْ    مَا ئیں یَ فْ عَ لْ    مَنْ يَّشَآءُ    مَا ئیں یَ شَا... ءُ    عِلْمًا وَّ    عِ لْ مَا ؤں وَ    جَنّٰتٌ وَّ    جَ نْ نَا تُوں وَ

نوٹ: تلاوت کے حوالے سے مزید ضروری "قواعد وضوابط" تفصیل کے ساتھ ایک کتابچہ کی صورت میں شائع کئے جائیں گے۔ (ادارہ)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَلَوْ | وَ لَا ؤْ | اور اگر | | |
| | اَنَّنَا | اَن نَ نَا | بلاشبہ ہم | | |
| | نَزَّلْنَآ | نَز زَل نَا.. | نازل کرتے | ن ز ل | نازِل، نُزُول، نازِلہ، مَنازِل |
| | اِلَيْهِمُ | اِلَا ئِ ہِمُ | ان کی طرف | | |
| | الْمَلٰٓئِكَةَ | لْ مَ لَا ... ءِ کَ ةَ | فرشتے | م ل ك | مَلَکُ المَوت (مَوت کا فرِشتہ) مَسجُودِ مَلائکہ |
| | وَكَلَّمَهُمُ | وَ کَل لَ مَ ہُمُ | اور کلام کرتے ان سے | ك ل م | کَلِمہ طَیِّبَہ، کَلامُ اللہ، کَلِیمُ اللہ |
| | الْمَوْتٰى | لْ مَا ؤْ تَا | مُردے | م و ت | مَوت، اَموات، مَیِّت |
| | وَحَشَرْنَا | وَ حَ شَ رْ نَا | اور ہم اکٹھا کر دیتے | ح ش ر | حشر کا دِن، حاشِر، یومِ مَحشَر، حَشر نَشر |
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا ئِ ہِمْ | ان پر | | |
| | كُلَّ | کُل لَ | ہر | ك ل ل | کُل کائِنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | شَيْءٍ | شَا ئِ ءِ نْ | چیز کو | ش ی ء | اَشیائے خُوردنی، اَشیائے ضَروریہ، شَیئے، اَشیائے خورد و نوش |

**وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ**

اور اگر ہم انکے پاس فرشتوں کو بھیج دیتے اور ان سے مُردے باتیں کرنے لگتے اور ہم تمام موجودات کو انکے پاس انکی آنکھوں کے روبرو لا کر جمع کر دیتے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قُبُلًا | قُ بُ لَ | سامنے | ق ب ل | قِبلہ، مدِّ مُقابِل، مُتقابِل، تقابُل |
| | مَّا كَانُوْا | م مَا کَ انُوْ | (تب بھی) نہ تھے وہ | ك و ن | |
| | لِيُؤْمِنُوْٓا | لِ يُ x مِ نُوْ.. | کہ ایمان لے آتے | ء م ن | اَمن و اَمان، مُومِن، اِیمان |
| | اِلَّآ | اِل لَا.. | مگر | | اِلّا ماشاءَ اللہ، اِلّا قَلیل |
| | اَنْ يَّشَآءَ | اَ یْں یَ شَا ... ءَ | یہ کہ چاہتا | ش ی ء | اِن شاءَ اللہ، ماشاءَ اللہ، مَشِیتِ اِلٰہی |
| | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | وَلٰكِنَّ | وَ لَا کِن نَ | اور لیکن | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَكْثَرَهُمْ | آ کْ ثَ رَ هُمْ | ان کے اکثر | ك ث ر | خیرِ کثیر، کثرت، اکثر، کثیر لوگ |
| | يَجْهَلُوْنَ ﴿١١١﴾ | یَ جْ هَ لُوْ نَ | جہالت سے کام لیتے ہیں | ج ه ل | جاہِل، جُہلا، جاہلیّت، جہالت |
| ١١٢ | وَكَذٰلِكَ | وَ کَ ذَا لِ کَ | اور اسی طرح | | |

قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ ﴿١١١﴾ وَكَذٰلِكَ

تب بھی یہ لوگ ہرگز ایمان نہ لاتے، ہاں! اگر اللہ تعالیٰ ہی چاہے تو اور بات ہے لیکن ان میں زیادہ لوگ جہالت کی باتیں کرتے ہیں ﴿١١١﴾ اور اسی طرح

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | جَعَلْنَا | جَ عَ لْ نَا | ہم نے بنائے | ج ع ل | جعلی، جعل سازی، جعلی نوٹ، جعلی مقابلہ، جعلی کاغذات |
| | لِكُلِّ | لِ کُلْ لِ | ہر | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | نَبِيٍّ | نَ بِ یْ یِنْ | نبی کے | ن ب ء | نبی، انبیاء، خَتمِ نُبُوّت |
| | عَدُوًّا | عَ دُ وْ وَنْ | دشمن | ع د و | اَعداء، عَدو، عَداوت، عُدوان |
| | شَيٰطِيْنَ | شَ یَا طِیْ نَ | شیطان | ش ط ن | شیطانی خیال، شیطانی وسوسے |
| | الْاِنْسِ | لْ اِنْ سِ | انسانوں میں سے | ء ن س | اِنسان، اِنسانیّت، جنّ واِنس |
| | وَالْجِنِّ | وَلْ جِنْ نِ | اور جنوں میں سے | ج ن ن | جنّ واِنس، سورۃ الجنّ، جنّات |
| | يُوْحِيْ | یُوْ حِیْ | دل میں ڈالتا ہے | و ح ی | وحی مَتلو، وحی غیر مَتلو، وحی کا آنا |
| | بَعْضُهُمْ | بَ عْ ضُ هُمْ | ان کا بعض | ب ع ض | بَعض اَوقات، بَعض دَفعہ، بَعض النّاس |
| | اِلٰى بَعْضٍ | اِلَا بَ عْ ضِنْ | بعض کی طرف | ب ع ض | بَعض اَوقات، بَعض دَفعہ، بَعض النّاس |

جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ

ہم نے ہر نبی کے دشمن بہت سے شیطان پیدا کئے تھے کچھ آدمی اور کچھ جنّ، جن میں سے بعض بعضوں کو چکنی چپڑی باتوں کا وسوسہ ڈالتے رہتے تھے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | زُخْرُفَ | زُ خْ رُ فَ | ملمع کی ہوئی | ز خ ر ف | |
| | الْقَوْلِ | لْ قَا وْ لِ | بات | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | غُرُوْرًا ط | غُ رُ وْ رَا | دھوکا دینے کے لئے | غ ر ر | غُرور، بیع غرر، مغرور آدمی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَلَوْ شَآءَ | وَ لَا وْ شَا ... ءَ | اور اگر چاہتا | ش ی ء | اِن شاءَاللہ، مَاشاءَاللہ، مَشیتِ اِلٰہی |
| | رَبُّكَ | رَ ب بُ کَ | آپ کا رب | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | مَا فَعَلُوْهُ | مَا فَ عَ لُوْ هُ | تو وہ نہ کرتے یہ (کام) | ف ع ل | فِعل، اَفعال، فَاعِل، مَفعُول |
| | فَذَرْهُمْ | فَ ذَرْ هُمْ | چنانچہ آپ چھوڑ دیجئے ان کو | و ذ ر | |
| | وَمَا | وَ مَا | اور جو | | |
| | يَفْتَرُوْنَ ١١٢ | يَفْ تَ رُوْ نَ | وہ جھوٹ گھڑتے ہیں | ف ر ی | مُفتَری (بُہتان طراز)، اِفتراء پردازی، کِذب و اِفتراء، مُفتَری لوگ |

زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ۭ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ١١٢

تاکہ ان کو دھوکہ میں ڈال دیں اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو یہ ایسے کام نہ کر سکتے سو ان لوگوں کو اور جو کچھ یہ افترا پردازی کر رہے ہیں اس کو آپ رہنے دیجئے ١١٢

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١١٣ | وَلِتَصْغٰٓى | وَ لِ تَ صْ غَا.. | اور تاکہ مائل ہو جائیں | ص غ ی | |
| | اِلَيْهِ | اِ لَا یْ هِ | اس (جھوٹ) کی طرف | | |
| | اَفْـِٕدَةُ | اَفْ ءِ دَ تُ | دل | ف ء د | محمد فُؤاد (نام)، فُؤاد عبدُالباقی (مصنف) |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِیْ نَ | ان لوگوں کے جو | | |
| | لَا يُؤْمِنُوْنَ | لَا یُ x ءمِ نُوْ نَ | ایمان نہیں لاتے | ء م ن | اَمن و اَمان، مُومن، اِیمان |
| | بِالْاٰخِرَةِ | بِلْ آ خِ رَ ةِ | آخرت پر | ء خ ر | آخرت، اَخیر، آخر، آخری |
| | وَلِيَرْضَوْهُ | وَ لِ یَرْ ضَا وْ هُ | اور تاکہ وہ راضی ہوں اس (جھوٹ) سے | ر ض و | رَضامندی، اللہ کی رَضا، تسلیم و رَضا |
| | وَلِيَقْتَرِفُوْا | وَ لِ یَقْ تَ رِ فُوْ | اور تاکہ کرتے رہیں (بُرے کام) | ق ر ف | |
| | مَا | مَا | جو | | |

وَلِتَصْغٰٓى اِلَيْهِ اَفْـِٕدَةُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَلِيَرْضَوْهُ وَلِيَقْتَرِفُوْا مَا

اور تاکہ اسکی طرف ان لوگوں کے قلوب مائل ہو جائیں جو آخرت پر یقین نہیں رکھتے اور تاکہ اس کو پسند کرلیں اور تاکہ مرتکب ہو جائیں ان امور

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هُمْ | هُمْ | وہ | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُّقْتَرِفُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ | مُقْ تَ رِفُوْن | کر رہے ہیں | ق ر ف | |
| ۱۱۴ | اَفَغَيْرَ | اَفَ غَائِ رَ | کیا پھر سوا | غ ی ر | غیر آدمی، غیرُ اللہ، اِسکے بغیر |
| | اللّٰهِ | ل لاَ ہِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | اَبْتَغِيْ | اَبْ تَ غِیْ | میں تلاش کروں | ب غ ی | |
| | حَكَمًا | حَ کَ مَاؤں | کوئی حاکم؟ | ح ك م | حُکّام، مَحکمۂ عدل، حاکم، حَکَم، تَحَکُّم |
| | وَّ | وَ | حالانکہ | | |
| | هُوَ | ہُ وَ | وہی ہے | | |
| | الَّذِيْٓ | ل لَ ذِیْ.. | جس نے | | |
| | اَنْزَلَ | اَنْ زَ لَ | نازل کی | ن ز ل | نازِل، نُزول، نازِلہ، مَنازِل |
| | اِلَيْكُمُ | اِلاَئِ کُ مُ | تمہاری طرف | | |
| | الْكِتٰبَ | لْ کِ تا بَ | یہ کتاب | ك ت ب | کِتاب، حِکمت، مَکتوب، کِتابَت |

هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ

کے جن کے وہ مرتکب ہوتے تھے ﴿۱۱۳﴾ تو کیا اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور فیصلہ کرنے والے کو تلاش کروں حالانکہ وہ ایسا ہے کہ اس نے ایک کتاب

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُفَصَّلًا ط | مُ فَ صْ صَ لاَ | مفصل؟ | ف ص ل | مُفَصَّل بیان، تفصیلی خطاب، تفصیلات |
| | وَالَّذِيْنَ | وَل لَ ذِیْ نَ | اور وہ لوگ کہ | | |
| | اٰتَيْنٰهُمُ | آ تَائِ نَا ہُمْ | ہم نے انہیں دی | ء ت ی | |
| | الْكِتٰبَ | لْ کِ تا بَ | کتاب | ك ت ب | کِتاب، حِکمت، مَکتوب، کِتابَت |
| | يَعْلَمُوْنَ | یَ عْ لَ مُوْنَ | وہ جانتے ہیں | ع ل م | عِلْم، تعلیم، مُعَلِّم، مَعلوم، علاّمہ |
| | اَنَّهٗ | اَن نَ ہُوْ | (اس بات کو) کہ بلاشبہ وہ | | |
| | مُنَزَّلٌ | مُ نَ زْ زَ لُ | نازل کی ہوئی ہے | ن ز ل | نازِل، نُزول، نازِلہ، مَنازِل |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنْ رَّبِّكَ | م م ر ر ب بِ کَ | آپ کے رب کی طرف سے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالَمین رَبّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحمّد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | بِالْحَقِّ | بِلْ حَق قِ | حق کے ساتھ | ح ق ق | حَق، حُقوق، حَق بات، حَقیقت |

مُفَصَّلًا ؕ وَالَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ

کامل تمہارے پاس بھیج دی ہے، اسکے مضامین خوب صاف صاف بیان کئے گئے ہیں اور جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ اس بات کو یقین کیساتھ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَلَا تَكُوْنَنَّ | فَ لَا تَ کُو نَن نَ | لہٰذا آپ ہرگز نہ ہوں | ك و ن | |
| | مِنَ الْمُمْتَرِیْنَ ﴿۱۱۴﴾ | مِنَ لْ مُمْ تَ رِیْن | شک کرنے والوں میں سے | م ر ی | |
| ۱۱۵ | وَتَمَّتْ | وَ تَم مَتْ | اور مکمل ہوگئی | ت م م | تمام، تَمَّت بِالخیر، اِتمامِ حُجّت |
| | كَلِمَتُ | کَ لِ مَ تُ | بات | ك ل م | کَلِمہ طَیبہ، کَلامُ اللہ، کَلیمُ اللہ |
| | رَبِّكَ | رَب بِ کَ | آپ کے رب کی | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالَمین رَبّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحمّد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | صِدْقًا | صِدْ قَا ؤں | سچائی کے لحاظ سے | ص د ق | صادِق، صَدیق، مُصَدِّق، صِدق |
| | وَّعَدْلًا ؕ | وَ عَدْ لَا | اور عدل کے لحاظ سے | ع د ل | عادِل، عَدالت، نظامِ عدل |
| | لَا مُبَدِّلَ | لَا مُ بَد دِلَ | کوئی تبدیل کرنے والا نہیں | ب د ل | بَدلہ، تَبدِیل، تبادلہ خیال |

فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِیْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا ؕ لَا مُبَدِّلَ

جانتے ہیں کہ یہ آپکے رب کی طرف سے حق کیساتھ بھیجی گئی، سو آپ شبہ کرنیوالوں میں سے نہ ہوں ﴿۱۱۴﴾ آپکے رب کا کلام سچائی اور انصاف کے اعتبار سے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِكَلِمٰتِهٖ ج | لِ کَ لِ مَا تِ ہٖ | اس کی باتوں کو | ك ل م | کَلِمہ طَیبہ، کَلامُ اللہ، کَلیمُ اللہ |
| | وَهُوَ السَّمِیْعُ | وَ ہُ وَ س سَ مِیْ عُ | اور وہ خوب سننے والا | س م ع | سامِع، قُوتِ سَماعت، آلہ سَماعت |
| | الْعَلِیْمُ ﴿۱۱۵﴾ | لْ عَ لِیْ مُ | خوب جاننے والا ہے | ع ل م | عِلم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، علّامہ |
| ۱۱۶ | وَاِنْ تُطِعْ | وَ اِنْ تُ طِ عْ | اور اگر آپ اطاعت کریں | ط و ع | اِطاعت رَسُول، اِطاعت گُزار، مُطیع |
| | اَكْثَرَ | اَ کْ ثَ رَ | اکثر کی | ك ث ر | خیرِ کَثیر، کَثرت، اَکثر، کَثیر لوگ |
| | مَنْ | مَنْ | ان میں سے جو | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِي الْاَرْضِ | فِ لْ اَ رْ ضِ | زمین میں ہیں | ء ر ض | ارض وسماء، کُرۂ ارض، ارضِ مقدس |
| | يُضِلُّوْكَ | يُ ضِ لْ لُوْ كَ | تو وہ بہکا دیں گے آپ کو | ض ل ل | ضلالت (گمراہی)، ضلالت وگمراہی |

لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿١١٥﴾ وَاِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِي الْاَرْضِ يُضِلُّوْكَ

کامل ہے، اسکے کلام کا کوئی بدلنے والا نہیں اور وہ خوب سننے والا اور خوب جاننے والا ہے ﴿١١٥﴾ اور دنیا میں زیادہ لوگ ایسے ہیں کہ اگر آپ ان کا کہنا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَنْ سَبِيْلِ | عَنْ سَ بِيْ لِ | راستے سے | س ب ل | سَبیل، سُبُل، فی سَبیلِ اللہ |
| | اللّٰهِ ۭ | ل لَا هْ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلہہ، اِلٰہ العالمین |
| | اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ | اِ يْ يَتْ تَ بِ عُوْ نَ | نہیں پیروی کرتے وہ | ت ب ع | تابعدار، تابع فرماں، اِتّباع |
| | اِلَّا | اِلْ لَ | مگر | | اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا قلیل |
| | الظَّنَّ | ظْ ظَنْ نَ | (اپنے) گمان کی | ظ ن ن | حُسنِ ظنّ، سوءِ ظنّ، بدظنّ |
| | وَاِنْ هُمْ | وَاِنْ هُمْ | اور نہیں ہیں وہ | | |
| | اِلَّا | اِلْ لَا | مگر | | اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا قلیل |
| | يَخْرُصُوْنَ ﴿١١٦﴾ | يَ خْ رُ صُوْ نَ | اٹکل کے پچو لگاتے | خ ر ص | |
| 117 | اِنَّ | اِنْ نَ | یقیناً | | |
| | رَبَّكَ | رَبْ بَ كَ | آپ کا رب | ر ب ب | ارباب، مُربّی، ربُّ العالمین، ربّانی، ربِّ کعبہ، ربِّ محمد ﷺ |
| | هُوَ | هُ وَ | وہ | | |

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿١١٦﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ

ماننے لگیں تو وہ آپ کو اللہ تعالیٰ کی راہ سے بے راہ کر دیں وہ محض بے اصل خیالات پر چلتے ہیں اور بالکل قیاسی باتیں کرتے ہیں ﴿١١٦﴾ بالیقین آپ کا رب

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَعْلَمُ | اَ عْ لَ مُ | خوب جانتا ہے | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلّم، معلوم، علّامہ |
| | مَنْ | مَا يْيْ | اس کو جو | | |
| | يَّضِلُّ | يَ ضِلْ لُ | گمراہ ہوتا ہے | ض ل ل | ضلالت (گمراہی)، ضلالت وگمراہی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ | عَنْ سَ بِیْ لِ ہٖ | اس کی راہ سے | س ب ل | سَبِیل، سُبُل، فِی سَبِیلِ اللہ |
| | وَهُوَ | وَ ہُ وَ | اور وہ | | |
| | اَعْلَمُ | اَ عْ لَ مُ | خوب جانتا ہے | ع ل م | عِلْم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلّامَہ |
| | بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿١١٧﴾ | بِلْ مُ ہْ تَ دِ یْنَ | ہدایت یافتہ (لوگوں) کو | ھ د ی | ہَادِیٔ عَالَم، ہَادِیٔ برحق، ہِدَایت |
| ١١٨ | فَكُلُوْا | فَ کُ لُوْ | پس تم کھاؤ | ء ك ل | اَکلِ حلال، مَاکُول، مَاکُولات |
| | مِمَّا | مِمْ مَا | اس (جانور) میں سے کہ | | |
| | ذُكِرَ | ذُ کِ رَ | ذکر کیا گیا ہو | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذَاکِر، مَذکُور، ذِکرِ الٰہی |
| | اسْمُ | سْ مُ | نام | س م و | اِسمِ گرامی، اَسماء، مُسَمّٰی، مُسَمّاۃ |
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ کا | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |

اَعْلَمُ مَنْ يَّضِلُّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿١١٧﴾ فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ

ان کو خوب جانتا ہے جو اسکی راہ سے بے راہ ہو جاتے ہیں۔ اور وہ ان کو بھی خوب جانتا ہے جو اسکی راہ پر چلتے ہیں ﴿١١٧﴾ سو جس جانور پر اللہ تعالیٰ کا نام لیا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَيْهِ | عَ لَا یْ ہِ | اس پر | | |
| | اِنْ كُنْتُمْ | اِنْ کُنْ تُمْ | اگر ہو تم | ك و ن | |
| | بِاٰيٰتِهٖ | بِ آ یا تِ ہٖ | اس کی آیتوں پر | ء ی ی | آیتِ قرآنی، آیۃ الکرسی آیتِ کریمہ |
| | مُؤْمِنِيْنَ ﴿١١٨﴾ | مُ x مِ نِیْ نَ | ایمان لانے والے | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمِن، اِیمان |
| ١١٩ | وَمَا لَكُمْ | وَ مَا لَ کُمْ | اور کیا ہے تمہیں | | |
| | اَلَّا تَاْكُلُوْا | اَل لَا تَ x کُ لُوْ | کہ تم نہ کھاؤ | ء ك ل | اَکلِ حلال، مَاکُول، مَاکُولات |
| | مِمَّا | مِمْ مَا | (اس جانور) میں سے کہ | | |
| | ذُكِرَ | ذُ کِ رَ | ذکر کیا گیا ہے | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذَاکِر، مَذکُور، ذِکرِ الٰہی |
| | اسْمُ | سْ مُ | نام | س م و | اِسمِ گرامی، اَسماء، مُسَمّٰی، مُسَمّاۃ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ کا | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |

عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ وَمَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ

جائے اس میں سے کھاؤ! اگر تم اسکے احکام پر ایمان رکھتے ہو ﴿۱۱۸﴾ اور آخر کیا وجہ ہے کہ تم ایسے جانور میں سے نہ کھاؤ جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو حالانکہ اللہ تعالیٰ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَيْهِ | عَ لَا ئِ ہِ | اس پر؟ | | |
| | وَقَدْ | وَ قَ دْ | حالانکہ تحقیق | | |
| | فَصَّلَ | فَ صْ صَ لَ | اس نے واضح کردیا ہے | ف ص ل | مُفَصَّل بَیان، تَفصِیلی خِطاب، تَفصِیلات |
| | لَكُمْ | لَ كُمْ | تمہارے لئے | | |
| | مَّا حَرَّمَ | مَا حَ رْ رَ مَ | جو اس نے حرام کیا ہے | ح ر م | حَرام، حلال و حَرام، لُقمہ حَرام |
| | عَلَيْكُمْ | عَ لَا ئِ كُمْ | تم پر | | |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلّا ما شاءَ اللہ، اِلّا قلیل |
| | مَا | مَ | وہ کہ | | |
| | اضْطُرِرْتُمْ | ضْ طُ رِ رْ تُمْ | تم مجبور کردیئے جاؤ | ض ر ر | اِضطِرار، مُضطَر (لاچار)، اِضطِراری کیفیّت |
| | اِلَيْهِ ط | اِ لَا ئِ ہِ | اس (کے کھانے) پر؟ | | |
| | وَاِنَّ | وَ اِن نَ | اور بلا شبہ | | |
| | كَثِيْرًا | كَ ثِ يْ رَ | اکثر لوگ | ك ث ر | خیرِ کَثیر، کَثرت، اَکثر، کَثیر لوگ |

عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ اِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ اِلَيْهِ ط وَاِنَّ كَثِيْرًا

نے ان سب جانوروں کی تفصیل بتادی ہے جن کو تم پر حرام کیا ہے، مگر وہ بھی جب تم کو سخت ضرورت پڑ جائے تو حلال ہے اور یہ یقینی بات ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَّيُضِلُّوْنَ | ل لَ يُ ضِل لُوْ نَ | یقیناً گمراہ کرتے ہیں (لوگوں کو) | ض ل ل | ضَلالت (گمراہی)، ضَلالت و گُمراہی |
| | بِاَهْوَآئِهِمْ | بِ اَ ہْ وَ ا ... ءِ ہِمْ | اپنی خواہشات سے | ھ و ی | ہَوائے نَفس، ہَوا و ہَوس |
| | بِغَيْرِ | بِ غَا ئِ رِ | بغیر | غ ی ر | غیر آدمی، غیرُ اللہ، اِسکے بغیر |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عِلْمٍ ط | عِ لْ مِ | علم کے | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلّم، معلوم، علاّمہ |
| | اِنَّ رَبَّكَ | اِن نَ رَب بَ کَ | بے شک آپ کا رب | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمّد ﷺ |
| | هُوَ اَعْلَمُ | ہُ وَ اَعْ لَ مُ | وہ خوب جانتا ہے | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلّم، معلوم، علاّمہ |
| | بِالْمُعْتَدِيْنَ ﴿١١٩﴾ | بِلْ مُعْ تَ دِیْ نَ | حد سے گزرنے والوں کو | ع د و | عُدوان، تعدّی، مُتعدّی اَمراض |
| ١٢٠ | وَذَرُوْا | وَ ذَ رُوْ | اور تم چھوڑ دو | و ذ ر | |

لَّيُضِلُّوْنَ بِاَهْوَآئِهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ط اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِيْنَ ﴿١١٩﴾ وَذَرُوْا

کہ بہت سے آدمی اپنے خیالات پر بلا کسی سند کے گمراہ کرتے ہیں، اس میں کوئی شبہ نہیں کہ اللہ تعالیٰ حد سے نکل جانے والوں کو خوب جانتا ہے ﴿١١٩﴾ اور تم

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ظَاهِرَ | ظَا ہِ رَ | ظاہر | ظ ھ ر | ظاہر، مُظاہرہ، مَظہر، ظاہر و باطن |
| | الْاِثْمِ | لْ اِثْ مِ | گناہ | ء ث م | رَاقِم آثِم، بندۂ آثِم |
| | وَبَاطِنَهٗ ط | وَ بَا طِ نَ ہٗ | اور پوشیدہ گناہ | ب ط ن | بطنِ مریم، بطنِ مادر، ظاہر و باطن |
| | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِیْ نَ | جو لوگ | | |
| | يَكْسِبُوْنَ | یَ کْ سِ بُوْ نَ | کماتے ہیں | ك س ب | کسبِ کثیر، کسبِ حلال، کسبِ فیض |
| | الْاِثْمَ | لْ اِثْ مَ | گناہ | ء ث م | رَاقِم آثِم، بندۂ آثِم |
| | سَيُجْزَوْنَ | سَ یُ جْ زَ وْ نَ | عنقریب وہ جزا دیئے جائیں گے | ج ز ی | جزا و سزا، جزائے خیر جزاک اللہ (اللہ تجھ کو جزا دے) |
| | بِمَا | بِ مَا | اس کی جو | | |
| | كَانُوْا | کَا نُوْ | وہ تھے | ك و ن | |

ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ط اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوْا

ظاہری گناہ کو بھی چھوڑ دو اور باطنی گناہ کو بھی چھوڑ دو، بلاشبہ جو لوگ گناہ کر رہے ہیں ان کو ان کے کئے کی عنقریب

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَقْتَرِفُوْنَ ﴿١٢٠﴾ | یَ قْ تَ رِ فُوْ نَ | (گناہ) کرتے | ق ر ف | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٢١ | وَلَا تَاْكُلُوْا | وَ لَا تَ x کُ لُوْ | اور تم مت کھاؤ | ء ك ل | اَکْلِ حلال، مَاکُول، مَاکُولات |
| | مِمَّا لَمْ | مِم مَا لَمْ | اس (جانور) میں سے کہ | | |
| | يُذْكَرِ | یُ ذْ کَ رِ | نہیں ذکر کیا گیا | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذَاکِر، مَذکُور، ذِکرِ الٰہی |
| | اسْمُ | سْ مُ | نام | س م و | اِسمِ گرامی، اَسماء، مُسمّٰی، مُسمّاۃ |
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ کا | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالمین |
| | عَلَيْهِ | عَ لَا یْ ہِ | اس پر | | |
| | وَاِنَّهٗ | وَ اِن نَ ہُوْ | اور بلاشبہ وہ (کھانا) | | |
| | لَفِسْقٌ ط | لَ فِس قُ | یقیناً فسق ہے | ف س ق | فِسق و فُجُور، فَاسِق و فاجِر، فُجّار |
| | وَاِنَّ | وَ اِن نَ | اور بلاشبہ | | |

يَقْتَرِفُوْنَ ﴿١٢٠﴾ وَلَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَاِنَّهٗ لَفِسْقٌ ط وَاِنَّ

سزا ملے گی ﴿١٢٠﴾ اور ایسے جانوروں میں سے مت کھاؤ جن پر اللہ تعالیٰ کا نام نہ لیا گیا ہو اور یہ کام نافرمانی کا ہے اور یقیناً

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الشَّيٰطِيْنَ | ش شَ یَا طِیْ نَ | شیطان | ش ط ن | شَیطانی خیال، شَیطانی وَسوَسے |
| | لَيُوْحُوْنَ | لَ یُوْحُوْنَ | یقیناً دلوں میں باتیں ڈالتے ہیں | و ح ی | وَحی مَتلُو، وَحی غیر مَتلُو، وَحی کا آنا |
| | اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِهِمْ | اِلَا.. اَوْ لِ یَا ... ءِ ہِمْ | اپنے دوستوں کے | و ل ی | وَلِیُّ اللہ، وَلَایت، اَولیاءِ کِرام |
| | لِيُجَادِلُوْكُمْ ج | لِ یُ جَا دِ لُوْ کُمْ | کہ وہ تم سے جھگڑا کریں | ج د ل | جَنگ و جَدَل، مُجادَلہ، سُورۃُ المُجادَلہ |
| | وَاِنْ | وَ اِنْ | اور اگر | | |
| | اَطَعْتُمُوْهُمْ | اَ طَ عْ تُ مُوْ ہُمْ | تم نے ان کی اطاعت کی | ط و ع | اِطاعت گزار، مُطیع ہونا، اِطاعت |
| | اِنَّكُمْ | اِن نَ کُمْ | تو یقیناً تم بھی | | |

الشَّيٰطِيْنَ لَيُوْحُوْنَ اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِهِمْ لِيُجَادِلُوْكُمْ ج وَاِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ اِنَّكُمْ

شیاطین اپنے دوستوں کے دل میں ڈالتے ہیں تا کہ یہ تم سے جدال کریں اور تم ان لوگوں کی اطاعت کرنے لگو تو یقیناً تم

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَمُشْرِكُوْنَ ع ﴿١٢١﴾ | لَ مُشْ رِ کُوْ نَ | بلاشبہ مشرک ہوگے | ش ر ك | شِرک، مُشرِک، مُشرِکین، شُرَکَاء |
| ١٢٢ | اَوَ | اَ وَ | کیا اور | | |
| | مَنْ كَانَ | مَنْ کَا نَ | وہ شخص جو تھا | ك و ن | |
| | مَيْتًا | مَ ئِ تَن | مُردہ | م و ت | مَوت، اَموات، حَیات وممات |
| | فَاَحْيَيْنٰهُ | فَ اَحْ یَ ئِی نَا هُ | پھر ہم نے اسے زندہ کیا | ح ی ی | حَیاتِ جاوِدانی، حَیٌّ قَیُّوم حَیاتِ طَیِّبہ، جنگلی حَیات |
| | وَجَعَلْنَا | وَ جَ عَلْ نَا | اور ہم نے بنا دیا | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغذات |
| | لَهٗ | لَ هُوْ | اس کے لئے | | |
| | نُوْرًا | نُوْ رَا ئِں | ایسا نور کہ | ن و ر | نُور، اَنوار، مُنوَّر ہونا، اَنوارِ الٰہی |
| | يَّمْشِيْ | یَمْ شِی | وہ چلتا ہے | م ش ی | |
| | بِهٖ | بِ ہِیْ | اس کے ساتھ | | |
| | فِي النَّاسِ | فِن نَا سِ | لوگوں میں | ن و س | خَیرُ النَّاس، عامّۃُ النَّاس، عوامُ النَّاس |

ع ١٤ ١١ ١

**لَمُشْرِكُوْنَ ع ﴿١٢١﴾ اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِي النَّاسِ**

مشرک ہوجاؤ گے ﴿١٢١﴾ ایسا شخص جو پہلے مُردہ تھا پھر ہم نے اس کو زندہ کر دیا اور ہم نے اس کو ایک ایسا نور دے دیا کہ وہ اس کو لئے ہوئے آدمیوں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كَمَنْ مَّثَلُهٗ | کَ مَم مَ ثَ لُ هُوْ | اس شخص جیسا ہوسکتا ہے جس کا حال یہ ہے کہ (وہ) | م ث ل | مِثال، مِثل، اَمثِلہ، تَمثِیل |
| | فِي الظُّلُمٰتِ | فِ ظْ ظُ لُ مَا تِ | اندھیروں میں ہے | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالِمین |
| | لَيْسَ | لَا ئِیْ سَ | نہیں | | |
| | بِخَارِجٍ | بِ خَا رِ جِ م | وہ نکلتا | خ ر ج | خارِج، وزارتِ خارجہ مَخرَج، خُروج |
| | مِّنْهَا ط | مِنْ هَا | ان سے؟ | | |
| | كَذٰلِكَ | کَ ذَا لِ کَ | اسی طرح | | |
| | زُيِّنَ | زُ یْ یِ نَ | مزین کئے گئے | ز ی ن | زَینُ العَابِدِین، مُزَیَّن، زِینت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِلْكٰفِرِيْنَ | لِلْ كَا فِ رِيْنَ | کافروں کے لئے | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّار، تکفیر، کُفرانِ نعمت |
| | مَا كَانُوْا | مَا كَا نُوْ | وہ کام جو تھے | ك و ن | |

كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِى الظُّلُمٰتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكٰفِرِيْنَ مَا كَانُوْا

میں چلتا پھرتا ہے، کیا ایسا شخص اس شخص کی طرح ہوسکتا ہے؟ جو تاریکیوں سے نکل ہی نہیں پاتا، اسی طرح کافروں کو ان کے اعمال

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ | يَ عْ مَ لُوْ نَ | وہ کیا کرتے | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامِل، مَعمول |
| ۱۲۳ | وَكَذٰلِكَ | وَ كَ ذَا لِ كَ | اور اسی طرح | | |
| | جَعَلْنَا | جَ عَلْ نَا | ہم نے بنا دیا | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ جَعلی مُقابلہ، جَعلی کا غذات |
| | فِىْ كُلِّ | فِىْ كُل لِ | میں ہر | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | قَرْيَةٍ | قَرْ يَ تِنْ | بستی | ق ر ى | قریہ قریہ بستی بستی |
| | اَكٰبِرَ | اَ كَا بِ رَ | بڑے لوگوں کو | ك ب ر | کِبَر، اَکبر، کُبریٰ، کَبیر، تکبُّر |
| | مُجْرِمِيْهَا | مُ جْ رِ مِىْ هَا | جرائم پیشہ اس (بستی) کا | ج ر م | جُرم، مُجرم، فَردِ جُرم |
| | لِيَمْكُرُوْا فِيْهَا ؕ | لِ يَمْ كُ رُوْ فِىْ هَا | تاکہ وہ مکروفریب کریں اس میں | م ك ر | مکروفریب، مَاکِر آدمی |
| | وَمَا | وَ مَا | اور نہیں | | |

يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا فِىْ كُلِّ قَرْيَةٍ اَكٰبِرَ مُجْرِمِيْهَا لِيَمْكُرُوْا فِيْهَا ؕ وَمَا

خوش نما معلوم ہوا کرتے ہیں ﴿۱۲۲﴾ اور اسی طرح ہم نے ہر بستی میں وہاں کے رئیسوں ہی کو جرائم کا مرتکب بنایا تاکہ وہ لوگ وہاں فریب کریں،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَمْكُرُوْنَ | يَ مْ كُ رُوْ نَ | وہ مکروفریب کرتے | م ك ر | مکروفریب، مَاکِر آدمی |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا قلیل |
| | بِاَنْفُسِهِمْ | بِ اَنْ فُ سِ هِمْ | اپنے آپ ہی سے | ن ف س | نفسانی خیال، نَفس، نُفُوس، تنفّس |
| | وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ | وَ مَا يَشْ عُ رُوْ نَ | اور نہیں وہ شعور رکھتے | ش ع ر | شُعوری طور پر، لَاشُعوری طور پر |
| ۱۲۴ | وَاِذَا | وَ اِ ذَا | اور جب | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | جَآءَتۡهُمۡ | جَا... ءَ تۡ هُمۡ | آتی ہے ان کے پاس | ج ی ء | |
| | اٰيَةٌ | آ یَ تُنۡ | کوئی نشانی | ء ی ی | آیتِ قرآنی، آیۃُ الکرسی آیتِ کریمہ |
| | قَالُوۡا | قَا لُوۡ | تو کہتے ہیں: | ق و ل | قَول و قرار، اقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | لَنۡ نُّؤۡمِنَ | لَنۡ نُ x مِ نَ | ہرگز ہم ایمان نہیں لائیں گے | ء م ن | اَمن و اَمان، مُؤمن، ایمان |

يَمۡكُرُوۡنَ اِلَّا بِاَنۡفُسِهِمۡ وَمَا يَشۡعُرُوۡنَ ﴿۱۲۳﴾ وَاِذَا جَآءَتۡهُمۡ اٰيَةٌ قَالُوۡا لَنۡ نُّؤۡمِنَ

اور وہ لوگ اپنے ہی ساتھ فریب کر رہے ہیں اور ان کو ذرا خبر نہیں ﴿۱۲۳﴾ اور جب ان کو کوئی آیت پہنچتی ہے تو یوں کہتے ہیں کہ ہم ہرگز ایمان نہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | حَتّٰى | حَت تا | حتیٰ کہ | | حَتَّی الاِمکان، حَتّٰی کہ |
| | نُؤۡتٰى | نُ x تا | ہم دیئے جائیں | ء ت ی | |
| | مِثۡلَ | مِ ثۡ لَ | مثل | م ث ل | مِثال، مِثل، اَمثلہ، تَمثیل |
| | مَاۤ | مَا.. | اس کی جو | | |
| | اُوۡتِىَ | اُوۡ تِ یَ | دیئے گئے | ء ت ی | |
| | رُسُلُ | رُ سُ لُ | رسول | ر س ل | رَسول، رَسالت، مُرسَل، تَرسیل |
| | اللّٰهِ ؔ ط | ل لَا هِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | اَللّٰهُ | اَل لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | اَعۡلَمُ | اَ عۡ لَ مُ | خوب جانتا ہے | ع ل م | عِلم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلوم، علّامہ |
| | حَيۡثُ | حَائۡ ثُ | جہاں | ح ی ث | مِن حیثُ القوم، بَحَیثیَّت |
| | يَجۡعَلُ | یَ جۡ عَ لُ | وہ رکھتا ہے | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغذات |
| | رِسَالَتَهٗ ط | رِ سَا لَ تَ هٗ | اپنی رسالت | ر س ل | رَسول، رَسالت، مُرسَل، تَرسیل |

وقف منزل حَتّٰى نُؤۡتٰى مِثۡلَ مَاۤ اُوۡتِىَ رُسُلُ اللّٰهِ ؔ ط اَللّٰهُ اَعۡلَمُ حَيۡثُ يَجۡعَلُ رِسَالَتَهٗ ط وقف لازم

لائیں گے جب تک کہ ہم کو بھی ایسی ہی چیز نہ دی جائے جو اللہ تعالیٰ کے رسولوں کو دی جاتی ہے، اس موقع کو تو اللہ تعالیٰ ہی خوب جانتا ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | سَيُصِيْبُ | سَ ىُ صِیْ بُ | عنقریب پہنچے گی | ص و ب | مُصیبت،صَوَاب،صَائِب |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِیْ نَ | ان لوگوں کو جنھوں نے | | |
| | اَجْرَمُوْا | اَجْ رَمُوْ | جرم کئے | ج ر م | جُرم،مُجرم،فَردِجُرم |
| | صَغَارٌ | صَ غَا رُنْ | بہت بڑی ذلت | ص غ ر | صَغِیرہ گُناہ،صَغیروکَبیر،صِغرسِنی |
| | عِنْدَ | عِنْ دَ | ہاں | ع ن د | عِندَاللہ مَاجُور ہوں،عِندَالطَّلَب |
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ،اِلٰہی،آلِہَہ،اِلٰہُ العالَمِین |
| | وَعَذَابٌ | وَ عَ ذَا بُنْ | اور عذاب | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی،عَذابِ جَہنّم عَذابِ آخرت |
| | شَدِيْدٌۢ | شَ دِیْ دُمْ | انتہائی سخت | ش د د | شَدِید،شِدّت،اَشَدضُروری |
| | بِمَا | بِ مَا | اس وجہ سے جو | | |
| | كَانُوْا | کَ انُوْ | وہ تھے | ك و ن | |

سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا صَغَارٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعَذَابٌ شَدِيْدٌۢ بِمَا كَانُوْا

کہ کہاں وہ اپنی پیغمبری رکھے؟ عنقریب ان لوگوں کو جنہوں نے جرم کیا ہے اللہ تعالیٰ کے پاس پہنچ کر ذلّت پہنچے گی اور

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَمْكُرُوْنَ ﴿١٢٤﴾ | یَمْ کُ رُوْ نَ | مکروفریب کرتے | م ك ر | مَکروفَریب،مَاکِر آدمی |
| ۱۲۵ | فَمَنْ | فَ مَا ئِیْنْ | پھر جسے | | |
| | يُّرِدِ | ىُ رِ دِ | چاہتا ہے | ر و د | پختہ اِرادہ،مُرِید صادِق،مُرادِرَسُول |
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ،اِلٰہی،آلِہَہ،اِلٰہُ العالَمِین |
| | اَنْ يَّهْدِيَهٗ | اَ ئِیْنْ یَ ہْ دِ یَ ہُوْ | کہ اسے ہدایت دے | ھ د ی | ہَادِیِ عَالَم،ہَادِیِ بَرحَق،ہِدَایت |
| | يَشْرَحْ | یَشْ رَحْ | تو کھول دیتا ہے | ش ر ح | شَرحِ صَدر،شَارِح،تَشرِیح |
| | صَدْرَهٗ | صَدْ رَ ہُوْ | اس کا سینہ | ص د ر | صَدر،صُدُور،شَرحِ صَدر |
| | لِلْاِسْلَامِ ۚ | لِلْ اِسْ لَا مِ | اسلام کے لئے | س ل م | اِسلام،مُسلِم،مُسلمان،سَلامتی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَمَنْ يُّرِدْ | وَ مَا ئِيْنْ يُ رِدْ | اور جسے وہ چاہتا ہے | ر و د | پختہ اِرادہ، مُرِید صادِق، مُرادِ رسُول |

## يَمْكُرُوْنَ ﴿١٢٤﴾ فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ ۚ وَمَنْ يُّرِدْ

ان کی شرارتوں کے مقابلے میں سزائے سخت ﴿١٢٤﴾ سو جس شخص کو اللہ تعالیٰ راستہ پر ڈالنا چاہے اس کے سینہ کو اسلام کے لئے کشادہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنْ يُّضِلَّهٗ | آ ئِيْنْ يُ ضِلْ لَ هُوْ | کہ اسے گمراہ کرے | ض ل ل | ضَلالَت (گُمراہی)، ضَلالَت وگُمراہی |
| | يَجْعَلْ | يَجْ عَ لْ | تو کر دیتا ہے | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغِذات |
| | صَدْرَهٗ | صَدْ رَ هُوْ | اس کا سینہ | ص د ر | صَدر، صُدُور، شَرح صَدر |
| | ضَيِّقًا | ضَا ئِ يِ قَنْ | تنگ | ض ی ق | ضِیقُ النَّفس، ضِیقُ الصَّدر (سانس کی تنگی) (سینہ کی تنگی) |
| | حَرَجًا | حَ رَ جَنْ | انتہائی تنگ | ح ر ج | لاحَرَج، کوئی حرَج نہیں |
| | كَاَنَّمَا | كَ اَنْ نَ مَا | گویا کہ | | |
| | يَصَّعَّدُ | يَصْ صَعْ عَ دُ | وہ مشکل سے چڑھ رہا ہے | ص ع د | تَرتیبِ صَعُودی، صَعُود (چڑھنا) |
| | فِي السَّمَآءِ ۭ | فِسْ سَ مَا ... ءِ | آسمان میں | س م و | اِسمِ گرامی، اَسماء، مُسمّٰی، مُسمّاۃ |
| | كَذٰلِكَ | كَ ذَا لِ كَ | اسی طرح | | |

## اَنْ يُّضِلَّهٗ يَجْعَلْ صَدْرَهٗ ضَيِّقًا حَرَجًا كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَآءِ ۭ كَذٰلِكَ

کر دیتا ہے اور جس کو بے راہ رکھنا چاہے اس کے سینہ کو بہت تنگ کر دیتا ہے جیسے کوئی آسمان میں چڑھتا ہے، اسی طرح

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَجْعَلُ | يَجْ عَ لُ | ڈال دیتا ہے | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغِذات |
| | اللّٰهُ | لْ لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | الرِّجْسَ | رْ رِجْ سَ | پلیدی | ر ج س | |
| | عَلَى الَّذِيْنَ | عَ لَلْ لَ ذِ يْ نَ | ان لوگوں پر جو | | |
| | لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٢٥﴾ | لَا يُ x مِ نُوْ نَ | ایمان نہیں لاتے | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، ایمان |
| ١٢٦ | وَهٰذَا | وَ هَا ذَا | اور یہ | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | صِرَاطُ | صِ رَا طُ | راستہ ہے | ص ر ط | پُل صِراط، صِراطِ مُستقیم (رسالہ کا نام) |
| | رَبِّكَ | رَب بِ کَ | آپ کے رب کا | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحمّد ﷺ |
| | مُسْتَقِيْمًا ؕ | مُس تَ قِی مَا | سیدھا | ق و م | اِستقامت فِی الدِّین، مُقیم، خطِ مُستقیم |

يَجْعَلُ اللّٰهُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٢٥﴾ وَهٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِيْمًا ؕ

اللہ تعالیٰ ایمان نہ لانے والوں پر ناپاکی مسلط کر دیتا ہے ﴿١٢٥﴾ اور یہی تیرے رب کا سیدھا راستہ ہے ہم نے نصیحت حاصل کرنے والوں کے واسطے ان

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قَدْ | قَ دْ | تحقیق | | |
| | فَصَّلْنَا | فَ ص صَل نَ | ہم نے کھول کر بیان کر دی ہیں | ف ص ل | مُفصَّل بیان، تفصیلی خطاب، تفصیلات |
| | الْاٰيٰتِ | لْ آ یا تِ | آیات | ء ی ی | آیتِ قُرآنی، آیۃُ الکُرسی آیتِ کریمہ |
| | لِقَوْمٍ | لِ قَا ؤ مِیں | ان لوگوں کے لئے | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ مُوسیٰ |
| | يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿١٢٦﴾ | یَذ ذَ ک کَ رُو ن | جو نصیحت حاصل کرتے ہیں | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذاکر، مَذکُور، ذِکرِ اِلٰہی |
| ١٢٧ | لَهُمْ | لَ ہُم | ان کے لئے | | |
| | دَارُ | دَا رُ | گھر ہے | د و ر | دار، دِیار، دَارِ فانی، دِیارِ غیر |
| | السَّلٰمِ | س سَ لَا مِ | سلامتی کا | س ل م | اِسلام، مُسلِم، مُسلمان، سَلامتی |
| | عِنْدَ | عِ نْ دَ | ہاں | ع ن د | عِندَ اللہ ماجُور ہوں، عِندَ الطَّلب |
| | رَبِّهِمْ | رَب بِ ہِم | ان کے رب کے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحمّد ﷺ |
| | وَهُوَ | وَ ہُ وَ | اور وہی | | |
| | وَلِيُّهُمْ | وَ لِی یُ ہُم | ان کا دوست ہے | و ل ی | وَلیُ اللہ، وِلَایت، اَولیاءِ کرام |

قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿١٢٦﴾ لَهُمْ دَارُ السَّلٰمِ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَهُوَ وَلِيُّهُمْ

آیتوں کو صاف صاف بیان کر دیا ﴿١٢٦﴾ ان لوگوں کے واسطے ان کے رب کے پاس سلامتی کا گھر ہے اور اللہ تعالیٰ ان سے محبت رکھتا ہے ان کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِمَا كَانُوْا | بِ مَا کَا نُو | اس وجہ سے جو | ك و ن | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَعْمَلُوْنَ ﴿١٢٧﴾ | یَ عْ مَ لُوْ نَ | وہ عمل کیا کرتے تھے | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |
| ١٢٨ | وَيَوْمَ | وَ یَا وْ مَ | اور جس دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | يَحْشُرُهُمْ | یَ حْ شُ رُ ہُمْ | وہ اکٹھا کرے گا | ح ش ر | حَشر کا دِن، حَاشِر، یومِ مَحشر، حَشر نَشر |
| | جَمِيْعًا ج | جَ مِیْ عَا | ان سب کو | ج م ع | جَمَاعت، جَمَاعتیں، مَجمَع، مَجمُوعہ |
| | يٰمَعْشَرَ | یَا مَعْ شَ رَ | (تو فرمائے گا:) اے گروہ! | ع ش ر | مُعاشَرہ، حُسنِ مُعاشَرت، مُعاشرتی عُلُوم |
| | الْجِنِّ | لْ جِن نِ | جِنّوں کے | ج ن ن | جِنّ وانس، سُورۃ الجِنّ، جِنّات |
| | قَدِ | قَ دِ | تحقیق | | |
| | اسْتَكْثَرْتُمْ | سْ تَ كْ ثَ رْ تُمْ | تم نے بہت زیادہ (گمراہ) کئے تھے | ك ث ر | خیرِ کَثیر، کَثرت، اَکثر، کَثیر لوگ |

بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٢٧﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ج يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ

اعمال کی وجہ سے ﴿١٢٧﴾ اور جس روز اللہ تعالیٰ تمام خلائق کو جمع کرے گا، (کہے گا) اے جماعت جنات کی! تم نے انسانوں میں سے بہت سے اپنا لئے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنَ الْاِنْسِ ج | مِنَ لْ اِنْ سِ | انسانوں میں سے | ء ن س | اِنسان، اِنسانیّت، جِنّ واِنس |
| | وَقَالَ | وَ قَا لَ | اور کہیں گے | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مقُولہ |
| | اَوْلِيٰٓؤُهُمْ | آ وْ لِ یَا ... ؤُ ہُمْ | ان کے دوست | و ل ی | وَلِیُ اللہ، وَلَایت، اَولِیاءِ کرام |
| | مِّنَ الْاِنْسِ | مِ نَلْ اِنْ سِ | انسانوں میں سے: | ء ن س | اِنسان، اِنسانیّت، جِنّ واِنس |
| | رَبَّنَا | رَب بَ نَ | اے ہمارے رب! | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العَالمِین، رَبّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحمّد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
| | اسْتَمْتَعَ | سْ تَ مْ تَ عَ | فائدہ اُٹھایا | م ت ع | مَتاعِ عَزیز، مَتاعِ قَلیل، مَتاعِ گِراں |
| | بَعْضُنَا | بَ عْ ضُ نَا | ہمارے بعض نے | ب ع ض | بَعض اَوقات، بَعض دَفعہ، بَعضُ النَّاس |
| | بِبَعْضٍ | بِ بَ عْ ضِنْ اُوْ ں | بعض سے | ب ع ض | بَعض اَوقات، بَعض دَفعہ، بَعضُ النَّاس |

مِّنَ الْاِنْسِ ج وَقَالَ اَوْلِيٰٓؤُهُمْ مِّنَ الْاِنْسِ رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ

جو انسان انکے ساتھ تعلق رکھنے والے تھے وہ کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار! ہم میں ایک نے دوسرے سے فائدہ حاصل کیا تھا اور ہم اپنی اس

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّ بَلَغْنَآ | وَ بَ لَ غْ نَا.. | اور ہم پہنچے | ب ل غ | اَبلاغِ عامہ، ذَرائعِ اَبلاغ، مُبلّغ |
| | اَجَلَنَا | اَ جَ لَ نَ | اپنی اس معیاد کو | ء ج ل | اَجل، آجال، فرشتۂ اَجل، لُقمۂ اَجل |
| | الَّذِیْٓ | ل لَ ذِ یْ.. | جو | | |
| | اَجَّلْتَ | اَ ج جَ لْ تَ | تو نے مقرر فرمائی تھی | ء ج ل | اَجل، آجال، فرشتۂ اَجل، لُقمۂ اَجل |
| | لَنَا ؕ | لَ نَا | ہمارے لئے | | |
| | قَالَ | قَا لَ | (اللہ) فرمائے گا: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | النَّارُ | ن نَا رُ | آگ (ہی) | ن و ر | نارِ نمرود، نارِ جہنم، نارِ سَموم |
| | مَثْوٰىكُمْ | مَثْ وَا كُمْ | تمہارا ٹھکانہ ہے | ث و ی | |
| | خٰلِدِيْنَ | خَا لِ دِ يْ نَ | (تم) ہمیشہ رہو گے | خ ل د | خالد، خُلود، خالدہ |
| | فِيْهَآ | فِيْ هَا.. | اس میں | | |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا قلیل |

وَّ بَلَغْنَآ اَجَلَنَا الَّذِیْٓ اَجَّلْتَ لَنَا ؕ قَالَ النَّارُ مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اِلَّا

معین میعاد تک آ پہنچے جو تو نے ہمارے لئے معین فرمائی، اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ تم سب کا ٹھکانہ دوزخ ہے جس میں ہمیشہ رہو گے، ہاں! اگر اللہ تعالیٰ ہی کو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَا شَآءَ | مَا شَا...ءَ | جو چاہے | ش ی ء | اِن شاءاللہ، ماشاءاللہ، مَشیتِ اِلٰہی |
| | اللّٰهُ ؕ | ل لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | اِنَّ رَبَّكَ | اِن نَ رَب بَ كَ | یقیناً آپ کا رب ہے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحمّد ﷺ |
| | حَكِيْمٌ | حَ كِيْ مُنْ | بڑی حکمت والا | ح ك م | حکیم، حِکمت و دانائی، حُکماء |
| | عَلِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾ | عَ لِيْ م | خوب جاننے والا | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلّم، معلوم، علاّمہ |
| ۱۲۹ | وَكَذٰلِكَ | وَ كَ ذَا لِ كَ | اور اسی طرح | | |
| | نُوَلِّيْ | نُ وَل لِيْ | ہم مسلط کر دیتے ہیں | و ل ی | وَالی، مُتَوَلّی، مُتَوالی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بَعْضَ | بَ عْ ضَ | بعض | ب ع ض | بَعض اَوقات، بَعض دَفعہ، بَعض النّاس |
| | الظّٰلِمِيْنَ | ظ ظَا لِ مِیْ نَ | ظالموں کو | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالِمین |
| | بَعْضًا | بَ عْ ضَمْ | بعض پر | ب ع ض | بَعض اَوقات، بَعض دَفعہ، بَعض النّاس |

مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾ وَ كَذٰلِكَ نُوَلِّيْ بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضًا

منظور ہو تو دوسری بات ہے، بے شک آپ کا رب بڑی حکمت والا خوب علم والا ہے ﴿۱۲۸﴾ اور اسی طرح ہم بعض کفار کو بعض کے قریب

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِمَا | بِ مَا | بسبب اس کے جو | | |
| | كَانُوْا | كَ انُوْ | تھے | ك و ن | |
| | يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ ع | یَ کْ سِ بُوْ نَ | وہ کمایا کرتے تھے | ك س ب | کَسبِ کثیر، کَسبِ حلال، کَسبِ فَیض |
| ۱۳۰ | يٰمَعْشَرَ | یَا مَعْ شَ رَ | اے جماعت | ع ش ر | عَشرہ مُبشّرہ، عَاشِر، عَشر عَشِیر |
| | الْجِنِّ | لْ جِنْ نِ | جنّوں | ج ن ن | جنّ و انس، سُورۃ الجِنّ، جِنّات |
| | وَالْاِنْسِ | وَلْ اِنْ سِ | اور انسانوں کی! | ء ن س | اِنسانی حُلیہ، خُوبصورت اِنسان |
| | اَلَمْ يَاْتِكُمْ | اَلَمْ یَ x تِ کُمْ | کیا نہیں آئے تمہارے پاس | ء ت ی | |
| | رُسُلٌ | رُ سُ لُ مْ | رسول | ر س ل | رَسُول، رَسَالت، مُرسَل، تَرسِیل |
| | مِّنْكُمْ | مِنْ کُمْ | تم میں سے | | |

ع ۱۵ ۸ ۲ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ ع يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ

رکھیں گے ان کے اعمال کے سبب ﴿۱۲۹﴾ اے جنات اور انسانوں کی جماعت! کیا تمہارے پاس تم میں سے ہی پیغمبر نہیں آئے تھے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَقُصُّوْنَ | یَ قُصْ صُوْ نَ | وہ بیان کرتے تھے | ق ص ص | قِصّے، قِصّہ خَوانی، قَصَصُ الانبیاء |
| | عَلَيْكُمْ | عَ لَا یْ کُمْ | تم پر | | |
| | اٰيٰتِيْ | آ یَا تِیْ | میری آیات | ء ی ی | آیتِ قُرآنی، آیۃُ الکرسی، آیتِ کریمہ |
| | وَيُنْذِرُوْنَكُمْ | وَ یُنْ ذِ رُوْ نَ کُمْ | اور وہ تمہیں ڈراتے تھے | ن ذ ر | نَذیر و بَشیر، اِنذار، مُنذِر |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِقَآءَ | لِ قَا ... ءَ | ملاقات | ل ق ی | مُلَاقَات، مُلَاقَاتی حضرات، اِلتِقَاء |
| | يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ | یَا ؤْ مِ کُمْ ہَا ذَا | تمہارے اس دن کی سے؟ | ی و م | یومِ قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |
| | قَالُوْا | قَا لُوْ | تو وہ کہیں گے: | ق و ل | قَول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | شَهِدْنَا | شَ ہِ دْ نَا | ہم گواہی دیتے ہیں | ش ھ د | شَہادت، شَاہِد، شَہیدِ ملّت |

يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ وَ يُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا شَهِدْنَا

جو تم سے میرے احکام بیان کرتے اور تم کو اس آج کے دن کی خبر دیتے؟ وہ سب عرض کریں گے کہ ہم اپنے اوپر اقرار کرتے ہیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلٰٓى اَنْفُسِنَا | عَ لَا .. اَنْ فُ سِ نَا | اپنے آپ پر | ن ف س | نَفسانی خَیال نَفس، نُفُوس، مُتنفّس |
| | وَغَرَّتْهُمُ | وَ غَ رَ رَتْ ہُمُ | اور انہیں دھوکے میں ڈالے رکھا ہے | غ ر ر | غُرُور، بَیع غَرر، مَغرُور آدمی |
| | الْحَيٰوةُ | لْ حَ یَا تُ | زندگی نے | ح ی ی | حَیاتِ جاوِدانی، حَیُّ قَیُّوم حَیاتِ طَیِّبہ، جنگلی حَیات |
| | الدُّنْيَا | دُ دُنْ یَا | دنیا کی | د ن و | دِین ودُنیا، دُنیاوی زندگی |
| | وَشَهِدُوْا | وَ شَ ہِ دُوْ | اور وہ گواہی دیں گے | ش ھ د | شَہادت، شَاہِد، شَہیدِ مِلّت |
| | عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ | عَ لَا .. اَنْ فُ سِ ہِمْ | اپنے آپ پر | ن ف س | نَفسانی خَیال نَفس، نُفُوس، مُتنفّس |
| | اَنَّهُمْ | اَن نَ ہُمْ | کہ بے شک وہ | | |
| | كَانُوْا | کَ انُوْ | تھے | ك و ن | |

عَلٰٓى اَنْفُسِنَا وَ غَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَ شَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا

اور ان کو دنیاوی زندگی نے بھول میں ڈالے رکھا اور یہ لوگ اقرار کرنے والے ہوں گے کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كٰفِرِيْنَ ﴿۱۳۰﴾ | کَا فِ رِیْنَ | کفر کرنے والے | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّار، تکفیر، کُفرانِ نعمت |
| ۱۳۱ | ذٰلِكَ | ذَا لِ کَ | یہ (رسول بھیجنا) | | |
| | اَنْ | اَلْ | اس لئے ہے کہ | | |
| | لَّمْ يَكُنْ | لَمْ یَ کُ نْ | نہیں ہے | ك و ن | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رَّبُّكَ | رَ ب بُ کَ | آپ کا رب | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | مُهْلِكَ | مُ ہْ لِ کَ | ہلاک کرنے والا | ھ ل ك | ہَلاک ہونا، مُہلِک، ہلاکت |
| | الْقُرٰى | اَلْ قُ رَا | بستیوں کو | ق ر ی | قریہ قریہ بستی بستی، اُمّ القریٰ (مکہ) |
| | بِظُلْمٍ | بِ ظُلْ مِنْ | ظلم سے | ظ ل م | ظُلم، ظالِم، مَظلوم، ظالمین |
| | وَّ اَهْلُهَا | وَ اَہْ لُ ہَا | جبکہ ان کے رہنے والے | ء ھ ل | اَہلِ ثروت، اَہلِ بیت، اَہلِ مال |
| | غٰفِلُوْنَ ﴿١٣١﴾ | غَا فِ لُوْ نَ | غافل ہوں | غ ف ل | غفلت، غافل آدمی، مُغفّل |

كٰفِرِيْنَ ﴿١٣٠﴾ ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ يَكُنْ رَّبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّ اَهْلُهَا غٰفِلُوْنَ ﴿١٣١﴾

وہ کافر تھے ﴿١٣٠﴾ یہ اس وجہ سے ہے کہ آپکا رب کسی بستی والوں کو کفر کے سبب ایسی حالت میں ہلاک نہیں کرتا کہ اس بستی کے رہنے والے بے خبر ہوں ﴿١٣١﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٣٢ | وَلِكُلٍّ | وَ لِ کُلْ لِ نْ | اور ہر ایک کے | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | دَرَجٰتٌ | دَ رَ جَا تُ | درجے ہیں | د ر ج | درجہ بدرجہ، اللہ درجات بلند کرے |
| | مِّمَّا | مِ مْ مَا | اس وجہ سے جو | | |
| | عَمِلُوْا ۭ | عَ مِ لُوْ | انہوں نے عمل کئے | ع م ل | عَمل، اَعمال، عامِل، مَعمول |
| | وَمَا رَبُّكَ | وَ مَا رَ ب بُ کَ | اور نہیں ہے آپ کا رب | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | بِغَافِلٍ | بِ غَا فِ لِنْ | غافل | غ ف ل | غفلت، غافل آدمی، مُغفّل |
| | عَمَّا | عَمْ مَا | اس سے جو | | |
| | يَعْمَلُوْنَ ﴿١٣٢﴾ | یَ عْ مَ لُوْ نَ | وہ عمل کرتے ہیں | ع م ل | عَمل، اَعمال، عامِل، مَعمول |
| ١٣٣ | وَرَبُّكَ | وَ رَ ب بُ کَ | اور آپ کا رب | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | الْغَنِيُّ | اَلْ غَ نِیْ یُ | بڑا بے نیاز ہے | غ ن ی | عبدُالغنی، مُستغنی، اَغنیاء غَنی (اللہ تعالیٰ کی صفت ہے) |

وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۭ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٣٢﴾ وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ

اور ہر ایک کیلئے ان کے اعمال کے سبب درجے ملیں گے اور آپ کا رب ان کے اعمال سے بے خبر نہیں ہے ﴿١٣٢﴾ اور آپ کا رب بالکل غنی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ذُو الرَّحۡمَةِ ؕ | ذُ و رَ رَ حۡ مَ ةِ | رحمت والا ہے | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکَرم |
| | اِنۡ یَّشَاۡ | اِ یۡ یَ شَا x | اگر وہ چاہے | ش ی ء | اِن شَاءَاللہ، مَاشَاءَاللہ، مَشِیتِ اِلٰہی |
| | یُذۡهِبۡكُمۡ | یُ ذۡ ہِ بۡ کُمۡ | تو تمہیں لے جائے | ذ ھ ب | |
| | وَ یَسۡتَخۡلِفۡ | وَ یَسۡ تَ خۡ لِفۡ | اور جانشین بنادے | خ ل ف | خَلافَت، خُلَفاء، خَلِیفہ |
| | مِنۡۢ بَعۡدِكُمۡ | مِمۡ بَ عۡ دِ کُمۡ | تمہارے بعد | ب ع د | بَعدازاں، بَعد اِس کے |
| | مَّا یَشَآءُ | مَا یَ شَا...ءُ | جنہیں وہ چاہے | ش ی ء | اِن شَاءَاللہ، مَاشَاءَاللہ، مَشِیتِ اِلٰہی |
| | كَمَاۤ | کَ مَا.. | جس طرح کہ | | |

ذُو الرَّحۡمَةِ ؕ اِنۡ یَّشَاۡ یُذۡهِبۡكُمۡ وَ یَسۡتَخۡلِفۡ مِنۡۢ بَعۡدِكُمۡ مَّا یَشَآءُ كَمَاۤ

ہے رحمت والا ہے، اگر وہ چاہے تو تم سب کو اٹھا لے اور تمہارے بعد جس کو چاہے تمہاری جگہ آباد کردے جیسا کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنۡشَاَكُمۡ | اَنۡ شَ اَ کُمۡ | اس نے تمہیں پیدا کیا | ن ش ء | اِنۡشَاء پَردازی، اِبنِ اِنۡشَاء (نام) |
| | مِّنۡ ذُرِّیَّةِ | مِنۡ ذُ رِ ری یَ ةِ | اولاد سے | ذ ر ر | ذُرِّیَّتِ آدم علیہ السلام، ذُرِّیَّتِ اِبلیس |
| | قَوۡمٍ | قَ وۡ مِنۡ | قوم | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | اٰخَرِیۡنَ ؕ ۱۳۳ | آ خَ رِ یۡنَ | دوسری | ء خ ر | آخرت، اَخیر، آخر، آخری |
| ۱۳۴ | اِنَّ | اِ ن نَ | بلاشبہ | | |
| | مَا | مَا | جس کا | | |
| | تُوۡعَدُوۡنَ | تُوۡ عَ دُوۡ نَ | تم وعدہ دیئے جاتے ہو | و ع د | وَعدہ وَفائی، وَعدہ وَعید، وَعدہ کرنا |
| | لَاٰتٍ ۙ | لَ آ تِیۡ اُوۡں | یقیناً (وہ) آنے والی ہے | ء ت ی | |
| | وَّ مَاۤ اَنۡتُمۡ | وَ مَا.. اَنۡ تُمۡ | اور نہیں ہو تم | | |

اَنۡشَاَكُمۡ مِّنۡ ذُرِّیَّةِ قَوۡمٍ اٰخَرِیۡنَ ؕ ۱۳۳ اِنَّ مَا تُوۡعَدُوۡنَ لَاٰتٍ ۙ وَّ مَاۤ اَنۡتُمۡ

تم کو ایک دوسری قوم کی نسل سے پیدا کیا ہے ۱۳۳ جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ بے شک آنے والی چیز ہے اور تم

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِمُعْجِزِيْنَ ۝۱۳۴ | بِ مُعْ جِ زِيْنَ | عاجز کرنے والے | ع ج ز | عجز و نیاز، عاجزی و انکساری |
| ۱۳۵ | قُلْ | قُ لْ | کہہ دیجئے: | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | يٰقَوْمِ | يَا قَا وْمِ | اے میری قوم! | ق و م | قوم، اقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | اعْمَلُوْا | عْ مَ لُوْ | تم عمل کرو | ع م ل | عمل، اعمال، عامل، معمول |
| | عَلٰى مَكَانَتِكُمْ | عَ لَا مَ كَا نَ تِ كُمْ | اپنی جگہ پر | ك و ن | کون و مکان، مکین، مکانات |
| | اِنِّىْ | اِ نْ نِيْ | بے شک میں (بھی) | | |
| | عَامِلٌ ج | عَا مِ لْ | عمل کرنے والا ہوں (اپنی جگہ پر) | ع م ل | عمل، اعمال، عامل، معمول |
| | فَسَوْفَ | فَ سَا وْ فَ | پھر عنقریب | | |
| | تَعْلَمُوْنَ لا | تَ عْ لَ مُوْ نَ | تم جان لوگے | ع ل م | علم، تعلیم، مُعلّم، معلوم، علّامہ |

بِمُعْجِزِيْنَ ۝۱۳۴ قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّىْ عَامِلٌ ج فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ لا

عاجز نہیں کر سکتے ۝۱۳۴ آپ یہ فرما دیجئے کہ اے میری قوم! تم اپنی حالت پر عمل کرتے رہو میں بھی عمل کر رہا ہوں، سو اب جلد ہی تم کو معلوم ہوا جاتا ہے کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَنْ | مَنْ | اس شخص کو کہ | | |
| | تَكُوْنُ | تَ كُوْ نُ | ہے | ك و ن | |
| | لَهٗ | لَ هُوْ | اس کے لئے | | |
| | عَاقِبَةُ | عَا قِ بَ تُ | (اچھا) انجام | ع ق ب | ناعاقبت اندیش، عالمِ عقبیٰ |
| | الدَّارِ ط | دْ دَا رْ | آخرت کا | د و ر | دارِ ارقم، دیار، دارِ فانی، دیارِ غیر |
| | اِنَّهٗ | اِ نْ نَ هُوْ | یقیناً شان یہ ہے کہ | | |
| | لَا يُفْلِحُ | لَا يُفْ لِ حُ | نہیں فلاح پائیں گے | ف ل ح | فلاح و بہبود، حیَّ علی الفلاح |
| | الظّٰلِمُوْنَ ۝۱۳۵ | ظْ ظَا لِ مُوْ نَ | ظالم | ظ ل م | ظلم، ظالم، مظلوم، ظالمین |
| ۱۳۶ | وَجَعَلُوْا | وَ جَ عَ لُوْ | اور انہوں نے ٹھہرایا | ج ع ل | جعلی، جعل سازی، جعلی نوٹ، جعلی مقابلہ، جعلی کاغذات |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِلّٰهِ | لِل لَا هِ | اللہ کے لئے | ء ل ه | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | مِمَّا | مِم مَا | اس میں سے جو | | |
| | ذَرَاَ | ذَ رَ اَ | اس نے پیدا کی | ذ ر ء | |

مَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ

اس عالم کا انجام کار کس کیلئے نافع ہوگا، یہ یقینی بات ہے کہ حق تلفی کرنے والوں کو کبھی فلاح نہ ہوگی ﴿۱۳۵﴾ اور اللہ تعالیٰ نے جو کھیتی اور مویشی پیدا کئے ہیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنَ الْحَرْثِ | مِنَ لْ حَ رْ ثِ | کھیتی | ح ر ث | حارِث، حارِثہ، زَید بن حارِثہ |
| | وَالْاَنْعَامِ | وَ لْ اَنْ عَا مِ | اور چوپائے | ن ع م | عَوام کالانعام، سُورۃُ الانعام |
| | نَصِيْبًا | نَ صِیْ بَنْ | ایک حصہ | ن ص ب | نَصیب اَپنا اَپنا، ہمارا نَصیب |
| | فَقَالُوْا | فَ قَا لُوْ | تو انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | هٰذَا لِلّٰهِ | ہَا ذَا لِل لَا هِ | یہ اللہ کے لئے ہے | ء ل ه | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | بِزَعْمِهِمْ | بِ زَ عْ مِ هِمْ | ان کے گمان کے مطابق | ز ع م | زَعمِ باطِل، بزَعمِ خویش، زَعم کے مُطابِق |
| | وَهٰذَا | وَ ہَا ذَا | اور یہ (حصہ) | | |
| | لِشُرَكَآئِنَا ۚ | لِ شُ رَ کَا ... ءِ نَا | ہمارے شریکوں کے لئے ہے | ش ر ك | شِرک، مُشرِک، مُشرِکین، شُرَکَاء |

مِنَ الْحَرْثِ وَ الْاَنْعَامِ نَصِيْبًا فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَ هٰذَا لِشُرَكَآئِنَا ۚ

ان لوگوں نے ان میں سے کچھ حصہ اللہ تعالیٰ کا مقرر کیا اور بزعم خود کہتے ہیں کہ یہ تو اللہ تعالیٰ کا ہے اور یہ ہمارے معبودوں کا ہے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَمَا | فَ مَا | پھر جو (حصہ) | | |
| | كَانَ | کَا نَ | ہے | ك و ن | |
| | لِشُرَكَآئِهِمْ | لِ شُ رَ کَا ... ءِ هِمْ | ان کے شریکوں کا | ش ر ك | شِرک، مُشرِک، مُشرِکین، شُرَکَاء |
| | فَلَا يَصِلُ | فَ لَا یَ صِلُ | تو وہ نہیں پہنچتا | و ص ل | وَاصِلِ جَہنّم ہونا، مَوصُول، وُصُول |
| | اِلَى اللّٰهِ ۚ | اِ لَل لَا هْ | اللہ کی طرف | ء ل ه | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَمَا | وَ مَا | اور جو (حصہ) | | |
| | كَانَ | كَا نَ | ہے | ك و ن | |
| | لِلّٰهِ | لِل لَا ہِ | اللہ کا | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | فَهُوَ | فَ ہُ وَ | تو وہ | | |
| | يَصِلُ | یَ صِ لُ | پہنچ جاتا ہے | و ص ل | وَاصِلِ جَہَنَّم ہونا، مَوصُول، وُصُول |
| | اِلٰى | اِ لَا | طرف | | |

فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ فَلَا يَصِلُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَمَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ يَصِلُ اِلٰى

پھر جو چیز ان کے معبودوں کی ہوتی ہے وہ تو اللہ تعالیٰ کی طرف نہیں پہنچتی اور جو چیز اللہ تعالیٰ کی ہوتی ہے وہ ان کے معبودوں کی طرف پہنچ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | شُرَكَآئِهِمْ ؕ | شُ رَ كَا... ءِ ہِمْ | ان کے شریکوں کی | ش ر ك | شِرک، مُشرِک، مُشرِکین، شُرَکاء |
| | سَآءَ | سَا... ءَ | بُرا ہے | س و ء | عُلماءِ سُوء، اَعمالِ سَیِّئَہ، سَیِّئات |
| | مَا | مَا | جو | | |
| | يَحْكُمُوْنَ ﴿١٣٦﴾ | یَ حْ كُ مُوْ نَ | وہ فیصلہ کرتے ہیں | ح ك م | حُکّام، مَحکمۂ عدل، حاکم، حَکَم، تَحَکُّم |
| ١٣٧ | وَكَذٰلِكَ | وَ كَذَا لِ كَ | اور اسی طرح | | |
| | زَيَّنَ | زَ ائِ یَ نَ | مزین کر دیا | ز ی ن | زَینُ العابِدین، مُزَیَّن، زِینت |
| | لِكَثِيْرٍ | لِ كَ ثِیْ رٍ | بہت سے | ك ث ر | خیرِ کثیر، کثرت، اَکثر، کثیر لوگ |
| | مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ | م مِنَ لْ مُشْ رِ كِیْ نَ | مشرکوں کے لئے | ش ر ك | شِرک، مُشرِک، مُشرِکین، شُرَکاء |
| | قَتْلَ | قَتْ لَ | قتل کرنا | ق ت ل | قَتل، قاتِل، مَقتول، قتلِ عام |

شُرَكَآئِهِمْ ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿١٣٦﴾ وَكَذٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَتْلَ

جاتی ہے کیا بُرا فیصلہ وہ کرتے ہیں ﴿١٣٦﴾ اور اسی طرح بہت سے مشرکین کے خیال میں ان کے معبودوں نے ان کی اولاد کے قتل کرنے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَوْلَادِهِمْ | اَ وْ لَا دِ ہِمْ | اپنی اولاد کا | و ل د | وَالِد، وَلَد، مَولُود، اَولَاد |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | شُرَكَآؤُهُمْ | شُ رَ كَا... ءُ هُمْ | ان کے شریکوں نے | ش ر ك | شِرک، مُشرِک، مُشرِکین، شُرَکاء |
| | لِيُرْدُوْهُمْ | لِ ىُ رْ دُوْ هُمْ | تا کہ وہ انہیں ہلاک کر دیں | ر د ی | |
| | وَلِيَلْبِسُوْا | وَ لِ ىَلْ بِ سُوْ | اور تا کہ خلط ملط کر دیں | ل ب س | اِلتِبَاس (خَلَطَ مَلَطَ ہونا)، مُلتَبِس |
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا ئِ هِمْ | ان پر | | |
| | دِيْنَهُمْ ط | دِ ىْ نَ هُمْ | ان کا دین | د ی ن | دِین و دُنیا، دُنیَاوِی زندگی |
| | وَلَوْ شَآءَ | وَ لَوْ شَا... ءَ | اور اگر چاہتا | ش ی ء | اِن شَاءَ اللہ، مَا شَاءَ اللہ، مَشِیتِ اِلٰہی |
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |

اَوْلَادِهِمْ شُرَكَآؤُهُمْ لِيُرْدُوْهُمْ وَلِيَلْبِسُوْا عَلَيْهِمْ دِيْنَهُمْ ط وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ

کو مستحسن بنا رکھا ہے تا کہ وہ ان کو برباد کریں اور اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا تو یہ ایسا کام نہ کرتے تو آپ ان کو اور جو کچھ یہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَا فَعَلُوْهُ | مَا فَ عَ لُوْهُ | تو وہ نہ کرتے یہ (کام) | ف ع ل | فِعل، اَفعال، فَاعِل، مَفعُول |
| | فَذَرْهُمْ | فَ ذَرْ هُمْ | لہٰذا آپ چھوڑ دیجیے انہیں | و ذ ر | |
| | وَمَا | وَ مَا | اور جو | | |
| | يَفْتَرُوْنَ ﴿١٣٧﴾ | ىَفْ تَ رُوْ نَ | وہ جھوٹ باندھتے ہیں | ف ر ی | مُفتَرِی (بُہتان باندھنا)، اِفتِراء پَردازی |
| ١٣٨ | وَقَالُوْا | وَ قَا لُوْ | اور انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقولہ |
| | هٰذِهٖٓ اَنْعَامٌ | هَا ذِ هِىْ.. اَنْ عَا مُنْ | یہ چوپائے | ن ع م | عَوَام کَالاَنعَام، سُورَۃُ الاَنعَام |
| | وَّحَرْثٌ | وَ حَ رْ ثُ نْ | اور کھیتی | ح ر ث | حَارِث، حَارِثہ، زَید بن حَارِثہ |
| | حِجْرٌ ق | حِ جْ رُ | ممنوع ہے | ح ج ر | سُورَۃُ الحِجر، حِجر (رکاوٹ) |

مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿١٣٧﴾ وَقَالُوْا هٰذِهٖٓ اَنْعَامٌ وَّحَرْثٌ حِجْرٌ ق

غلط باتیں بنا رہے ہیں یونہی رہنے دیجیے ﴿١٣٧﴾ اور وہ اپنے خیال پر یہ بھی کہتے ہیں کہ یہ کچھ مواشی ہیں اور کھیت ہیں جن کا استعمال ہر شخص کو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَّا يَطْعَمُهَآ | ل لَا ىَطْ عَ مُ هَا.. | نہیں کھا سکتا اسے | ط ع م | طَعَام مَا حَضَر، قَبل اَز طَعَام |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلَّآ | اِل لَآ | مگر | | اِلَّا مَاشَآءَاللہ، اِلَّا قَلِیل |
| | مَنْ نَّشَآءُ | مَن نَ شَا...ءُ | وہی جسے ہم چاہیں | ش ی ء | اِن شَآءَاللہ، مَاشَآءَاللہ، مَشِیَّتِ اِلٰہی |
| | بِزَعْمِهِمْ | بِ زَ عْ مِ ہِمْ | (یہ انہوں نے کہا) اپنے خیال کے مطابق | ز ع م | زَعمِ بَاطِل، بَزَعمِ خویش، زَعم کے مُطَابِق |
| | وَاَنْعَامٌ | وَ اَنْ عَا مُنْ | اور کچھ چوپائے ہیں (کہ) | ن ع م | عَوَام کَالاَنعَام، سُورَۃُ الاَنعَام |
| | حُرِّمَتْ | حُر رِ مَتْ | حرام کردی گئیں | ح ر م | حَرَام، حلال وحَرَام، لُقمۂ حَرَام |
| | ظُهُوْرُهَا | ظُ ہُوْ رُ ہَا | ان کی پیٹھیں | ظ ھ ر | ظَاہِر، ظُہُور، مَظہر، ظِہَار، ظُہر کی نماز |
| | وَاَنْعَامٌ | وَ اَنْ عَا مُ | اور کچھ چوپائے ہیں (کہ) | ن ع م | عَوَام کَالاَنعَام، سُورَۃُ الاَنعَام |

لَّا يَطْعَمُهَآ اِلَّا مَنْ نَّشَآءُ بِزَعْمِهِمْ وَ اَنْعَامٌ حُرِّمَتْ ظُهُوْرُهَا وَ اَنْعَامٌ

جائز نہیں ان کو کوئی نہیں کھا سکتا سوائے ان کے جن کو ہم چاہیں اور مواشی ہیں جن پر سواری یا بار برداری حرام کردی گئی اور کچھ مواشی ہیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَّا يَذْكُرُوْنَ | ل لَا یَذْ کُ رُوْ نَ | نہیں ذکر کرتے وہ | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذاکر، مَذکُور، ذِکرِ اِلٰہی |
| | اسْمَ | سْ مَ | نام | س م و | اِسمِ گرامی، اَسماء، مُسَمّٰی، مُسَمَّاۃ |
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ کا | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | عَلَيْهَا | عَ لَائْ ہَ | ان پر | | |
| | افْتِرَآءً | فْ تِ رَا...ءَنْ | جھوٹ باندھتے ہوئے | ف ر ی | مُفتَرِی (بُہتان باندھنا)، اِفتراء پردازی |
| | عَلَيْهِ ؕ | عَ لَائْ ہِ | اس (اللہ) پر | | |
| | سَيَجْزِيْهِمْ | سَ یَجْ زِ یْ ہِمْ | عنقریب وہ انہیں سزا دے گا | ج ز ی | جزا وسزا، جزائے خیر، جزاک اللہ (اللہ تجھ کو جزا دے) |
| | بِمَا كَانُوْا | بِ مَا کَا نُوْ | اس وجہ سے جو تھے | ك و ن | |
| | يَفْتَرُوْنَ ﴿١٣٨﴾ | یَفْ تَ رُوْ نَ | وہ جھوٹ باندھتے | ف ر ی | مُفتَرِی (بُہتان باندھنا)، اِفتراء پردازی |

لَّا يَذْكُرُوْنَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا افْتِرَآءً عَلَيْهِ ؕ سَيَجْزِيْهِمْ بِمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿١٣٨﴾

جن پر یہ لوگ اللہ تعالیٰ کا نام نہیں لیتے محض اللہ تعالیٰ پر افترا باندھنے کے طور پر، ابھی اللہ تعالیٰ ان کو ان کے افترا کی سزا دیئے دیتے ہیں ﴿١٣٨﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۳۹ | وَقَالُوْا | وَ قَ الُوْ | اور انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | مَا | مَا | جو (بچہ) | | |
| | فِیْ بُطُوْنِ | فِیْ بُ طُوْنِ | پیٹ میں ہے | ب ط ن | بَطنِ وَادی، بَطنِ مَریَم، بَطنِ مَادر |
| | هٰذِهِ الْاَنْعَامِ | ہَا ذِ ہِلْ اَنْ عَامِ | ان چوپایوں کے | ن ع م | عَوَام کَالاَنعَام، سُورَۃُ الاَنعَام |
| | خَالِصَةٌ | خَا لِ صَ تُ | وہ خالص ہے | خ ل ص | خَالِص، خُلاصَہ، مُخلِص، اِخلَاص |
| | لِّذُكُوْرِنَا | ل لِ ذُ كُوْرِ نَا | ہمارے مردوں کے لئے | ذ ك ر | ذِکر، اَذکَار، ذَاکِر، مَذکُور، ذِکرِ الٰہی |
| | وَمُحَرَّمٌ | وَ مُ حَرْ رَ مُنْ | اور حرام ہے | ح ر م | حَرَام، حَلَال وحَرَام، لُقمَۂ حَرَام |
| | عَلٰٓى اَزْوَاجِنَا ج | عَ لَا... اَزْ وَا جِ نَا | ہماری بیویوں پر | ز و ج | زَوجۂ مُحتَرَمہ، اَزوَاجِ مُطَہَّرَات |

وَقَالُوْا مَا فِیْ بُطُوْنِ هٰذِهِ الْاَنْعَامِ خَالِصَةٌ لِّذُكُوْرِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلٰٓى اَزْوَاجِنَا ج

اور وہ کہتے ہیں کہ جو چیز ان مواشی کے پیٹ میں ہے وہ خالص ہمارے مردوں کے لئے ہے اور ہماری عورتوں پر حرام ہے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاِنْ يَّكُنْ | وَ اِیْں یَ كُنْ | اور اگر وہ ہو | ك و ن | |
| | مَّيْتَةً | مَائِیْ تَ تَنْ | مُردہ | م و ت | مَوت، اَموَات، مَیِّت |
| | فَهُمْ | فَ ہُمْ | تو وہ سب (مرد وعورت) | | |
| | فِيْهِ | فِیْ ہِ | اس میں | | |
| | شُرَكَآءُ ط | شُ رَ كَا... ءُ | شریک ہیں | ش ر ك | شِرک، مُشرِک، مُشرِکِین، شُرَكَاء |
| | سَيَجْزِيْهِمْ | سَ یَجْ زِیْ ہِمْ | عنقریب وہ انہیں سزا دے گا | ج ز ی | جَزَا وسَزَا، جَزَائے خَیر<br>جَزَاکَ اللہ (اللہ تجھ کو جزا دے) |
| | وَصْفَهُمْ ط | وَصْ فَ ہُمْ | ان کے (اس) بیان کی | و ص ف | وَصف، اَوصَاف، تَوصِیف |
| | اِنَّهٗ حَكِيْمٌ | اِن نَ ہُوْ حَ كِیْ مُنْ | یقیناً وہ بڑا حکمت والا | ح ك م | حَکِیم، حِکمَت ودَانَائی، حُکَمَاء |

وَاِنْ يَّكُنْ مَّيْتَةً فَهُمْ فِيْهِ شُرَكَآءُ ط سَيَجْزِيْهِمْ وَصْفَهُمْ ط اِنَّهٗ حَكِيْمٌ

اور اگر وہ مُردہ ہے تو اس میں سب برابر ہیں، ابھی اللہ تعالیٰ ان کو ان کی غلط بیانی کی سزا دیئے دیتا ہے، بلاشبہ وہ حکمت والا ہے اور بڑا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلِيْمٌ ﴿۱۳۹﴾ | عَ لِیْ م | خوب جاننے والا ہے | ع ل م | عِلم،تَعلِیم،مُعَلِّم،مَعلُوم،عَلّامَہ |
| ۱۴۰ | قَدْ | قَ دْ | تحقیق | | |
| | خَسِرَ | خَ سِ رَ | خسارے میں رہے | خ س ر | خسارہ اُٹھانے والا،خَائِب وخَاسِر |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | وہ لوگ جنہوں نے | | |
| | قَتَلُوْٓا | قَ تَ لُوْ.. | قتل کیا | ق ت ل | قَتل،قَاتِل،مَقتُول،قَتلِ عَام |
| | اَوْلَادَهُمْ | اَوْ لَا دَ ہُمْ | اپنی اولاد کو | و ل د | وَالِد،وَالِدَین،وَالِدَہ،اَولَاد |
| | سَفَهًاۢ | سَ فَ ہَمْ | بیوقوفی سے | س ف ہ | سَفِیہہ آدمی (بیوقوف آدمی) سَفَاہَت (بیوقوفی) |
| | بِغَيْرِ | بِ غَا ئِ رِ | بغیر | غ ی ر | غَیر آدمی،غَیرُاللّٰہ،اِسکے بغیر |
| | عِلْمٍ | عِلْ مِیْ اُوْں | علم کے | ع ل م | عِلم،تَعلِیم،مُعَلِّم،مَعلُوم،عَلّامَہ |
| | وَّحَرَّمُوْا | وَ حَرْ رَ مُوْ | اور انہوں نے حرام ٹھہرایا | ح ر م | حَرَام،حَلَال وحَرَام،لُقمہ حَرَام |

عَلِيْمٌ ﴿۱۳۹﴾ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُوْٓا اَوْلَادَهُمْ سَفَهًاۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّ حَرَّمُوْا

علم والا ہے ﴿۱۳۹﴾ واقعی خرابی میں پڑ گئے وہ لوگ جنہوں نے اپنی اولاد کو محض براہ حماقت بلا کسی سند کے قتل کر ڈالا اور جو چیزیں ان کو اللہ تعالیٰ نے کھانے پینے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَا | مَا | اسے جو | | مَاتحت،اس کے مَاتحت |
| | رَزَقَهُمُ | رَ زَ قَ ہُمُ | انہیں رزق دیا | ر ز ق | رِزق،رَازِق،رَزّاق،مَرزُوق |
| | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ،اِلٰہی،آلِہَہ،اِلٰہُ العالَمِین |
| | افْتِرَآءً | فْ تِ رَا... ءَنْ | جھوٹ باندھتے ہوئے | ف ر ی | مُفتَرِی (بہتان باندھنا)،اِفتِراء پَردَازی |
| | عَلَى اللّٰهِ ؕ | عَ لَلْ لَا ہْ | اللہ پر | ء ل ہ | اِلٰہ،اِلٰہی،آلِہَہ،اِلٰہُ العالَمِین |
| | قَدْ | قَ دْ | تحقیق | | |
| | ضَلُّوْا | ضَلْ لُوْ | وہ گمراہ ہو گئے | ض ل ل | ضَلالَت (گُمراہی)،ضَلالَت وگُمراہی |
| | وَمَا كَانُوْا | وَ مَا كَا نُوْ | اور نہ ہوئے وہ | ك و ن | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُهْتَدِيْنَ ﴿۱۴۰﴾ ع | مُ ہْ تَ دِ یْن | ہدایت یافتہ | ھ د ی | ہَادِیِ عَالَم، ہَادِیِ بَرحَق، ہِدَایت |
| ۱۴۱ | وَهُوَ الَّذِيْٓ | وَ ہُ وَل لَ ذِ یْ.. | اور وہی (اللہ) ہے جس نے | | |

مَا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ افْتِرَآءً عَلَى اللّٰهِ ۭ قَدْ ضَلُّوْا وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿۱۴۰﴾ ع وَهُوَ الَّذِيْٓ

کودی تھیں انکو حرام کرلیا محض اللہ تعالیٰ پر افترا باندھنے کے طور پر، بیشک یہ لوگ گمراہی میں پڑ گئے اور کبھی راہ راست پر چلنے والے نہیں ہوئے ﴿۱۴۰﴾ اور وہی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنْشَاَ | اَن شَ اَ | پیدا فرمائے | ن ش ء | اِنْشَاء پَردَازِی، اِبنِ اِنْشَاء (نام) |
| | جَنّٰتٍ | جَن نَا تِم | باغات | ج ن ن | جنّتِ فِردوس، جنّتُ الْمُعَلّٰی، جنّتُ البقیع |
| | مَّعْرُوْشٰتٍ | مَعْ رُوْ شَا تِیْ اُوْں | چھپروں پر چڑھائے ہوئے | ع ر ش | عَرشِ الٰہی، عَرشِ معلیٰ، عَرشِ بریں |
| | وَّغَيْرَ | وَ غَا ئِ رَ | اور بغیر | غ ی ر | غیر آدمی، غیرُ اللہ، اِسکے بغیر |
| | مَعْرُوْشٰتٍ | مَعْ رُوْ شَا تِیْ اُوْں | چڑھائے ہوئے | ع ر ش | عَرشِ الٰہی، عَرشِ معلیٰ، عَرشِ بریں |
| | وَّالنَّخْلَ | وَن نَ خْ لَ | اور کھجور کے درخت | ن خ ل | نَخل، نَخلستان، نَخلِ مَرقد (قبر پر کھجور) |
| | وَالزَّرْعَ | وَ زْ زَرْ عَ | اور کھیتی | ز ر ع | زَرَاعت، زَرعی آلات، مَزَارِع |
| | مُخْتَلِفًا | مُ خْ تَ لِ فَنْ | اس حال میں کہ مختلف ہیں | خ ل ف | مُخَالَفت، مُخَالِف، اِختِلَافِ رَائے |
| | اُكُلُهٗ | اُ کُ لُ ہُوْ | ان کے پھل | ء ك ل | اَکلِ حَلَال، مَاکُول، مَاکُولَات |

اَنْشَاَ جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ وَّ غَيْرَ مَعْرُوْشٰتٍ وَّ النَّخْلَ وَ الزَّرْعَ مُخْتَلِفًا اُكُلُهٗ

ہے جس نے باغات پیدا کئے وہ بھی جو ٹٹیوں پر چڑھائے جاتے ہیں اور وہ بھی جو ٹٹیوں پر نہیں چڑھائے جاتے اور کھجور کے درخت اور کھیتی جن میں کھانے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَالزَّيْتُوْنَ | وَ زْ زَا ئِ تُوْ نَ | اور زیتون | ز ی ت | زَیتُون کا تیل، اَچارِ زَیتُون |
| | وَالرُّمَّانَ | وَرْ رُم مَا نَ | اور انار | | اُمِّ رُومَان (عربی نام) |
| | مُتَشَابِهًا | مُ تَ شَا بِ ہَاؤں | باہم ملتے جلتے (بھی) | ش ب ھ | شِبہ، مُتَشَابِہ، تَشبِیہ، مُشَابہت |
| | وَّغَيْرَ | وَ غَا ئِ رَ | اور نہ | غ ی ر | غیر آدمی، غیرُ اللہ، اِسکے بغیر |
| | مُتَشَابِهٍ ۭ | مُتَ شَا بِ ہْ | ملتے جلتے (بھی) | ش ب ھ | شِبہ، مُتَشَابِہ، تَشبِیہ، مُشَابہت |

| عام زبان میں استعمال | عربی مادہ | ترجمہ | اردو تلفظ | قرآنی الفاظ | آیت نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| اَکلِ حلال، مَاکُول، مَاکُولات | ء ك ل | تم کھاؤ | کُ لُوْ | كُلُوْا | |
| ثمرات، ثمر بار، مُثمِر، ثمرہ | ث م ر | اس کا پھل | مِنْ ثَ مَ رِ ہِیْ.. | مِنْ ثَمَرِهٖٓ | |
| | | جب | اِ ذَا.. | اِذَآ | |
| ثمرات، ثمر بار، مُثمِر، ثمرہ | ث م ر | وہ پھل لائے | اَثْ مَ رَ | اَثْمَرَ | |
| | ء ت ی | اور تم دو | وَ آ تُوْ | وَاٰتُوْا | |
| حق، حقوق، حق بات، حقیقت | ح ق ق | اس کا حق | حَقْ قَ ہُوْ | حَقَّهٗ | |

وَالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُتَشَابِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ۭ كُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَاٰتُوْا حَقَّهٗ

کی چیزیں مختلف ہوتی ہیں اور زیتون اور انار جو باہم ایکدوسرے کے مشابہ بھی ہوتے ہیں اور ایکدوسرے کے مشابہ نہیں بھی ہوتے۔ان سب کے پھلوں میں سے

| عام زبان میں استعمال | عربی مادہ | ترجمہ | اردو تلفظ | قرآنی الفاظ | آیت نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| یوم قائد، یوم اقبال، یوم عید | ی و م | دن | یَا ؤْ مَ | يَوْمَ | |
| | ح ص د | اس کی کٹائی کے | حَ صَا دِ ہِیْ | حَصَادِهٖ ڮ | |
| اِسراف وتبذیر، مُسرِف (فضول خرچ) | س ر ف | اور فضول خرچی نہ کرو | وَ لَا تُسْ رِ فُوْ | وَلَا تُسْرِفُوْا ۭ | |
| | | بلاشبہ وہ (اللہ) | اِنْ نَ ہُوْ | اِنَّهٗ | |
| حُبّ، اَحباب، مُحِبّ، محبّت | ح ب ب | نہیں پسند کرتا | لَا یُ حِبْ بُ | لَا يُحِبُّ | |
| اِسراف وتبذیر، مُسرِف (فضول خرچ) | س ر ف | فضول خرچی کرنے والوں کو | لْ مُسْ رِ فِیْ نَ | الْمُسْرِفِيْنَ ١٤١ ۙ | |
| عوام کالانعام، سورۃ الانعام | ن ع م | اور (پیدا فرمائے) چوپایوں میں سے کچھ | وَ مِنَ لْ اَنْ عَا مِ | وَمِنَ الْاَنْعَامِ | ١٤٢ |

يَوْمَ حَصَادِهٖ ڮ وَلَا تُسْرِفُوْا ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ١٤١ ۙ وَمِنَ الْاَنْعَامِ

کھاؤ جب وہ نکل آئے اور اسمیں جو حق واجب ہے وہ اسکے کاٹنے کے دن دیا کرو اور حد سے مت گزرو یقیناً وہ حد سے گزرنیوالوں کو ناپسند کرتا ہے ١٤١ اور مواشی

| عام زبان میں استعمال | عربی مادہ | ترجمہ | اردو تلفظ | قرآنی الفاظ | آیت نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| حَمل، حامِلہ عورت، حامِلِ قرآن | ح م ل | بوجھ اُٹھانے والے | حَ مُوْ لَ تَا ؤں | حَمُوْلَةً | |
| فرشِ راہ، فِراش، فرش وعرش | ف ر ش | اور کچھ زمین سے لگے ہوئے | وَ فَ رْ شَا | وَّفَرْشًا ۭ | |
| اَکلِ حلال، مَاکُول، مَاکُولات | ء ك ل | تم کھاؤ | کُ لُوْ | كُلُوْا | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِمَّا | مِم مَا | اس میں سے جو | | |
| | رَزَقَكُمُ | رَ زَ قَ كُ مُ | تمہیں رزق دیا | ر ز ق | رِزق، رَازِق، رَزّاق، مَرزُوق |
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہ العالمین |
| | وَلَا تَتَّبِعُوْا | وَ لَا تَت تَ بِ عُوْ | اور تم مت پیچھے لگو | ت ب ع | تابعدار، تابعِ فرماں، اِتّباع |
| | خُطُوٰتِ | خُ طُ وَا تِ | قدموں کے | خ ط و | |
| | الشَّيْطٰنِ ؕ | ش شَا ئِ طَا نِ | شیطان کے | ش ط ن | شیطانی خیال، شیطانی وسوسے |
| | اِنَّهٗ | اِن نَ هُوْ | بلاشبہ وہ | | |
| | لَكُمْ | لَ كُمْ | تمہارا | | |

حَمُوْلَةً وَّ فَرْشًا ؕ كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ

میں اونچے قد کے اور چھوٹے قد کے (پیدا کئے)، جو کچھ اللہ تعالیٰ نے تم کو دیا ہے کھاؤ اور شیطان کے قدم بقدم مت چلو، بلاشک وہ تمہارا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَدُوٌّ | عَ دُو وُ | دشمن ہے | ع د و | اَعداء، عَدو، عَداوت، عُدوان |
| | مُّبِيْنٌ ۙ﴿۱۴۲﴾ | م مُ بِیْ ن | ظاہر | ب ی ن | بیان، مُبَیِّنہ طور پر، دلیلِ بیّن |
| ۱۴۳ | ثَمٰنِيَةَ | ثَ مَا نِ یَ ةَ | آٹھ | ث م ن | ثَمَنِ قلیل، ثمین، ثمینہ (نام) |
| | اَزْوَاجٍ ۚ | اَزْ وَا ج | (پیدا فرمائیں) قسمیں | ز و ج | زَوجہ، زَوج، ازواجِ مُطہّرات |
| | مِنَ الضَّاْنِ | مِنَ ض ضَ x نِ | بھیڑ میں سے | ض ء ن | |
| | اثْنَيْنِ | ثْ نَا ئِ نِ | دو | ث ن ی | ثانی، عقدِ ثانی، لاثانی |
| | وَمِنَ الْمَعْزِ | وَ مِنَ لْ مَعْ زِ | اور بکری میں سے | م ع ز | |
| | اثْنَيْنِ ؕ | ثْ نَا ئِ ن | دو | ث ن ی | ثانی، عقدِ ثانی، لاثانی |

عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۙ﴿۱۴۲﴾ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۚ مِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ؕ

صریح دشمن ہے ﴿۱۴۲﴾ (پیدا کئے) آٹھ نر و مادہ یعنی بھیڑ میں دو قسم اور بکری میں دو قسم،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قُلْ | قُ لْ | کہہ دیجئے: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | ءٰٓالذَّكَرَيْنِ | آ... ذ ذَ کَ رَ ائْ ئِ نِ | کیا دونوں نر | ذ ك ر | مُذَکّر مُؤَنّث، تَذکِیر وتَانِیث |
| | حَرَّمَ | حَ رْ رَ مَ | اس (اللہ) نے حرام کئے ہیں | ح ر م | حَرَام، حَلَال وحَرَام، لُقمہ حَرَام |
| | اَمِ | اَ مِ | یا | | |
| | الْاُنْثَيَيْنِ | لْ اُنْ ثَ يَا ئَيْ نِ | دونوں مادہ؟ | ث ن ی | ثَانِی، عَقدِ ثَانِی، لَاثَانِی (صرف اللہ) |
| | اَمَّا | اَمْ مَا | یا وہ (بچہ) کہ | | |
| | اشْتَمَلَتْ | شْ تَ مَ لَتْ | لپٹے ہوئے ہیں | ش م ل | شَامِل ہونا، شَامِلِ اَحوال، مُشتَمِل |
| | عَلَيْهِ | عَ لَا ئْ ہِ | اس پر | | |
| | اَرْحَامُ | اَرْ حَا مُ | رحم؟ | ر ح م | رَحِم مَادِر، رَحْم، صِلَہ رَحمی، اَرحَام |
| | الْاُنْثَيَيْنِ ط | لْ اُنْ ثَ يَا ئَيْ نْ | دونوں مادائوں کے | ث ن ی | ثَانِی، عَقدِ ثَانِی، لَاثَانِی (صرف اللہ) |

**قُلْ ءٰٓالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ط**

آپ کہئے کہ کیا اللہ تعالیٰ نے ان دونوں نروں کو حرام کیا ہے یا دونوں مادہ کو؟ یا اس کو جس کو دونوں مادہ پیٹ میں لئے ہوئے ہوں؟

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | نَبِّئُوْنِيْ | نَبْ بِ ءُوْ نِيْ | تم خبر دو مجھے | ن ب ء | نَبی، اَنبیاء، خَتمِ نُبُوّت |
| | بِعِلْمٍ | بِ عِلْ مِنْ | علم کے ساتھ | ع ل م | عِلْم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلَّامَہ |
| | اِنْ كُنْتُمْ | اِنْ کُنْ تُمْ | اگر ہو تم | ك و ن | |
| | صٰدِقِيْنَ ۱۴۳ لا | صَا دِ قِيْ نَ | سچے | ص د ق | صَدَاقَت، صَادِق واَمِین، صِدق |
| ۱۴۴ | وَمِنَ الْاِبِلِ | وَ مِنَ لْ اِ بِ لِ | اور (پیدا فرمائے) اونٹ میں سے | ء ب ل | |
| | اثْنَيْنِ | ثْ نَا ئَيْ نِ | دو | ث ن ی | ثَانِی، عَقدِ ثَانِی، لَاثَانِی (صرف اللہ) |
| | وَمِنَ الْبَقَرِ | وَ مِنَ لْ بَ قَ رِ | اور گائے میں سے | ب ق ر | سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃ، بَقَرہ (گائے) بَقَرَات |
| | اثْنَيْنِ ط | ثْ نَا ئَيْ نْ | دو | ث ن ی | ثَانِی، عَقدِ ثَانِی، لَاثَانِی (صرف اللہ) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

نَبِّـُٔوْنِيْ بِعِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۴۳﴾ وَمِنَ الْاِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ؕ

تم مجھ کو کسی دلیل سے تو بتاؤ اگر سچے ہو ﴿۱۴۳﴾ اور اونٹ میں دو قسم اور گائے میں دو قسم،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قُلْ | قُ لْ | کہہ دیجئے: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | ءٰآلذَّكَرَيْنِ | آ... ذْ ذَ کَ رَ یْنِ | کیا دونوں نر | ذ ك ر | مُذکّر مُؤنّث، تذکیروتانیث |
| | حَرَّمَ | حَ رْ رَ مَ | (اللہ نے) حرام کئے ہیں | ح ر م | حَرام، حلال وحرام، لُقمہ حَرام |
| | اَمِ | اَ مِ | یا | | |
| | الْاُنْثَيَيْنِ | لْ اُ نْ ثَ یَ یَ یْ نِ | دونوں مادہ؟ | ء ن ث | مُذکّر مُؤنّث، تذکیروتانیث |
| | اَمَّا | اَ مْ مَا | یا وہ (بچہ) کہ | | |
| | اشْتَمَلَتْ | شْ تَ مَ لَ تْ | لپٹے ہوئے ہیں | ش م ل | شامل ہونا، شاملِ اَحوال، مُشتمِل |
| | عَلَيْهِ | عَ لَا یْ هِ | اس پر | | |
| | اَرْحَامُ | اَ رْ حَا مُ | رحم؟ | ر ح م | رَحمِ مادِر، رَحم، صِلہ رَحمی، اَرحام |
| | الْاُنْثَيَيْنِ ؕ | لْ اُ نْ ثَ یَ یَ یْ نْ | دونوں ماداؤں کے | ء ن ث | مُذکّر مُؤنّث، تذکیروتانیث |

قُلْ ءٰآلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ

آپ کہئے کہ کیا اللہ تعالیٰ نے ان دونوں نروں کو حرام کیا ہے یا دونوں مادہ کو؟ یا اس کو جس کو دونوں مادہ پیٹ میں لئے ہوئے ہوں؟

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَمْ كُنْتُمْ | اَ مْ کُ نْ تُمْ | یا تھے | ك و ن | |
| | شُهَدَآءَ | شُ هَ دَ ا... ءَ | تم حاضر | ش ه د | شَہادت، شاہِد، شہیدِ مِلّت |
| | اِذْ | اِ ذْ | جب | | |
| | وَصّٰكُمُ | وَ صْ صَا کُ مُ | وصیت کی تھی تمہیں | و ص ی | وَصیّت کرنا، وَصی، مُوصی |
| | اللّٰهُ | لْ لَا هُ | اللہ نے | ء ل ه | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہ العالَمین |
| | بِهٰذَا ۚ | بِ هَا ذَ ا | اس کی | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَمَنْ | فَ مَنْ | پھر کون؟ | | |
| | اَظْلَمُ | اَ ظْ لَ مُ | زیادہ ظالم ہے | ظ ل م | ظُلم، ظالِم، مَظلُوم، ظالِمین |
| | مِمَّنِ | مِم مَنِ | اس شخص سے جس نے | | |
| | افْتَرٰی | فْ تَ رَا | گھڑا | ف ر ی | مُفتری (بہتان باندھنا)، افتراء پردازی |
| | عَلَى اللّٰهِ | عَ لَلْ لَا هِ | اللہ پر | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |

اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ وَصّٰىكُمُ اللّٰهُ بِهٰذَا ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ

کیا تم حاضر تھے جس وقت اللہ تعالیٰ نے تم کو اس کا حکم دیا؟ تو اس سے زیادہ کون ظالم ہوگا جو اللہ تعالیٰ پر بلا دلیل

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كَذِبًا | کَ ذِ بَ | جھوٹ | ک ذ ب | کِذب، تکذیب، مُسیلمہ کذّاب |
| | لِّيُضِلَّ | ل لِ یُ ضِل لَ | تاکہ وہ گمراہ کرے | ض ل ل | ضَلالت (گمراہی)، ضَلالت و گمراہی |
| | النَّاسَ | ن نا سَ | لوگوں کو | ن و س | خَیرُ النّاس، عامّۃُ النّاس، عوامُ النّاس |
| | بِغَيْرِ | بِ غَائِ رِ | بغیر | غ ی ر | غیر آدمی، غیرُ اللہ، اِس کے بغیر |
| | عِلْمٍ ط | عِ لْ م | علم کے؟ | ع ل م | عِلم، تَعلیم، مُعلّم، مَعلُوم، علّامہ |
| | اِنَّ اللّٰهَ | اِن نَ ل لَا هَ | یقیناً اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | لَا يَهْدِی | لَا یَ ہْ دِ | نہیں ہدایت دیتا | ہ د ی | ہادیِ عالَم، ہادیِ برحق، ہِدایت |
| | الْقَوْمَ | لْ قَا وْ مَ | قوم | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ مُوسیٰ |
| | الظّٰلِمِیْنَ ۱۴۴ | ظ ظَا لِ مِی نَ | ظالم کو | ظ ل م | ظُلم، ظالِم، مَظلُوم، ظالِمین |

ع

كَذِبًا لِّيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۱۴۴ ع

جھوٹی تہمت لگائے، تاکہ لوگوں کو گمراہ کرے یقیناً اللہ تعالیٰ ظالم لوگوں کو راستہ نہیں دکھلاتا ۱۴۴

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۴۵ | قُلْ | قُ لْ | کہہ دیجئے: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | لَآ اَجِدُ | ل لَا.. اَ جِ دُ | میں نہیں پاتا | و ج د | وَجد، وِجدان، واجِد (نام)، مَوجود |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِیْ مَآ | فِیْ مَا.. | اس میں جو | | |
| | اُوْحِیَ | اُوْ حِ یَ | وحی کی گئی ہے | و ح ی | وَحی مَتلُو، وَحی غیر مَتلُو، وَحی کا آنا |
| | اِلَیَّ | اِلَا ئِ یْ یَ | میری طرف | | |
| | مُحَرَّمًا | مُ حَرْ رَ مَنْ | کوئی چیز حرام | ح ر م | حَرام، حَلال وحَرام، لُقمہ حَرام |
| | عَلٰی طَاعِمٍ | عَ لَا طَا عِ مِنْ | کسی کھانے والے پر | ط ع م | طَعَام ما حَضَر، قَبل اَز طَعَام، قِیَام و طَعَام |
| | يَّطْعَمُهٗٓ | یَطْ عَ مُ ہُوْ.. | جسے وہ کھائے | ط ع م | طَعَام ما حَضَر، قَبل اَز طَعَام، قِیَام و طَعَام |
| | اِلَّآ | اِل لَا.. | مگر | | اِلَّا ما شَاءَ اللہ، اِلَّا قَلِیل |
| | اَنْ يَّكُوْنَ | اَ ئِیْں یَ کُوْ نَ | یہ کہ وہ ہو | ك و ن | |
| | مَيْتَةً | مَا ئِیْ تَ تَنْ | مُردار | م و ت | مَوت، اَموَات، مَیِّت |

قُلْ لَّآ اَجِدُ فِیْ مَآ اُوْحِیَ اِلَیَّ مُحَرَّمًا عَلٰی طَاعِمٍ يَّطْعَمُهٗٓ اِلَّآ اَنْ يَّكُوْنَ مَيْتَةً

آپ کہہ دیجئے کہ جو کچھ احکام بذریعہ وحی میرے پاس آئے ان میں تو میں کوئی حرام نہیں پاتا کسی کھانے والے کیلئے جو اس کو کھائے، مگر یہ کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَوْ دَمًا | اَ وْ دَ مَنْ | یا خون | د م و | دَمِ مَسفُوح، دَم حَلال وحَرام عُمرہ وحج میں دَم |
| | مَّسْفُوْحًا | مَسْ فُوْ حَنْ | بہایا ہوا | س ف ح | دَمِ مَسفُوح (خون بوقت ذبح) |
| | اَوْ لَحْمَ | اَ ؤْ لَ حْ مَ | یا گوشت | ل ح م | لَحمِ خِنزِیر (خنزیر کا گوشت) |
| | خِنْزِيْرٍ | خِنْ زِیْ رِنْ | سؤر کا | خ ن ز ر | خِنزِیر (سؤر جانور کا نام) |
| | فَاِنَّهٗ | فَ اِن نَ ہُوْ | پس یقیناً وہ | | |
| | رِجْسٌ | رِ جْ سُنْ | ناپاک ہے | ر ج س | رِجس جانور (پلید، ناپاک) |
| | اَوْ فِسْقًا | اَ ؤْ فِسْ قَنْ | یا (وہ) فسق ہو | ف س ق | فِسق و فُجُور، فَاسِق و فَاجِر |
| | اُهِلَّ | اُہِلْ لَ | (کہ) نام پکارا گیا ہو | ھ ل ل | |
| | لِغَيْرِ | لِ غَا ئِیْ رِ | سوا کسی اور کا | غ ی ر | غَیر آدمی، غَیرُ اللہ، اِسکے بغَیر |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | بِهٖ ج | بِ ہِیْ | اس پر | | |

اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا اَوْ لَحْمَ خِنْزِيْرٍ فَاِنَّهٗ رِجْسٌ اَوْ فِسْقًا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ج

وہ مردار ہو یا کہ بہتا ہوا خون ہو یا خنزیر کا گوشت ہو، کیوں کہ وہ بالکل ناپاک ہے یا جو شرک کا ذریعہ ہو کہ غیر اللہ کیلئے نامزد کر دیا گیا ہو،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَمَنِ | فَ مَنِ | پھر جو شخص | | |
| | اضْطُرَّ | ضْ طُرْ رَ | مجبور کر دیا جائے | ض ر ر | اِضْطِرار، مُضْطَر (لاچار)، اِضْطِراری کیفیّت |
| | غَيْرَ | غَا ئِ رَ | (بشرطیکہ وہ) نہ ہو | غ ی ر | غیر آدمی، غیرُ اللہ، اِسکے بغیر |
| | بَاغٍ | بَا غِ نْ وْ | سرکش | ب غ ی | بَاغی، بغاوت، بَاغی گروہ |
| | وَّلَا عَادٍ | وَلَا عَادِنْ | اور نہ حد سے گزرنے والا | ع د و | تَعَدِّی، مُتَعَدِّی اَمراض |
| | فَاِنَّ | فَ اِن نَ | تو بے شک | | |
| | رَبَّكَ | رَب بَ کَ | آپ کا رب ہے | ر ب ب | اَرَباب، مُرَبِّی، رَبُّ العَالَمِین<br>رَبَّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحَمَّد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | غَفُوْرٌ | غَ فُوْ رُ | بہت بخشنے والا | غ ف ر | غَفَّار، عَبدُ الغَفُور، غَافِر، اِستِغفار |
| | رَّحِيْمٌ ﴿۱۴۵﴾ | رَ رَ حِیْ م | نہایت رحم کرنے والا | ر ح م | رَحم وکرم، رَحم، رَحمان، اَرحَم |
| ۱۴۶ | وَعَلَى الَّذِيْنَ | وَ عَ لَل لَ ذِ یْ نَ | اور ان لوگوں پر جو | | |
| | هَادُوْا | ہَا دُوْ | یہودی ہوئے | ھ و د | یَہُودِی لوگ، یَہُودِی مَذہَب |

فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ رَبَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴۵﴾ وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا

پھر جو شخص مجبور ہو جائے بشرطیکہ نہ تو طالب لذت ہو اور نہ تجاوز کرنے والا ہو تو واقعی آپ کا رب غفور الرحیم ہے ﴿۱۴۵﴾ اور یہود پر ہم نے تمام

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | حَرَّمْنَا | حَرْ رَمْ نَا | ہم نے حرام کیا تھا | ح ر م | حَرام، حلال وحَرام، لُقمہ حَرام |
| | كُلَّ | کُل لَ | ہر | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | ذِيْ ظُفُرٍ ج | ذِ یْ ظُ فُ رِ | ناخن والا (جانور) | ظ ف ر | ذِیشان، ذِی وقار، ذِی قَدر |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَمِنَ الْبَقَرِ | وَ مِنَ لْ بَ قَ رِ | اور گائے میں سے | ب ق ر | سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃ، بَقَرہ (گائے) بَقَرات |
| | وَالْغَنَمِ | وَل غَ نَ مِ | اور بکری (میں سے) | غ ن م | |
| | حَرَّمْنَا | حَرْ رَمْ نَا | ہم نے حرام کیں | ح ر م | حَرَام، حَلَال وحَرَام، لُقمہ حَرَام |
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا ئِ ہِمْ | ان پر | | |
| | شُحُوْمَهُمَآ | شُ حُوْ مَ ہُ مَا.. | ان دونوں کی چربیاں | ش ح م | |
| | اِلَّا مَا | اِل لَا مَا | مگر جو | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا قَلِیل |

حَرَّمْنَا كُلَّ ذِىْ ظُفُرٍ ۚ وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُوْمَهُمَآ اِلَّا مَا

ناخن والے جانور حرام کردیئے تھے اور گائے اور بکری میں سے ان دونوں کی چربیاں ان پر ہم نے حرام کردی تھیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | حَمَلَتْ | حَ مَ لَتْ | اُٹھایا ہوا ہو | ح م ل | حَمل، حَامِلہ عورت، حَامِلِ قرآن |
| | ظُهُوْرُهُمَآ | ظُ ہُوْ رُ ہُ مَا.. | ان دونوں کی پیٹھوں نے | ظ ھ ر | ظُہور، مَظہر، حُرمت ظِہار |
| | اَوِ الْحَوَايَآ | اَوِلْ حَ وَا يَا.. | یا آنتوں نے | ح و ی | |
| | اَوْ مَا | آ ؤ مَا | یا جو | | |
| | اخْتَلَطَ | خْ تَ لَ طَ | ملی ہو | خ ل ط | خلط ملط ہونا، اِختِلَاط، مَخلُوط |
| | بِعَظْمٍ ؕ | بِ عَ ظْ مِ | ہڈی کے ساتھ | ع ظ م | |
| | ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ | ذَا لِ كَ جَ زَا ئِ نَا هُمْ | یہ ہم نے انہیں سزا دی | ج ز ی | جزا وسزا، جزائے خیر، جزاک اللہ (اللہ تجھ کو جزا دے) |
| | بِبَغْيِهِمْ ۫ۖ | بِ بَغْ يِ هِمْ | ان کی سرکشی کی وجہ سے | ب غ ی | بَاغی، بَغَاوت، بَاغی گروہ |
| | وَاِنَّا | وَ اِن نَا | اور بلاشبہ ہم | | |

حَمَلَتْ ظُهُوْرُهُمَآ اَوِ الْحَوَايَآ اَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ؕ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِبَغْيِهِمْ ۫ۖ وَاِنَّا

مگر وہ ان کی پشت پر یا انتڑیوں میں لگی ہو یا جو ہڈی سے ملی ہو، ان کی شرارت کے سبب ہم نے ان کو یہ سزا دی اور ہم یقیناً

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَصٰدِقُوْنَ ۝١٤٦ | لَ صَا دِ قُوْ نَ | یقیناً سچے ہیں | ص د ق | صَداقت، صَادِق واَمِین، صِدق |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٤٧ | فَاِنْ | فَ اِنْ | پھر اگر | | |
| | كَذَّبُوْكَ | كَ ذْ ذَ بُوْ كَ | وہ آپ کو جھٹلائیں | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذب، کذّاب، مُسَیلمہ کذّاب (نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | فَقُلْ | فَ قُلْ | تو کہہ دیجئے: | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | رَّبُّكُمْ | رَبْ بُ كُمْ | تمہارا رب | ر ب ب | ارباب، مُربّی، ربُّ العالمین، ربّانی، ربِّ کعبہ، ربِّ محمد ﷺ |
| | ذُوْ رَحْمَةٍ | ذُوْ رَحْ مَ تِنْ وْ | رحمت والا | ر ح م | رحم، رحمت، رحیم، رحم و کرم |
| | وَّاسِعَةٍ ۚ | وَا سِ عَ ةْ | وسیع ہے | و س ع | وسعتِ ظرفی، وسیع، واسع، وسیع و عریض |
| | وَلَا يُرَدُّ | وَلَا يُ رَ دْ دُ | اور نہیں پھیرا جاتا | ر د د | ردّ کرنا، ردِّ کفر، ارتداد، فتنۂ ارتداد |
| | بَاْسُهٗ | بَ x سُ هُوْ | اس کا عذاب | ب ء س | |

لَصٰدِقُوْنَ ﴿١٤٦﴾ فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ رَّبُّكُمْ ذُوْ رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ ۚ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُهٗ

سچے ہیں ﴿١٤٦﴾ پھر اگر یہ آپ کو کاذب کہیں تو آپ فرما دیجئے کہ تمہارا رب بڑی وسیع رحمت والا ہے اور اس کا عذاب

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَنِ الْقَوْمِ | عَنِ لْ قَا وْ مِ | قوم سے | ق و م | قوم، اقوام، مسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | الْمُجْرِمِيْنَ ﴿١٤٧﴾ | لْ مُ جْ رِ مِيْ نْ | مجرم | ج ر م | جرم، مجرم، فردِ جرم |
| ١٤٨ | سَيَقُوْلُ | سَ يَ قُوْ لُ | عنقریب کہیں گے | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | الَّذِيْنَ | لْ لَ ذِيْ نَ | وہ لوگ جنہوں نے | | |
| | اَشْرَكُوْا | اَ شْ رَ كُوْ | شرک کیا: | ش ر ك | شرک، مشرک، مشرکین، شرکاء |
| | لَوْ شَآءَ | لَوْ شَا... ءَ | اگر چاہتا | ش ی ء | ان شاء اللہ، ما شاء اللہ، مشیتِ الٰہی |
| | اللّٰهُ | لْ لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | الٰہ، الٰہی، آلہہ، الٰہ العالمین |
| | مَآ اَشْرَكْنَا | مَا.. اَشْ رَكْ نَا | تو ہم شرک نہ کرتے | ش ر ك | شرک، مشرک، مشرکین، شرکاء |

عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿١٤٧﴾ سَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكْنَا

مجرم لوگوں سے نہ ٹلے گا ﴿١٤٧﴾ یہ مشرکین (یوں) کہیں گے کہ اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا تو نہ ہم شرک کرتے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَلَآ اٰبَآؤُنَا | وَلَا۔۔ آ بَا۔۔۔ ءُ نَا | اور نہ ہمارے باپ دادا | ء ب و | آباؤ اَجداد، اِس کے آباء |
| | وَلَا حَرَّمْنَا | وَلَا حَرْرَمْ نَا | اور نہ ہم حرام کرتے | ح ر م | حَرام، حلال وحَرام، لُقمۂ حَرام |
| | مِنْ شَيْءٍ ؕ | مِنْ شَائِ ءِ | کوئی چیز | ش ی ء | شَئے، اَشیاء، اَشیائے خوردنی اَشیائے خوردونوش |
| | كَذٰلِكَ كَذَّبَ | کَذَا لِ کَ کَذْ ذَ بَ | اسی طرح جھٹلایا | ك ذ ب | کِذب، تکذِیب، کاذِب، کَذّاب مُسیلمہ کَذّاب (نُبُوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | الَّذِيْنَ | اَل لَ ذِ یْ نَ | ان لوگوں نے جو | | |
| | مِنْ قَبْلِهِمْ | مِنْ قَبْ لِ ہِمْ | ان سے پہلے تھے | ق ب ل | قَبل اسکے، قَبل اَز نماز، قَبل اَز طَعام |
| | حَتّٰى | حَت تَا | یہاں تک کہ | | حَتَّی الاِمکان، حَتّٰی کہ |

**وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ شَيْءٍ ؕ كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ حَتّٰى**

اور نہ ہمارے باپ دادا اور نہ ہم کسی چیز کو حرام کہہ سکتے، اسی طرح جو لوگ ان سے پہلے ہو چکے ہیں انہوں نے بھی تکذیب کی تھی یہاں تک کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ذَاقُوْا | ذَ اقُوْ | انہوں نے چکھا | ذ و ق | ذَوق وشَوق، ذَائقۃُ الموت |
| | بَاْسَنَا ؕ | بَ x سَ نَا | ہمارا عذاب | ب ء س | |
| | قُلْ | قُ لْ | کہہ دیجئے: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | هَلْ | ہَ لْ | کیا ہے | | |
| | عِنْدَكُمْ | عِنْ دَ کُمْ | تمہارے پاس | ع ن د | عِندَاللہ ماجُور ہوں، عِندَالطَّلَب |
| | مِّنْ عِلْمٍ | مِنْ عِ لْ مِنْ | کوئی علم | ع ل م | عِلم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلاّمَہ |
| | فَتُخْرِجُوْهُ | فَ تُ خْ رِ جُوْ ہُ | کہ تم نکالو اسے | خ ر ج | خَارِج، وزارتِ خارجہ مَخرَج، خُرُوج |
| | لَنَا ؕ | لَ نَا | ہمارے لئے؟ | | |
| | اِنْ تَتَّبِعُوْنَ | اِنْ تَت تَ بِ عُوْنَ | تم نہیں پیروی کرتے | ت ب ع | تابعدار، تابِعِ فرماں، اِتّباع |

**ذَاقُوْا بَاْسَنَا ؕ قُلْ هَلْ عِنْدَكُمْ مِّنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوْهُ لَنَا ؕ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ**

انہوں نے ہمارے عذاب کا مزہ چکھا، آپ کہئے کہ کیا تمہارے پاس کوئی دلیل ہے تو اس کو ہمارے روبرو ظاہر کرو، تم لوگ محض خیالی باتوں پر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَاشَاءَ اللہ، اِلَّا قَلِیل |
| | الظَّنَّ | ظْ ظَن نَ | گمان کی | ظ ن ن | ظَنّ، حُسنِ ظَنّ، سُوءِ ظَنّ، بدظَنّ |
| | وَاِنْ اَنْتُمْ | وَ اِنْ اَنْ تُمْ | اور نہیں ہو تم | | |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَاشَاءَ اللہ، اِلَّا قَلِیل |
| | تَخْرُصُوْنَ ۱۴۸ | تَ خْ رُصُوْ نَ | اٹکل پچو (قیاس آرائیاں) کرتے | خ ر ص | |
| ۱۴۹ | قُلْ | قُ لْ | کہہ دیجئے: | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | فَلِلّٰهِ | فَ لِل لَا هِ | پس اللہ ہی کے لئے ہے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلہہ، اِلٰہ العالمین |
| | الْحُجَّةُ | لْ حُ جْ جَ ةُ | دلیل | ح ج ج | حُجَّت، کٹ حُجّتی، حُجّتیں، اتمامِ حُجّت |
| | الْبَالِغَةُ ج | لْ بَا لِ غَ ةُ | محکم (کامل) | ب ل غ | اَبلاغِ عامہ، ذرائع ابلاغ، مُبلّغ |
| | فَلَوْ | فَ لَا وْ | پھر اگر | | |
| | شَآءَ | شَا ... ءَ | وہ چاہتا | ش ی ء | اِن شَاءَ اللہ، مَاشَاءَ اللہ، مَشِیتِ اِلٰہی |

اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَخْرُصُوْنَ ۱۴۸ قُلْ فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ج فَلَوْ شَآءَ

چلتے ہو اور تم بالکل اٹکل (قیاس آرائیوں) سے باتیں بناتے ہو ۱۴۸ آپ کہئے کہ بس پوری حجت اللہ تعالیٰ ہی کی رہی، پھر اگر وہ چاہتا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَهَدٰىكُمْ | لَ هَ دَا كُمْ | تو ضرور ہدایت دے دیتا تم | ھ د ی | ہَادیِ عَالَم، ہَادیِ برحق، ہِدایت |
| | اَجْمَعِيْنَ ۱۴۹ | اَ جْ مَ ءِیْ نَ | سب کو | ج م ع | جَماعت، جَماعتیں، مجمع، مجموعہ |
| ۱۵۰ | قُلْ | قُ لْ | کہہ دیجئے: | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | هَلُمَّ | هَ لُم مَ | تم لے آؤ | | |
| | شُهَدَآءَكُمُ | شُ هَ دَا ... ءَ كُمْ | اپنے گواہ | ش ھ د | شہادت، شاہد، شہیدِ ملّت |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِیْ نَ | وہ جو | | |
| | يَشْهَدُوْنَ | یَشْ هَ دُوْ نَ | گواہی دیں | ش ھ د | شہادت، شاہد، شہیدِ ملّت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنَّ | اَن نَ | کہ بلاشبہ | | |
| | اللّٰهَ | ل لَا ہَ | اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | حَرَّمَ | حَ رْ رَ مَ | حرام کیا ہے | ح ر م | حَرام، حَلال وحَرام، حُرمَت |

لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿١٤٩﴾ قُلْ هَلُمَّ شُهَدَآءَكُمُ الَّذِيْنَ يَشْهَدُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ

توتم سب کو راہ راست پر لے آتا ﴿١٤٩﴾ آپ کہئے کہ اپنے گواہوں کو لاؤ جو اس بات پر شہادت دیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان چیزوں کو حرام کردیا ہے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هٰذَا ج | ہَا ذَا | ان (چیزوں) کو | | حامِل رُقعہ ہٰذا، لہٰذا |
| | فَاِنْ | فَ اِنْ | پھر اگر | | |
| | شَهِدُوْا | شَ ہِ دُوْ | وہ گواہی دیں | ش ہ د | شَہادت، شاہِد، شَہیدِ مِلّت |
| | فَلَا تَشْهَدْ | فَ لَا تَشْ ہَ دْ | تو آپ گواہی نہ دیں | ش ہ د | شَہادت، شاہِد، شَہیدِ مِلّت |
| | مَعَهُمْ ج | مَ عَ ہُمْ | ان کے ساتھ | | مَع ہٰذا، اُس کی مَعیّت میں |
| | وَلَا تَتَّبِعْ | وَلَا تَتْ تَ بِ عْ | اور نہ آپ پیچھے چلیں | ت ب ع | تابعدار، تابِع فرماں، اِتّباع |
| | اَهْوَآءَ | اَہْ وَا...ءَ | خواہشات کے | ھ و ی | ہوائے نفس، ہَوا وہَوس |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | ان لوگوں کی جنہوں نے | | |
| | كَذَّبُوْا | کَذْ ذَ بُوْ | جھٹلایا | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کَذّاب مُسَیلمہ کَذّاب (نبُوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | بِاٰيٰتِنَا | بِ آ یا تِ نَا | ہماری آیات کو | ء ی ی | آیتِ قرآنی، آیۃُ الکُرسی آیتِ کریمہ |

هٰذَا ج فَاِنْ شَهِدُوْا فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ ج وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا

پھر اگر وہ گواہی دے دیں تو آپ اس کی شہادت نہ دیجئے اور ایسے لوگوں کے باطل خیالات کا اتباع مت کیجئے! جو ہماری آیتوں کی تکذیب

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَالَّذِيْنَ | وَل لَ ذِ یْ نَ | اور (نہ) ان کو جو | | |
| | لَا يُؤْمِنُوْنَ | لَا یُ x مِ نُوْ نَ | ایمان نہیں لاتے | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، اِیمان |
| | بِالْاٰخِرَةِ | بِلْ آ خِ رَ ةِ | آخرت پر | ء خ ر | آخرت کا دن، اُخروی کامیابی آخرت کا سفر |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَهُمْ | وَ ہُمْ | اور وہ | | |
| | بِرَبِّهِمْ | بِ رَب بِ ہِمْ | اپنے رب کے ساتھ | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحمّد صلی اللہ علیہ وسلم |
| | يَعْدِلُوْنَ ۱۵۰ ع | يَ عْ دِ لُوْن | برابر ٹھہراتے ہیں | ع د ل | عَادِل، عَدالت، نظامِ عدل |
| ۱۵۱ | قُلْ | قُ لْ | کہہ دیجیے: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | تَعَالَوْا | تَ عَالَا ؤ | تم آؤ | ع ل و | |
| | اَتْلُ | اَتْ لُ | میں پڑھتا ہوں | ت ل و | وَحی مَتلُو، وَحی غیر مَتلو، وَحی کا آنا |
| | مَا | مَا | جو کچھ | | |
| | حَرَّمَ | حَر رَمَ | حرام کیا ہے | ح ر م | حَرام، حَلال وحَرام، حُرمت |

ع ۱۸ ۵

وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَهُمْ بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ۱۵۰ ع قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ مَا حَرَّمَ

کرتے ہیں اور وہ جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اور وہ اپنے رب کے برابر دوسروں کو ٹھہراتے ہیں ۱۵۰ آپ کہیئے کہ آؤ میں تم کو وہ چیزیں پڑھ کر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رَبُّكُمْ | رَب بُ كُمْ | تمہارے رب نے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحمّد صلی اللہ علیہ وسلم |
| | عَلَيْكُمْ | عَ لَا ئِ كُمْ | تم پر (اس نے تاکید کی ہے) | | |
| | اَلَّا | اَل لَا | یہ کہ | | |
| | تُشْرِكُوْا | تُشْ رِ كُوْ | تم نہ شریک ٹھہراؤ | ش ر ك | شِرک، مُشرِک، مُشرِکین، شُرَکاء |
| | بِهٖ | بِ ہِیْ | اس کے ساتھ | | |
| | شَيْــًٔا | شَا ئِ آ ؤ ں | کسی چیز کو | ش ی ء | شَئے، اَشیاء، اَشیائے خُوردنی اَشیائے خُوردونوش |
| | وَّبِالْوَالِدَيْنِ | وَ بِلْ وَا لِ دَا ئِ نِ | اور والدین کے ساتھ | و ل د | وَالِد، وَلَد، مَولُود، مِیلاد، اَولاد |
| | اِحْسَانًا ج | اِحْ سَا نَا | احسان کیا کرو | ح س ن | حُسن، اِحسان، مُحسن، مُحسِنات |
| | وَلَا تَقْتُلُوْٓا | وَلَا تَقْ تُ لُوْ.. | اور تم مت قتل کرو | ق ت ل | قَتل، قَاتِل، مَقتول، قَتلِ عام |
| | اَوْلَادَكُمْ | اَوْ لَا دَ كُمْ | اپنی اولاد کو | و ل د | وَالِد، وَالِدَین، وَالِدہ، اَولاد |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ اَلَّا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا وَّ بِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۚ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ

سناؤں جن (یعنی جن کی مخالفت) کو تمہارے رب نے تم پر حرام فرما دیا ہے، وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی چیز کو شریک مت ٹھہراؤ، اور ماں باپ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنْ اِمْلَاقٍ ؕ | مِنْ اِمْ لَا قْ | مفلسی کے ڈر سے | م ل ق | |
| | نَحْنُ | نَ حْ نُ | ہم | | |
| | نَرْزُقُكُمْ | نَ رْزُ قُ كُمْ | ہی رزق دیتے ہیں تمہیں | ر ز ق | رِزق، رَازِق، رَزّاق، مَرزُوق |
| | وَاِيَّاهُمْ ۚ | وَ اِیْ یَا هُمْ | اور انہیں (بھی) | | |
| | وَلَا تَقْرَبُوا | وَلَا تَقْ رَ بُوْ | اور تم نہ قریب جاؤ | ق ر ب | قُربِ الٰہی، قَریبی، قُربَت |
| | الْفَوَاحِشَ | لْ فَ وَا حِشَ | بے حیائی کے کاموں کے | ف ح ش | فُحش کلامی، فَوَاحِش، فَاحِشہ، فَحاشی |
| | مَا ظَهَرَ | مَا ظَ هَ رَ | جو ظاہر ہوں | ظ ھ ر | ظُہور، مَظہر، حُرمت ظِہار |
| | مِنْهَا | مِنْ هَا | ان میں سے | | |

مِّنْ اِمْلَاقٍ ؕ نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَ اِيَّاهُمْ ۚ وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا

کیساتھ احسان کرو اور اپنی اولاد کو افلاس کے سبب قتل مت کرو، ہم تم کو اور ان کو رزق دیتے ہیں اور بے حیائی کے جتنے طریقے ہیں انکے پاس بھی مت

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَمَا بَطَنَ ۚ | وَ مَا بَ طَنْ | اور جو چھپے ہوئے ہوں | ب ط ن | بَطنِ مَریَم، بَطنِ مادر، ظاہر و باطن |
| | وَلَا تَقْتُلُوا | وَلَا تَقْ تُ لُ | اور تم نہ قتل کرو | ق ت ل | قَتل، قَاتِل، مَقتُول، قَتلِ عام |
| | النَّفْسَ | نْ نَفْ سَ | اس جان کو | ن ف س | نَفس، اَنفُس، نَفسانَفسی، مُتنفّس |
| | الَّتِيْ | لْ لَ تِیْ | جس کو | | |
| | حَرَّمَ | حَرْ رَ مَ | حرام کیا | ح ر م | حَرام، حَلال و حَرام، حُرمَت |
| | اللّٰهُ | لْ لَا هُ | اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالمین |
| | اِلَّا | اِلْ لَا | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا قلیل |
| | بِالْحَقِّ ؕ | بِلْ حَقْ ق | حق کے ساتھ | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقیقت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ذٰلِكُمْ | ذَا لِ کُمْ | یہ (سب باتیں) | | |
| | وَصّٰىكُمْ | وَص صَا کُمْ | اس (اللہ) نے تمہیں تاکیدی حکم دیا ہے | و ص ی | وَصِیَّت کرنا، وَصی، آخری وَصِیَّت |
| | بِهٖ | بِ ہِیْ | ان کا | | |

وَمَا بَطَنَ ۚ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ۭ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ

جاؤ خواہ وہ علانیہ ہوں خواہ پوشیدہ، اور جس کا خون کرنا اللہ تعالیٰ نے حرام کر دیا ہے اس کو قتل مت کرو، ہاں! مگر حق کے ساتھ ان کا تم کو تاکیدی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَعَلَّكُمْ | لَ عَل لَ کُمْ | تاکہ تم | | |
| | تَعْقِلُوْنَ ﴿١٥١﴾ | تَ عْ قِ لُوْ نَ | سمجھو | ع ق ل | عَقلمند، عَاقِل بَالِغ، مَعقُول |
| ١٥٢ | وَلَا تَقْرَبُوْا | وَلَا تَقْ رَ بُوْ | اور تم نہ قریب جاؤ | ق ر ب | قُربِ الٰہی، قَرِیبی، قُربَت |
| | مَالَ | مَا لَ | مال (کے) | م و ل | مَالِ غَنِیمت، مَالِ فَئے، مَالِ زَکٰوۃ |
| | الْيَتِيْمِ | لْ یَ تِیْ مِ | یتیم کے | ی ت م | یَتیم، یَتَامٰی، یَتیم مِسکین |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَاشَاءَ اللہ، اِلَّا قَلِیل |
| | بِالَّتِيْ | بِل لَ تِیْ | اس (طریقے) سے | | |
| | هِيَ اَحْسَنُ | ہِ یَ اَحْ سَ نُ | جو بہترین ہو | ح س ن | حَسَن، اِحسَان، مُحسِن، مُحسِنَات |
| | حَتّٰى | حَت تَا | یہاں تک کہ | | حَتَّی الاِمکَان، حَتّٰی کہ |
| | يَبْلُغَ | یَبْ لُ غَ | وہ پہنچ جائے | ب ل غ | بَالِغ، بُلُوغَت، اَبلَاغِ عَامہ |

لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿١٥١﴾ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ

حکم دیا ہے تاکہ تم سمجھو ﴿١٥١﴾ اور یتیم کے مال کے پاس نہ جاؤ مگر ایسے طریقے سے جو کہ مستحسن ہے یہاں تک کہ وہ اپنے سن رشد کو پہنچ جائے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَشُدَّهٗ ۚ | اَ شُدْ دَهٗ | اپنی جوانی کو | ش د د | شَدِید، شِدّت، اَشَد ضَرُوری |
| | وَاَوْفُوا | وَ اَوْ فُوْ | اور تم پورا کرو | و ف ی | وَفا شِعَاری، وَفَاداری<br>اِیفَائے عَہد، عَہدِ وَفا |
| | الْكَيْلَ | لْ کَیْ لَ | ماپ | ك ی ل | پِیمَانہ، کَیل (ناپ تول) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَالْمِيْزَانَ | وَلْ مِیْ زَا نَ | اور تول | و ز ن | وَزن، اَوزَان، مِیزَان |
| | بِالْقِسْطِ ج | بِلْ قِسْ طِ | انصاف کے ساتھ | ق س ط | قِسط، قُسط، اَقسَاط، مُقسِط |
| | لَا نُكَلِّفُ | لَا نُ کَلْ لِ فُ | ہم نہیں تکلیف دیتے | ك ل ف | تَکلِیف، مُکَلَّف، تَکَلُّف |
| | نَفْسًا | نَفْ سَنْ | کسی نفس کو | ن ف س | نَفسانی خیال، نَفس، نُفُوس، تَنَفُّس |
| | اِلَّا | اِلْ لَا | مگر | | اِلَّا مَاشَاءَاللہ، اِلَّا قَلِیل |
| | وُسْعَهَا ج | وُسْ عَ ہَا | اس کی طاقت کے مطابق ہی | و س ع | وُسعَتِ ظَرفی، وَسِیع، وَاسِع، وَسِیع وعَرِیض |
| | وَاِذَا | وَ اِ ذَا | اور جب | | |

**اَشُدَّهٗ ج وَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ ج لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ج وَاِذَا**

اور ناپ تول پوری پوری کرو، انصاف کی ساتھ، ہم کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے، اور جب

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قُلْتُمْ | قُلْ تُمْ | تم بات کرو | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | فَاعْدِلُوْا | فَ عْ دِ لُوْ | تو انصاف سے کام لو | ع د ل | عَادِل، عَدَالت، نِظامِ عَدل |
| | وَلَوْ | وَ لَا ءْ | اگرچہ | | |
| | كَانَ | کَ ا نَ | وہ ہو | ك و ن | |
| | ذَا قُرْبٰى ج | ذَا قُرْ بَا | قریبی (ہی) | ق ر ب | قُربِ الٰہی، قَرِیبی، قُربَت |
| | وَبِعَهْدِ | وَ بِ عَ ہْ دِ | اور عہد | ع ھ د | عَہد، مُعاہِد، مُعاہَدہ، عہدِ خلافت |
| | اللّٰهِ | لْ لَا ہِ | اللہ کا | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | اَوْفُوْا ط | اَ وْ فُوْ | تم پورا کرو | و ف ی | وَفا شِعَاری، وَفَادَاری، اِیفَائے عَہد، عَہدِ وفا |
| | ذٰلِكُمْ | ذَا لِ کُمْ | یہ (سب باتیں) | | |
| | وَصّٰىكُمْ | وَصْ صَا کُمْ | اس (اللہ) نے تمہیں تاکیدی حکم دیا ہے | و ص ی | وَصِیَّت کرنا، وَصی، آخری وَصِیَّت |
| | بِهٖ | بِ ہِیْ | ان کا | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَ لَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۚ وَ بِعَهْدِ اللّٰهِ اَوْفُوْا ؕ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ

تم بات کرو تو انصاف کرو، گو وہ شخص قرابت دار ہی ہو اور اللہ تعالیٰ سے جو عہد کیا اس کو پورا کرو، ان کا اللہ تعالیٰ نے تم کو تاکیدی حکم دیا ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَعَلَّكُمْ | لَ عَل لَ كُمْ | تاکہ تم | | |
| | تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۵۲﴾ | تَذَ كْ كَ رُوْن | نصیحت حاصل کرو | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذاکِر، مَذکُور، ذِکرِ الٰہی |
| ۱۵۳ | وَ اَنَّ | وَ اَن نَ | اور بلاشبہ | | |
| | هٰذَا | ہَا ذَا | یہ | | |
| | صِرَاطِيْ | صِ رَا طِيْ | میرا راستہ ہے | ص ر ط | پُل صِراط، صِراطِ مُستَقیم (رسالہ کا نام) |
| | مُسْتَقِيْمًا | مُسْ تَ قِيْ مَنْ | سیدھا | ق و م | اِستِقامت فِی الدِّین، صِراطِ مُستَقیم |
| | فَاتَّبِعُوْهُ ۚ | فَت تَ بِ عُوْ هُ | لہٰذا تم اس کی پیروی کرو | ت ب ع | تابعدار، تابعِ فرماں، اِتّباع |
| | وَلَا تَتَّبِعُوا | وَ لَا تَت تَ بِ عُ | اور تم مت پیروی کرو | ت ب ع | تابعدار، تابعِ فرماں، اِتّباع |
| | السُّبُلَ | س سُ بُ لَ | (اور) راستوں کی | س ب ل | سَبِیل، سُبُل، فِی سَبِیلِ اللہ |

لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۵۲﴾ وَ اَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا فَاتَّبِعُوْهُ ۚ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ

تاکہ تم یاد رکھو ﴿۱۵۲﴾ اور یہ کہ یہ دین میرا راستہ ہے جو مستقیم ہے سو اس راہ پر چلو اور دوسری راہوں پر مت چلو کہ وہ راہیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَتَفَرَّقَ | فَ تَ فَ رْرَ قَ | اس لئے کہ وہ الگ کر دیں گے | ف ر ق | فَرق، فَرِیق، فِرقہ، مُتفَرّق |
| | بِكُمْ | بِ كُمْ | تمہیں | | |
| | عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ | عَنْ سَ بِيْ لِ هٖ | اس (اللہ) کے راستے سے | س ب ل | سَبِیل، سُبُل، فِی سَبِیلِ اللہ |
| | ذٰلِكُمْ | ذَا لِ كُمْ | یہ (سب باتیں) | | |
| | وَصّٰىكُمْ | وَص صَا كُمْ | اس (اللہ) نے تمہیں تاکیدی حکم دیا ہے | و ص ی | وَصِیَّت کرنا، وَصی، آخری وَصِیَّت |
| | بِهٖ | بِ هِيْ | ان کا | | |
| | لَعَلَّكُمْ | لَ عَل لَ كُمْ | تاکہ تم | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَتَّقُوْنَ ﴿۱۵۳﴾ | تَت تَ قُوْ ن | ڈرو | و ق ی | مُتّقی لوگ، تقویٰ وپرہیزگاری |
| ۱۵۴ | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | اٰتَيْنَا | آ تَا ئِ نَا | ہم نے دی | ء ت ی | |

فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۵۳﴾ ثُمَّ اٰتَيْنَا

تم کو اللہ تعالیٰ کی راہ سے جدا کردیں گی، اس کا تم کو اللہ تعالیٰ نے تاکیدی حکم دیا ہے تاکہ تم پرہیزگاری اختیار کرو ﴿۱۵۳﴾ پھر ہم نے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُوْسَى | مُو سَ | موسیٰ کو | | حضرت موسیٰ علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | الْكِتٰبَ | لْ كِ تَا بَ | کتاب | ک ت ب | کتابِ حکمت، کتاب اللہ، کتابت |
| | تَمَامًا | تَ مَا مَنْ | پورا کرنے کیلئے (نعمت کو) | ت م م | تمام، تمّت بالخیر، اتمامِ حجّت |
| | عَلَى الَّذِيْٓ | عَ لَل لَ ذِ يْ.. | اس شخص پر جس نے | | |
| | اَحْسَنَ | اَحْ سَ نَ | نیکی کی | ح س ن | حَسن، احسان، محسن، محسنات |
| | وَتَفْصِيْلًا | وَ تَفْ صِيْ لَ | اور تفصیل بیان کرنے کیلئے | ف ص ل | مُفصّل بیان، تفصیلی خطاب، تفصیلات |
| | لِّكُلِّ | ل لِ كُل لِ | ہر | ک ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | شَيْءٍ | شَا ئِ ءِ ئِ ن | چیز (کی) | ش ی ء | شَئے، اَشیاء، اَشیائے خوردنی، اَشیائے خوردونوش |
| | وَّهُدًى | وَ هُ دَا ئِ ن | اور (باعث) ہدایت | ھ د ی | ہادیِ عالَم، ہادیِ برحق، ہدایت |
| | وَّرَحْمَةً | وَ رَحْ مَ ةً | اور (ذریعہ) رحمت | ر ح م | رَحم، رحمت، رحیم، رحم وکرم |

مُوْسَى الْكِتٰبَ تَمَامًا عَلَى الَّذِيْٓ اَحْسَنَ وَتَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً

موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب دی تھی جس سے اچھی طرح عمل کرنے والوں پر نعمت پوری ہو اور سب احکام کی تفصیل ہو جائے اور رہنمائی ہو اور رحمت ہو

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَّعَلَّهُمْ | ل لَ عَل لَ هُمْ | تاکہ وہ | | |
| | بِلِقَآءِ | بِ لِ قَا ... ءِ | ملاقات پر | ل ق ی | مُلاقات، مُلاقاتی حضرات، التقاء |
| | رَبِّهِمْ | رَب بِ هِمْ | اپنے رب کی | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، ربّ العالمین، ربّانی، ربِّ کعبہ، ربِّ محمد صلی اللہ علیہ وسلم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يُؤْمِنُوْنَ ۧ ﴿١٥٤﴾ | یُ x مِ نُوْ ن | ایمان لے آئیں | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، اِیمان |
| ١٥٥ | وَهٰذَا | وَ ہَا ذَا | اور یہ (قرآن) | | |
| | كِتٰبٌ | کِ تَا بُنْ | ایک (عظیم) کتاب ہے | ك ت ب | کِتابِ حِکمت، کِتابُ اللہ، کِتابت |
| | اَنْزَلْنٰهُ | اَنْ زَلْ نَا هُ | ہم نے اسے اتارا | ن ز ل | نازِل، نُزُول، نازِلہ، مَنازِل |
| | مُبٰرَكٌ | مُ بَا رَ کُنْ | مبارک ہے | ب ر ك | مُبارَکباد دینا، بَرَکت، مَبرُوک |
| | فَاتَّبِعُوْهُ | فَتْ تَ بِ عُوْ هُ | لہٰذا تم اس کی پیروی کرو | ت ب ع | تابعدار، تابِع فرماں، اِتّباع |
| | وَاتَّقُوْا | وَتْ تَ قُوْ | اور تم ڈرو | و ق ی | مُتَّقی لوگ، تَقویٰ و پَرہیز گاری |

ع ١٩ ٢

لَعَلَّهُمْ بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ۧ ﴿١٥٤﴾ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ فَاتَّبِعُوْهُ وَاتَّقُوْا

تاکہ وہ لوگ اپنے رب کے ملنے پر یقین لائیں ﴿١٥٤﴾ اور یہ ایک کتاب ہے جس کو ہم نے بھیجا بڑی خیر و برکت والی، سو اس کا اتباع کرو اور ڈرو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَعَلَّكُمْ | لَ عَلْ لَ كُمْ | تاکہ تم | | |
| | تُرْحَمُوْنَ ۙ ﴿١٥٥﴾ | تُرْ حَ مُوْ نَ | رحم کئے جاؤ | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم و کَرم |
| ١٥٦ | اَنْ | اَنْ | تاکہ (نہ) | | |
| | تَقُوْلُوْٓا | تَ قُوْ لُوْ.. | تم کہو: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | اِنَّمَآ | اِنْ نَ مَا.. | بس | | |
| | اُنْزِلَ | اُنْ زِ لَ | نازل کی گئی تھی | ن ز ل | نازِل، نُزُول، نازِلہ، مَنازِل |
| | الْكِتٰبُ | لْ کِ تَا بُ | کتاب | ك ت ب | کِتابِ حِکمت، کِتابُ اللہ، کِتابت |
| | عَلٰى طَآئِفَتَيْنِ | عَ لَا طَا...ءِ فَ تَا ئِ نِ | دو گروہوں (یہود و نصاریٰ) پر | ط و ف | طَائِفہ مَنصُورہ، ثقافتی طائفہ |
| | مِنْ قَبْلِنَا ۠ | مِنْ قَبْ لِ نَا | ہم سے پہلے | ق ب ل | قَبل اسکے، قَبل اَز نماز، قَبل اَز طعام |

لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۙ ﴿١٥٥﴾ اَنْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اُنْزِلَ الْكِتٰبُ عَلٰى طَآئِفَتَيْنِ مِنْ قَبْلِنَا ۠

تاکہ تم پر رحمت ہو ﴿١٥٥﴾ کہیں تم لوگ یوں نہ کہو کہ کتاب تو صرف ہم سے پہلے جو دو فرقے تھے ان پر نازل ہوئی تھی،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاِنْ | وَاِنْ | اور بے شک | | |
| | كُنَّا | کُن نَا | تھے ہم | ك و ن | |
| | عَنْ دِرَاسَتِهِمْ | عَنْ دِرَاسَتِ ہِمْ | ان کے پڑھنے پڑھانے سے | د ر س | درس وتدریس، مدرسہ، مُدرّسین |
| | لَغٰفِلِيْنَ ۙ ﴿١٥٦﴾ | لَ غَافِ لِیْ نَ | یقیناً غافل | غ ف ل | غفلت، غافل آدمی، مُغفَّل |
| ١٥٧ | اَوْ تَقُوْلُوْا | آ وْ تَ قُوْ لُوْ | یا تم کہو: | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | لَوْ | لَاوْ | اگر | | |
| | اَنَّآ | اَن نَا.. | بلاشبہ | | |
| | اُنْزِلَ | اُنْ زِ لَ | نازل کی جاتی | ن ز ل | نازل، نُزول، نازلہ، مَنازِل |
| | عَلَيْنَا | عَ لَا ئِیْ نَ | ہم پر | | |
| | الْكِتٰبُ | اَلْ کِ تَا بُ | کتاب | ك ت ب | کتابِ حکمت، کتاب اللہ، کتابت |

**وَاِنْ كُنَّا عَنْ دِرَاسَتِهِمْ لَغٰفِلِيْنَ ۙ ﴿١٥٦﴾ اَوْ تَقُوْلُوْا لَوْ اَنَّآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْكِتٰبُ**

اور ہم ان کے پڑھنے پڑھانے سے محض بے خبر تھے ﴿١٥٦﴾ یا یوں نہ کہو کہ اگر ہم پر کوئی کتاب نازل ہوتی تو ہم ان سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَكُنَّآ | لَ کُن نَا.. | تو ہم ضرور ہوتے | ك و ن | |
| | اَهْدٰى | اَہْ دَا | زیادہ ہدایت والے | ه د ی | ہادیِ عالَم، ہادیِ برحق، ہدایت |
| | مِنْهُمْ ج | مِنْ ہُمْ | ان سے | | مِن جانب، مِن جملہ |
| | فَقَدْ | فَ قَ دْ | پس تحقیق | | |
| | جَآءَكُمْ | جَا... ءَ کُمْ | آ گئی ہے تمہارے پاس | ج ی ء | |
| | بَيِّنَةٌ | بَائِیْ یِ نَ ةٌ | واضح دلیل | ب ی ن | بیان، مُبیّنہ طور پر، دلیلِ بیّن |
| | مِّنْ رَّبِّكُمْ | م مِ ر رَ ب بِ کُمْ | تمہارے رب کی طرف سے | ر ب ب | ارباب، مُربّی، ربُّ العالمین، ربّانی، ربِّ کعبہ، ربِّ محمد ﷺ |
| | وَهُدًى | وَ ہُ دَا ءُں | اور ہدایت | ه د ی | ہادیِ عالَم، ہادیِ برحق، ہدایت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّ رَحْمَةٌ ج | وَ رَ حْ مَ ةٌ | اور رحمت | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکَرَم |
| | فَمَنْ | فَ مَنْ | پھر کون | | |

لَكُنَّآ اَهْدٰى مِنْهُمْ ج فَقَدْ جَآءَكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّ رَحْمَةٌ ج فَمَنْ

بھی زیادہ راہ راست پر ہوتے، سو اب تمہارے پاس، تمہارے رب کے پاس سے ایک کتاب واضح اور رہنمائی کا ذریعہ اور رحمت آ چکی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَظْلَمُ | اَ ظْ لَ مُ | زیادہ ظالم ہے | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالِمین |
| | مِمَّنْ | مِم مَنْ | اس سے جس نے | | |
| | كَذَّبَ | كَذ ذَ بَ | جھٹلایا | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، مُسیلمہ کَذَّاب |
| | بِاٰيٰتِ | بِ آ یا تِ | آیات کو | ء ی ی | آیتِ قُرآنی، آیۃُ الکُرسی، آیتِ کریمہ |
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | وَصَدَفَ | وَ صَ دَ فَ | اور اعراض کیا | ص د ف | صَدَف بی بی (نام) |
| | عَنْهَا ط | عَنْ هَا | ان سے؟ | | |
| | سَنَجْزِى | سَ نَ جْ زِ | عنقریب ہم جزا دیں گے | ج ز ی | جَزا و سَزا، جَزائے خیر، جَزَاکَ اللہ (اللہ تجھ کو جزا دے) |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | ان لوگوں کو جو | | |
| | يَصْدِفُوْنَ | یَصْ دِ فُوْ نَ | اعراض کرتے ہیں | ص د ف | صَدَف بی بی (نام) |

اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَصَدَفَ عَنْهَا ط سَنَجْزِى الَّذِيْنَ يَصْدِفُوْنَ

ہے، اب اس شخص سے زیادہ ظالم کون ہوگا جو ہماری ان آیتوں کو جھوٹا بتائے اور اس سے روکے، ہم جلد ہی ان لوگوں کو جو کہ ہماری آیتوں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَنْ اٰيٰتِنَا | عَنْ آ یا تِ نَا | ہماری آیات سے | ء ی ی | آیتِ قُرآنی، آیۃُ الکُرسی، آیتِ کریمہ |
| | سُوْٓءَ | سُوْ... ءَ | سخت ترین | س و ء | عُلماءِ سُوء، اَعمالِ سَیِّئہ، سَیِّئَات |
| | الْعَذَابِ | لْ عَ ذَا بِ | عذاب کی | ع ذ ب | عذابِ اِلٰہی، عَذابِ جَہنّم، عذابِ آخرت |
| | بِمَا | بِ مَا | اس وجہ سے جو | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كَانُوْا | کَ انُوْ | تھے | ك و ن | |
| | يَصْدِفُوْنَ ﴿۱۵۷﴾ | یَصْ دِفُوْن | وہ اعراض کرتے | ص د ف | صَدَف بِی بِی (نام) |
| ۱۵۸ | هَلْ يَنْظُرُوْنَ | ہَلْ یَنْ ظُرُوْنَ | وہ نہیں انتظار کرتے | ن ظ ر | اِنتِظَار، مُنتَظِر، اِنتِظَار گاہ |
| | اِلَّآ | اِل لَا.. | مگر | | اِلَّا مَاشَاءَاللہ، اِلَّا قَلِیل |
| | اَنْ | اَنْ | اس بات کا کہ | | |

عَنْ اٰيٰتِنَا سُوْٓءَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يَصْدِفُوْنَ ﴿۱۵۷﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ

سے روکتے ہیں ان کے اس روکنے کے سبب سخت سزا دیں گے ﴿۱۵۷﴾ کیا یہ لوگ صرف اس امر کے منتظر ہیں کہ ان کے پاس

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَاْتِيَهُمُ | تَ x تِ یَ ہُمُ | ان کے پاس آئیں | ء ت ی | |
| | الْمَلٰٓئِكَةُ | لْ مَ لَا...ءِ کَ ةُ | فرشتے | م ل ك | مَلَکُ المَوت (مَوت کا فرِشتہ) مَسجُودِ مَلَائکہ |
| | اَوْ يَاْتِيَ | آ وْ یَ x تِ یَ | یا آئے | ء ت ی | |
| | رَبُّكَ | رَ ب بُ کَ | آپ کا رب | ر ب ب | اَربَاب، مُرَبّی، رَبُّ العَالَمِین رَبّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحَمَّد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | اَوْ يَاْتِيَ | آ وْ یَ x تِ یَ | یا آئے | ء ت ی | |
| | بَعْضُ | بَ عْ ضُ | کوئی | ب ع ض | بَعض اَوقَات، بَعض دَفعَہ، بَعضُ النَّاس |
| | اٰيٰتِ | آ یَا تِ | (بڑی) نشانی | ء ی ی | آیَتِ قُرآنی، آیَۃُ الکُرسی آیَتِ کریمہ |
| | رَبِّكَ ط | رَ ب بِ کَ | آپ کے رب کی؟ | ر ب ب | اَربَاب، مُرَبّی، رَبُّ العَالَمِین رَبّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحَمَّد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | يَوْمَ | یَا وْ مَ | جس دن | ی و م | یَومِ قائِد، یَومِ اِقبال، یَومِ عید |
| | يَاْتِيْ | یَ x تِ یْ | آجائے گی | ء ت ی | |

تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ يَاْتِيَ رَبُّكَ اَوْ يَاْتِيَ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ ط يَوْمَ يَاْتِيْ

فرشتے آئیں یا ان کے پاس آپ کا رب آئے یا آپ کے رب کی کوئی (بڑی) نشانی آئے؟ جس روز آپ کے رب کی کوئی بڑی نشانی آ پہنچے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بَعْضُ | بَ عْ ضُ | کوئی | ب ع ض | بَعض اَوقَات، بَعض دَفعَہ، بَعضُ النَّاس |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اٰيٰتِ | آ يَا تِ | (بڑی) نشانی | ء ی ی | آیتِ قُرآنی، آیۃُ الکُرسی آیتِ کریمہ |
| | رَبِّكَ | رَب بِ کَ | آپ کے رب کی | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمدﷺ |
| | لَا يَنْفَعُ | لَا يَنْ فَ عُ | (تو) نہیں نفع دے گا | ن ف ع | نَفع نُقصان، مُنافع، مَنفعت |
| | نَفْسًا | نَفْ سَنْ | کسی نفس کو | ن ف س | نَفسانی خیال، نفس، نُفوس، تنفّس |
| | اِيْمَانُهَا | اِیْ مَا نُ ہَا | اس کا ایمان (لانا) | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، اِیمان |
| | لَمْ تَكُنْ | لَمْ تَ کُنْ | (کہ) وہ (نفس) نہیں تھا | ك و ن | |
| | اٰمَنَتْ | آ مَ نَتْ | ایمان لایا | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، اِیمان |
| | مِنْ قَبْلُ | مِنْ قَبْ لُ | اس سے پہلے | ق ب ل | قبل اسکے، قبل اَز نماز، قبل اَز طعام |
| | اَوْ كَسَبَتْ | اَ وْ کَ سَ بَتْ | یا اس نے (نہیں) کمائی | ك س ب | کسبِ کثیر، کسبِ حلال، کسبِ فیض |

بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْ كَسَبَتْ

گی، کسی ایسے شخص کا ایمان اس کے کام نہ آئے گا جو پہلے سے ایمان نہیں رکھتا، یا اس نے اپنے ایمان میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيْٓ اِيْمَانِهَا | فِیْ.. اِیْ مَا نِ ہَا | اپنے ایمان میں | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، اِیمان |
| | خَيْرًا ط | خَا یْ رَا | کوئی بھلائی | خ ی ر | خیر کثیر، کثرت، اکثر، کثیر لوگ |
| | قُلِ | قُ لِ | کہہ دیجئے: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | انْتَظِرُوْٓا | اِنْ تَ ظِ رُوْ.. | تم انتظار کرو | ن ظ ر | اِنتظار، مُنتظر، اِنتظار گاہ |
| | اِنَّا | اِن نَا | یقیناً ہم (بھی) | | |
| | مُنْتَظِرُوْنَ ﴿١٥٨﴾ | مُنْ تَ ظِ رُوْ نَ | منتظر ہیں | ن ظ ر | اِنتظار، مُنتظر، اِنتظار گاہ |
| ١٥٩ | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | وہ لوگ جنہوں نے | | |
| | فَرَّقُوْا | فَ رَ رَ قُوْ | جدا جدا کرلیا | ف ر ق | فرق، فریق، فرقہ، مُتفرّق |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | دِيْنَهُمْ | دِیْ نَ ہُمْ | اپنے دین کو | د ی ن | دِین ودُنیا، دُنیاوی زندگی |

فِيْٓ اِيْمَانِهَا خَيْرًا ۭ قُلِ انْتَظِرُوْٓا اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ۝١٥٨ اِنَّ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ

کوئی نیک عمل نہ کیا ہو، آپ فرما دیجئے کہ تم منتظر رہو، ہم بھی منتظر ہیں ۱۵۸ بے شک جن لوگوں نے اپنے دین کو جدا جدا کر دیا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَكَانُوْا | وَ کَ انُوْ | اور وہ ہو گئے | ك و ن | |
| | شِيَعًا | شِ یَ عَ | گروہ گروہ | ش ی ع | شِیعَانِ علی، شِیعہ (گروہ) |
| | لَّسْتَ | ل لَسْ تَ | آپ نہیں ہیں | | |
| | مِنْهُمْ | مِنْ ہُمْ | ان سے | | |
| | فِيْ شَيْءٍ ۭ | فِیْ شَائِیْ ء | کسی چیز میں | ش ی ء | شَئے، اَشیاء، اَشیائے خُوردنی اَشیائے خُوردنوش |
| | اِنَّمَآ اَمْرُهُمْ | اِن نَ مَا .. اَمْ رُ ہُمْ | بس ان کا معاملہ | ء م ر | اَمر، اُمُور، مَامُور، اُمُورِ خانہ |
| | اِلَى اللّٰهِ | اِلَل لَاہِ | اللہ کی طرف ہے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالمین |
| | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | يُنَبِّئُهُمْ | یُ نَبْ بِ ءُ ہُمْ | وہ خبر دے گا انہیں | ن ب ء | نَبی، اَنبیاء، خَتمِ نبوّت |

وَكَانُوْا شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِيْ شَيْءٍ ۭ اِنَّمَآ اَمْرُهُمْ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ

اور گروہ گروہ بن گئے، آپ کا ان سے کوئی تعلق نہیں بس ان کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے حوالے سے، پھر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِمَا | بِ مَا | اس کی جو کچھ | | |
| | كَانُوْا | کَ انُوْ | تھے | ك و ن | |
| | يَفْعَلُوْنَ ۝١٥٩ | یَفْ عَ لُوْن | وہ کیا کرتے | ف ع ل | فِعل، اَفعال، فاعِل، مَفعُول |
| ١٦٠ | مَنْ جَآءَ | مَنْ جَا...ءَ | جو شخص لائے گا | ج ی ء | |
| | بِالْحَسَنَةِ | بِلْ حَ سَ نَ ۃِ | ایک نیکی | ح س ن | حَسَن، اِحسان، مُحسِن، مُحسِنات |
| | فَلَهٗ | فَ لَ ہُوْ | تو اس کے لئے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَشْرُ | عَ شْ رُ | دس ہیں | ع ش ر | عَشرہ مُبَشَّرہ، عَشر عَشِیر، عَشرہ مُحَرَّم |
| | اَمْثَالِهَا ج | اَمْ ثَا لِ ہَا | اس جیسی | م ث ل | مِثَال، مِثل، اَمثِلہ، تَمثِیل |
| | وَمَنْ | وَ مَنْ | اور جو شخص | | |
| | جَآءَ | جَا...ءَ | لائے گا | ج ی ء | |

بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿١٥٩﴾ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا ج وَمَنْ جَآءَ

ان کو ان کا کیا ہوا جتلا دیں گے ﴿١٥٩﴾ جو شخص نیک کام کرے گا اس کو اس کے دس گنا ملیں گے اور جو شخص

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِالسَّيِّئَةِ | بِس سَا ئِ یِ ءَ ۃِ | ایک بُرائی | س و ء | عُلماءِ سُوء، اَعمالِ سَیِّئہ، سَیِّئات |
| | فَلَا يُجْزٰٓى | فَ لَا يُجْ زَا.. | تو وہ نہیں سزا دیا جائے گا | ج ز ی | جَزا و سَزا، جَزائے خیر<br>جَزاکَ اللہ (اللہ تجھ کو جزا دے) |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا قَلِیل |
| | مِثْلَهَا | مِ ثْ لَ ہَا | اس کے مثل ہی | م ث ل | مِثَال، مِثل، اَمثِلہ، تَمثِیل |
| | وَهُمْ | وَ ہُمْ | اور وہ | | |
| | لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿١٦٠﴾ | لَا يُ ظْ لَ مُوْ نَ | ظلم نہیں کئے جائیں گے | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالِمِین |
| ١٦١ | قُلْ | قُ لْ | کہہ دیجئے: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | اِنَّنِيْ هَدٰىنِيْ | اِن نَ نِيْ ہَ دَا نِيْ | بلاشبہ مجھے ہدایت دی ہے | ھ د ی | ہَادِیِ عَالَم، ہَادِیِ بَرحَق، ہِدَایت |

بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿١٦٠﴾ قُلْ اِنَّنِيْ هَدٰىنِيْ

بُرا کام کرے گا اس کو اس کے برابر ہی سزا ملے گی اور ان لوگوں پر ظلم نہ ہوگا ﴿١٦٠﴾ آپ کہہ دیجئے کہ مجھ کو میرے رب نے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رَبِّيْٓ | رَ بْ بِيْ.. | میرے رب نے | ر ب ب | اَربَاب، مُرَبِّی، رَبُّ العَالَمِین<br>رَبَّانِی، رَبِّ کَعبہ، رَبِّ مُحَمَّد ﷺ |
| | اِلٰى صِرَاطٍ | اِلَا صِ رَا طِ | راستے کی طرف | ص ر ط | پُلِ صِرَاط، صِرَاطِ مُستَقِیم (رسالہ کا نام) |
| | مُّسْتَقِيْمٍ ج ۵ | م مُسْ تَ قِيْ م | سیدھے | ق و م | اِستِقَامَت فِی الدِّین، صِرَاطِ مُستَقِیم |
| | دِيْنًا | دِ يْ نَنْ | (یعنی) دین | د ی ن | دِین و دُنیا، دُنیاوی زندگی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قِيَمًا | قِ ىَ مَ | صحیح کی | ق و م | قَیِّم، دِینِ قَیِّم، اِبنِ قَیِّم |
| | مِّلَّةَ | م مِل لَ ةَ | مِلّت (کی) | م ل ل | مِلَّتِ ابراہیم، مِلَّتِ حَنیف |
| | اِبْرٰهِيْمَ | اِبْ رَا هِىْ مَ | ابراہیم کی | | |
| | حَنِيْفًا ج | حَ نِىْ فَا | اس حال میں کہ وہ رب کا پرستار ہے | ح ن ف | دِینِ حَنیف، حُنَفا، اِمام ابُوحَنیفہؒ |
| | وَمَا كَانَ | وَ مَا کَ انَ | اور نہیں تھا وہ | ك و ن | |

رَبِّيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۚ دِيْنًا قِيَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۚ وَمَا كَانَ

ایک سیدھا راستہ بتا دیا ہے کہ وہ ایک دین مستحکم ہے جو طریقہ ہے ابراہیم (علیہ السلام) کا جو اللہ تعالیٰ کی طرف یکسو تھے، اور وہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ١٦١ | مِنَ لْ مُشْ رِ کِیْ نَ | مشرکوں میں سے | ش ر ك | شِرک، مُشرِک، مُشرِکین، شُرَکاء |
| ١٦٢ | قُلْ | قُ لْ | کہہ دیجئے: | ق و ل | قَول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | اِنَّ | اِن نَ | یقیناً | | |
| | صَلَاتِيْ | صَ لَا تِیْ | میری نماز | ص ل و | صَلٰوۃُ التسبیح، صَلٰوۃ الحاجت، صَلٰوۃِ کُسُوف |
| | وَنُسُكِيْ | وَ نُ سُ کِیْ | اور میری قربانی | ن س ك | مَنسِک، مَنَاسِکِ حج، مَنَاسِکِ عُمرہ |
| | وَمَحْيَايَ | وَ مَ حْ يَا يَ | اور میری زندگی | ح ی ی | حَیاتِ جاوِدانی، حَیٌّ قَیُّوم، حَیاتِ طَیِّبہ، جنگلی حَیات |
| | وَمَمَاتِيْ | وَ مَ مَا تِیْ | اور میری موت (سب) | م و ت | موت، اَموات، مَیِّت |
| | لِلّٰهِ | لِل لَا هِ | اللہ کے لئے ہے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | رَبِّ | رَ ب بِ | جو رب ہے | ر ب ب | اَرباب، مُرَبّی، رَبُّ العالَمین، رَبّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحمّد ﷺ |

مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ١٦١ قُلْ اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ

شرک کرنے والوں میں سے نہ تھے ١٦١ آپ فرما دیجئے کہ بالیقین میری نماز اور میری ساری عبادت اور میرا جینا اور میرا مرنا یہ سب خالص اللہ تعالیٰ ہی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْعٰلَمِيْنَ ١٦٢ لا | لْ عَا لَ مِیْ نَ | جہانوں کا | ع ل م | عالَمِ رنگ و بو، عالَمِ اسلام، عالَمِ کُفر |
| ١٦٣ | لَا شَرِيْكَ | لَا شَ رِیْ کَ | کوئی شریک نہیں | ش ر ك | شِرک، مُشرِک، مُشرِکین، شُرَکاء |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَهٗ ج | لَ ہُوْ | اس کا | | |
| | وَبِذٰلِكَ | وَ بِ ذَا لِ كَ | اور اسی کا | | |
| | اُمِرْتُ | اُمِ رْ تُ | مجھے حکم دیا گیا ہے | ء م ر | اَمر، اُمُور، مَامُور، اُمُورِ خانہ |
| | وَاَنَا اَوَّلُ | وَ اَ نَا اَ وْ وَ لُ | اور میں سب سے پہلا ہوں | ء و ل | اَوَّل دوم، اَوَّل آخر، اَوَّل اِنعام |
| | الْمُسْلِمِيْنَ ﴿١٦٣﴾ | لْ مُسْ لِ مِیْ نَ | حکم ماننے والوں میں | س ل م | اِسلام، مُسلِم، مُسلمان، سَلامتی |

اَلْعٰلَمِيْنَ ﴿١٦٢﴾ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ج وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿١٦٣﴾

کا ہے جو سارے جہان کا مالک ہے ﴿١٦٢﴾ اس کا کوئی شریک نہیں اور مجھ کو اسی کا حکم ہوا ہے اور میں سب ماننے والوں میں سے پہلا ہوں ﴿١٦٣﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٦٤ | قُلْ | قُ لْ | کہہ دیجئے: | ق و ل | قَول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | اَغَيْرَ | اَ غَ يْ رَ | کیا سوا | غ ی ر | غیر آدمی، غَیرُ اللہ، اِسکے بَغیر |
| | اللّٰهِ | لْ لَا هِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | اَبْغِيْ | اَ بْ غِیْ | میں تلاش کروں | ب غ ی | بَاغی، بَغَاوت، بَاغی گروہ |
| | رَبًّا | رَ بْ بَا ؤں | کوئی رب؟ | ر ب ب | اَربَاب، مُربّی، رَبُّ العالمین<br>رَبَّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمّد صلی اللہ علیہ وسلم |
| | وَّهُوَ رَبُّ | وْ ہُ وَ رَ بْ بُ | حالانکہ وہی رب ہے | ر ب ب | اَربَاب، مُربّی، رَبُّ العالمین<br>رَبَّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمّد صلی اللہ علیہ وسلم |
| | كُلِّ | كُ لْ لِ | ہر | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | شَيْءٍ ط | شَ ئِ ءٍ | چیز (کا) | ش ی ء | شَے، اَشیاء، اَشیائے خُوردنی<br>اَشیائے خُورد و نوش |
| | وَلَا تَكْسِبُ | وَ لَا تَ كْ سِ بُ | اور نہیں کماتی | ك س ب | کَسبِ کثیر، کَسبِ حَلال، کَسبِ فَیض |
| | كُلُّ | كُ لْ لُ | کوئی | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | نَفْسٍ | نَ فْ سِ نْ | جان (گناہ) | ن ف س | نَفسانی خَیال، نَفس، نُفُوس، مُتنفّس |

قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْ رَبًّا وَّهُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ ط وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ

آپ فرما دیجئے کہ کیا میں اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کو رب بنانے کے لئے تلاش کروں حالانکہ وہ مالک ہے ہر چیز کا اور جو شخص بھی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَاشَاءَاللہ، اِلَّا قَلِیل |
| | عَلَيْهَا ج | عَ لَا ئِ ہَا | اسی پر ہے (اس گناہ کا وبال) | | |
| | وَلَا تَزِرُ | وَلَا تَ زِ رُ | اور نہیں بوجھ اٹھائے گی | و ز ر | |
| | وَازِرَةٌ | وَا زِ رَ تُن | کوئی بوجھ اُٹھانے والی (جان) | و ز ر | |
| | وِّزْرَ | وِزْ رَ | بوجھ | و ز ر | |
| | اُخْرٰی ج | اُخْ رَا | کسی دوسری (جان) کا | ء خ ر | آخر، اُخریٰ، تاخیر، مُؤَخَّر طاؤس و رُباب آخر |
| | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | اِلٰی رَبِّكُمْ | اِلَا رَب بِ كُمْ | تمہارے رب ہی کی طرف | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | مَّرْجِعُكُمْ | مَرْ جِ عُ كُمْ | تمہاری واپسی ہے | ر ج ع | رُجوع، رَجعت، مَرجعِ خلائق |
| | فَيُنَبِّئُكُمْ | فَ يُ نَبْ بِ ءُ كُمْ | پھر وہ تمہیں خبر دے گا | ن ب ء | نبی، انبیاء، خَتمِ نُبوت |

اِلَّا عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۚ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ

کوئی عمل کرتا ہے وہ اسی پر رہتا ہے اور کوئی کسی دوسرے کا بوجھ نہ اٹھائے گا، پھر تم سب کو اپنے رب کے پاس جانا ہوگا، پھر وہ تم کو جتلائے گا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِمَا | بِ مَا | اس کی کہ | | |
| | كُنْتُمْ | كُنْ تُمْ | تم تھے | ك و ن | |
| | فِيْهِ | فِیْ هِ | اس میں | | |
| | تَخْتَلِفُوْنَ ١٦٤ | تَ خْ تَ لِ فُوْ نَ | اختلاف کرتے | خ ل ف | مُخالفت، مُخالِف، اِختلافِ رائے |
| ١٦٥ | وَهُوَ الَّذِیْ | وَ هُ وَ لْ لَ ذِیْ | اور وہی ہے جس نے | | |
| | جَعَلَكُمْ | جَ عَ لَ كُمْ | تمہیں بنایا | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جعلی نوٹ جعلی مُقابلہ، جعلی کاغذات |
| | خَلٰٓئِفَ | خَ لَا ... ءِ فَ | جانشین | خ ل ف | خلافت، خُلفاء، خلیفہ |
| | الْاَرْضِ | لْ اَرْ ضِ | زمین میں | ء ر ض | ارض و سماء، کُرۂ ارض، ارضِ مُقدس |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَرَفَعَ | وَ رَ فَ عَ | اور اس نے بلند کیا | ر ف ع | رافع، سطحِ مُرتفع، رِفعت، مرفوع |

بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۶۴﴾ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ الْاَرْضِ وَرَفَعَ

جس جس چیز میں تم اختلاف کرتے تھے ﴿۱۶۴﴾ اور وہ ایسا ہے جس نے تم کو زمین میں خلیفہ بنایا اور ایک دوسرے پر رتبہ بڑھایا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بَعْضَكُمْ | بَ عْ ضَ كُمْ | تمہارے بعض کو | ب ع ض | بعض اَوقات، بعض دَفعہ، بعض النّاس |
| | فَوْقَ | فَاْ وْ قَ | پر | ف و ق | فوقُ الارض، فوقَ السّماء، فوقیّت |
| | بَعْضٍ | بَ عْ ضِ نْ | بعض | ب ع ض | بعض اَوقات، بعض دَفعہ، بعض النّاس |
| | دَرَجٰتٍ | دَ رَ جَا تِ | درجات میں | د ر ج | درجہ بدرجہ، اللہ درجات بلند کرے |
| | لِّيَبْلُوَكُمْ | لْ لِ يَبْ لُ وَ كُمْ | تاکہ وہ تمہیں آزمائے | ب ل و | بلاء، مُبتلاء، دَورِ اِبتلاء و آزمائش |
| | فِيْ مَآ | فِيْ مَا.. | ان (نعمتوں) میں جو | | |
| | اٰتٰىكُمْ ؕ | آ تَا كُمْ | اس نے تمہیں دیں | ء ت ی | |
| | اِنَّ رَبَّكَ | اِنْ نَ رَبْ بَ كَ | بے شک آپ کا رب | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمّد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | سَرِيْعُ | سَ رِیْ عُ | بہت جلد | س ر ع | سُرعتِ اَفعال، سَریعُ التّاثیر دَوا |
| | الْعِقَابِ ۖؗ | لْ عِ قَا بِ | سزا دینے والا ہے | ع ق ب | ناعاقبت اَندیش، عالَمِ عُقبیٰ |

بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ ؕ اِنَّ رَبَّكَ سَرِيْعُ الْعِقَابِ ۖؗ

تاکہ تم کو آزمائے ان چیزوں میں جو تم کو دی ہیں، بالیقین آپ کا رب جلد سزا دینے والا ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاِنَّهٗ | وَ اِنْ نَ هُوْ | اور بلاشبہ وہ | | |
| | لَغَفُوْرٌ | لَ غَ فُوْ رُ | یقیناً بہت بخشنے والا ہے | غ ف ر | غفّار، عبدُالغفور، غافر، اِستغفار |
| ۱۶۵ | رَّحِيْمٌ ع | رْ رَ حِیْ مْ | نہایت رحم کرنے والا ہے | ر ح م | رحم، رحمت، رحیم، رحم و کرم |

النصف

وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۶۵﴾ ع

ع ٢٠

اور بالیقین وہ واقعی بڑی مغفرت کرنے والا مہربانی کرنے والا ہے ﴿۱۶۵﴾

# سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ مَكِّيَّةٌ

اٰیَاتُهَا ۲۰۶ | ۷ | ۳۹ | رُکُوْعَاتُهَا ۲۴

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے ○

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | الٓمّٓصٓ ۚ ۱ | اَلِف...لَام مِیْ...م صَا...د | الٓمّٓصٓ | | حُرُوفِ مُقَطَّعَات میں سے ہے (قطع کرنا، الگ الگ حروف پڑھنا) |
| ۲ | كِتٰبٌ | کِ تَا بُنْ | (یہ) عظیم کتاب | ك ت ب | کِتَاب حِکمت، کِتَابُ اللہ، کِتَابَت |
| | اُنْزِلَ | اُنْ زِ لَ | اتاری گئی ہے | ن ز ل | نَازِل، نُزُول، نَازِلَہ، مَنَازِل |
| | اِلَيْكَ | اِ لَا ئِیْ کَ | آپ کی طرف | | |
| | فَلَا يَكُنْ | فَ لَا یَ کُنْ | چنانچہ نہ ہو | ك و ن | |
| | فِيْ صَدْرِكَ | فِیْ صَ دْ رِ کَ | آپ کے سینے میں | ص د ر | صَدر، صُدُور، شَرحِ صَدر |
| | حَرَجٌ | حَ رَ جُ | کوئی تنگی | ح ر ج | حرج مرج، اس میں کوئی حرج نہیں |
| | مِّنْهُ | مِ مِنْ ہُ | اس (کی وجہ) سے | | |
| | لِتُنْذِرَ | لِ تُنْ ذِ رَ | تاکہ آپ ڈرائیں | ن ذ ر | نَذِیر و بَشِیر، اِنذَار، مُنذِر |
| | بِهٖ | بِ ہِیْ | اس کے ذریعے سے | | |
| | وَذِكْرٰى | وَ ذِ کْ رَا | اور نصیحت ہے | ذ ك ر | ذِکر، اَذکَار، ذَاکِر، مَذکُور، ذِکرِ اِلٰہی |

الٓمّٓصٓ ۚ ۱ كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِيْ صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ وَذِكْرٰى

المص ۱ یہ ایک کتاب ہے جو آپکے پاس اس لئے بھیجی گئی ہے کہ آپ اسکے ذریعہ سے ڈرائیں، سو آپکے دل میں اس سے بالکل تنگی نہ ہو اور نصیحت

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۲ | لِلْ مُ x مِ نِیْ نَ | مؤمنوں کے لئے | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، اِیمان |
| ۳ | اِتَّبِعُوْا | اِت تَ بِ عُوْ | تم پیروی کرو | ت ب ع | تَابعدار، تَابِع فَرمَاں، اِتّبَاع |
| | مَآ اُنْزِلَ | مَا.. اُنْ زِ لَ | اس چیز کی جو | ن ز ل | نَازِل، نُزُول، نَازِلَہ، مَنَازِل |
| | اِلَيْكُمْ | اِ لَا ئِیْ کُمْ | اتاری گئی ہے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنْ رَّبِّكُمْ | مِ ررَب بِ كُمْ | تمہارے رب کی طرف سے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | وَلَا تَتَّبِعُوْا | وَلَا تَت تَ بِ عُوْ | اور نہ تم پیروی کرو | ت ب ع | تابعدار، تابع فرماں، اِتّباع |
| | مِنْ دُوْنِهٖٓ | مِنْ دُوْنِ ہِیْ.. | اس کے سوا | د و ن | بِدُون اِس کے |
| | اَوْلِيَآءَ ؕ | اَوْلِ یَا...ء | (اور) دوستوں کی | و ل ی | وَلِیُ اللہ، وِلَایت، اَولیاءِ کرام |

لِلْمُؤْمِنِيْنَ ② اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ؕ

ہے ایمان والوں کیلئے ② تم لوگ اس کا اتباع کرو جو تمہارے رب کی طرف سے آئی ہے اور اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر من گھڑت سرپرستوں کی اتباع مت

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قَلِيْلًا مَّا | قَ لِیْ لَم مَا | بہت ہی کم | ق ل ل | قِلّت، اَقلیّت، اَقلیّتی اُمور، قلیل |
| | تَذَكَّرُوْنَ ③ | تَ ذَک کَ رُوْن | تم نصیحت حاصل کرتے ہو | ذ ك ر | ذِکر، اذکار، ذاکر، مذکور، ذِکرِ الٰہی |
| ۴ | وَكَمْ مِّنْ | وَکَمْ مِنْ | اور بہت سی ہیں | | |
| | قَرْيَةٍ | قَ رْ یَ تِنْ | بستیاں | ق ر ی | قریہ قریہ بستی بستی، اُمُّ القُریٰ (مکہ) |
| | اَهْلَكْنٰهَا | اَہْ لَ کْ نَا ہَا | (کہ) ہم نے انہیں ہلاک کر دیا | ھ ل ك | ہَلاک ہونا، مُہلِک، ہَلاکت |
| | فَجَآءَهَا | فَ جَا...ءَ ہَا | پھر آیا ان کے پاس | ج ی ء | |
| | بَاْسُنَا | بَ x سُ نَا | ہمارا عذاب | | |
| | بَيَاتًا | بَ یَا تَنْ | رات کو | ب ی ت | |
| | اَوْ هُمْ | اَ وْ ہُمْ | یا (جبکہ) وہ | | |

قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ③ وَكَمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا فَجَآءَهَا بَاْسُنَا بَيَاتًا اَوْ هُمْ

کرو تم لوگ بہت ہی کم نصیحت پکڑتے ہو ③ اور بہت بستیوں کو ہم نے تباہ کر دیا اور ان پر ہمارا عذاب رات کے وقت پہنچا یا ایسی حالت میں کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قَآئِلُوْنَ ④ | قَا...ءِ لُوْن | دوپہر کو آرام کر رہے تھے | ق ی ل | قَیلُولہ کرنا (دوپہر کو آرام کرنا) |
| ۵ | فَمَا كَانَ | فَ مَا کَ انَ | پھر نہ تھی | ك و ن | |
| | دَعْوٰىهُمْ | دَ عْ وَا ہُمْ | ان کی پکار | د ع و | دُعا، دعوت، اَدعیہ، داعی اِلی اللہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِذْ جَآءَهُمْ | اِذْ جَا...ءَ ہُمْ | جب ان کے پاس آ گیا | ج ی ء | |
| | بَاْسُنَآ | بَ x سُ نَا.. | ہمارا عذاب | ب ء س | |
| | اِلَّآ | اِل لَا.. | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا قَلِیل |
| | اَنْ | اَنْ | یہ کہ | | |
| | قَالُوْٓا | قَا لُ وْ.. | انہوں نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | اِنَّا كُنَّا | اِن نَا كُن نَا | بلاشبہ ہم ہی تھے | ك و ن | |

قَآئِلُوْنَ ۝٤ فَمَا كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَآ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا

وہ دوپہر کے وقت آرام میں تھے ④ سو جس وقت ان پر ہمارا عذاب آیا اس وقت ان کے منہ سے بجز اس کے اور کوئی بات نہ نکلی کہ واقعی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ظٰلِمِيْنَ ۝٥ | ظَا لِ مِیْ نَ | ظالم | ظ ل م | ظُلم، ظالِم، مَظلُوم، ظالِمین |
| ٦ | فَلَنَسْئَلَنَّ | فَ لَ نَسْ ءَ لَن نَ | پھر یقیناً ہم ضرور پوچھیں گے | س ء ل | سَائِل، سَائِلین، مَسائِل، مَسئَلہ |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِیْ نَ | ان لوگوں سے کہ | | |
| | اُرْسِلَ | اُرْ سِ لَ | (رسول) بھیجے گئے | ر س ل | رَسُول، رَسالت، مُرسَل، تَرسِیل |
| | اِلَيْهِمْ | اِ لَا ئْ ہِمْ | ان کی طرف | | |
| | وَلَنَسْئَلَنَّ | وَ لَ نَسْ ءَ لَن نَ | اور یقیناً ہم ضرور پوچھیں گے | س ء ل | سُوال، مَسئَلہ، مَسئُول، سَائِل |
| | الْمُرْسَلِيْنَ ۝٦ | لْ مُرْ سَ لِیْ نَ | بھیجے گئے (رسولوں) سے | ر س ل | رَسُول، رَسالت، مُرسَل، تَرسِیل |
| ٧ | فَلَنَقُصَّنَّ | فَ لَ نَ قُص صَ ن نَ | پھر یقیناً ہم ضرور بیان کریں گے (سب باتیں) | ق ص ص | قِصّے، قِصّہ خوانی، قَصَصُ الاَنبیاء |

ظٰلِمِيْنَ ۝٥ فَلَنَسْئَلَنَّ الَّذِيْنَ اُرْسِلَ اِلَيْهِمْ وَلَنَسْئَلَنَّ الْمُرْسَلِيْنَ ۝٦ فَلَنَقُصَّنَّ

ہم ظالم تھے ⑤ پھر ہم ان لوگوں سے ضرور پوچھیں گے جن کے پاس پیغمبر بھیجے گئے تھے اور ہم پیغمبروں سے ضرور پوچھیں گے ⑥ پھر ہم چونکہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا ئْ ہِمْ | ان پر | | |
| | بِعِلْمٍ | بِ عِلْ مِنْ | پورے علم کے ساتھ | ع ل م | عِلْم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلّامہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّمَا كُنَّا | وَ مَا كُن نَا | اور نہ تھے ہم | ک و ن | |
| | غَآئِبِيْنَ ۝٧ | غَا...ءِبِیْ ن | غائب | غ ی ب | غَیب کا عِلم، غِیاب، غَیبی اَمداد |
| ۸ | وَالْوَزْنُ | وَلْ وَزْنُ | اور (اعمال کا) وزن | و ز ن | وَزن، اَوزان، مِیزان |
| | يَوْمَئِذِ | یَا وْمَ ءِ ذِ | اس دن | ی و م | یَومِ قائد، یَومِ اِقبال، یَومِ عید |
| | اِلْحَقُّ ج | نِلْ حَق قُ | برحق ہے | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقت |
| | فَمَنْ | فَ مَنْ | پھر جو شخص کہ | | |
| | ثَقُلَتْ | ثَ قُ لَتْ | بھاری ہو گئے | ث ق ل | ثِقلِ اَرض، ثَقیل، کَشش ثِقل، ثقالت |

عَلَيْهِمْ بِعِلْمٍ وَّ مَا كُنَّا غَآئِبِيْنَ ۝٧ وَالْوَزْنُ يَوْمَئِذِ اِلْحَقُّ ج فَمَنْ ثَقُلَتْ

پوری خبر رکھتے ہیں ان کے روبرو بیان کر دیں گے، اور ہم کچھ بے خبر نہ تھے ۝٧ اور اس روز وزن بھی برحق ہے پھر جس شخص کا پلہ بھاری

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَوَازِيْنُهٗ | مَ وَا زِ یْ نُ ہُوْ | اس (کے نیک اعمال) کے پلڑے | و ز ن | وَزن، اَوزان، مِیزان |
| | فَاُولٰٓئِكَ هُمُ | فَ اُلَا...ءِکَ ہُمُ | تو وہی لوگ ہیں | | |
| | الْمُفْلِحُوْنَ ۝٨ | لْ مُفْ لِ حُوْنَ | کامیاب | ف ل ح | فلاح و بہبود، حَیَّ عَلَی الفلاح |
| ۹ | وَمَنْ | وَمَنْ | اور جو شخص کہ | | |
| | خَفَّتْ | خَف فَتْ | ہلکے ہو گئے | خ ف ف | تَخفِیف کرنا، مُخَفَّف، خَفِیف (ہلکا) |
| | مَوَازِيْنُهٗ | مَ وَا زِ یْ نُ ہُوْ | اس کے پلڑے | و ز ن | وَزن، اَوزان، مِیزان |
| | فَاُولٰٓئِكَ | فَ اُلَا...ءِکَ | تو وہی لوگ ہیں | | |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | جنہوں نے | | |

مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝٨ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

ہوگا سو ایسے لوگ کامیاب ہوں گے ۝٨ اور جس شخص کا پلہ ہلکا ہوگا سو یہ وہ لوگ ہوں گے جنہوں نے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | خَسِرُوْٓا | خَ سِ رُوْ.. | خسارے میں ڈالا | خ س ر | خسارہ اُٹھانے والا، خائب و خاسر |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنْفُسَهُمْ | اَنْ فُ سَ ہُمْ | اپنی جانوں کو | ن ف س | نَفسانی خیال، نَفس، نُفوس، مُتنفّس |
| | بِمَا | بِ مَا | اس وجہ سے کہ | | |
| | كَانُوْا | كَ انُوْ | تھے وہ | ك و ن | |
| | بِاٰيٰتِنَا | بِ آ يَا تِ نَا | ہماری آیتوں کے ساتھ | ء ی ی | آیتِ قرآنی، آیۃُ الکُرسی، آیتِ کریمہ |
| | يَظْلِمُوْنَ ⑨ | یَ ظْ لِ مُوْ نَ | بے انصافی کرتے | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالمین |
| ۱۰ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | |
| | مَكَّنّٰكُمْ | مَكْ كَنْ نَا كُمْ | ہم نے تمھیں قدرت دی | م ك ن | مَکان، مَکین، اِمکان، بَاتمکین |
| | فِي الْاَرْضِ | فِلْ اَرْضِ | زمین میں | ء ر ض | اَرض وسَماء، کُرۂ ارض، ارضِ مُقدس |

خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَظْلِمُوْنَ ⑨ وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ

اپنا نقصان کرلیا بسبب اس کے کہ ہماری آیتوں کے ساتھ ظلم کرتے تھے ⑨ اور بے شک ہم نے تم کو زمین پر رہنے کی جگہ دی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَجَعَلْنَا | وَ جَ عَ لْ نَا | اور ہم نے بنا دیئے | ج ع ل | جَعلی، جَعل سَازی، جَعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغذات |
| | لَكُمْ | لَ كُمْ | تمہارے لئے | | |
| | فِيْهَا | فِیْ ہَا | اس میں | | |
| | مَعَايِشَ ؕ | مَ عَا یِشْ | اسبابِ زندگی | ع ی ش | مَعِیشَت، مَعَاشی زِندگی، فِکرِ مَعاش |
| | قَلِيْلًا | قَ لِیْ لَ | بہت ہی کم | ق ل ل | قِلّت، اَقلِیّت، اَقلِیّتی اُمُور، قَلیل |
| | مَّا تَشْكُرُوْنَ ⑩ ع | مَ مَا تَشْ كُرُوْ نَ | تم شکر کرتے ہو | ش ك ر | شُکر، شُکریہ، شُکرگزار، مَشکور |
| ۱۱ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | |
| | خَلَقْنٰكُمْ | خَ لَقْ نَا كُمْ | ہم نے تمھیں پیدا کیا | خ ل ق | خَالِق، تَخلِیق، مَخلُوق، خَلقت |
| | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمین ثُمّ آمین |
| | صَوَّرْنٰكُمْ | صَ وْ وَرْ نَا كُمْ | ہم نے تمہاری صورتیں بنائیں | ص و ر | شَکل وصُورت، تَصوِیر، مُصَوِّر |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

ع ۱ ۸

وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ⑩ ع وَلَقَدْ خَلَقْنٰكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنٰكُمْ

اور ہم نے تمہارے لئے اس میں سامان رزق پیدا کیا، تم لوگ بہت ہی کم شکر کرتے ہو ⑩ اور ہم نے تم کو پیدا کیا، پھر ہم ہی نے تمہاری

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | قُلْنَا | قُ لْ نَا | ہم نے کہا | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | لِلْمَلٰٓئِكَةِ | لِلْ مَ لَا ... ءِ کَ ةِ | فرشتوں سے: | م ل ك | مَلَکُ الْمَوت (مَوت کا فَرِشتہ) مَسجُودِ مَلَائکہ |
| | اسْجُدُوْا | سْ جُ دُوْ | تم سجدہ کرو | س ج د | سَجدَہ، سَاجِد، مَسجُود، سَجدَہ گاہ، مَسجِد |
| | لِاٰدَمَ ۖق | لِ آ دَ مَ | آدم کو | | |
| | فَسَجَدُوْٓا | فَ سَ جَ دُوْ.. | تو انہوں نے سجدہ کیا | س ج د | سَجدَہ، سَاجِد، مَسجُود، سَجدَہ گاہ، مَسجِد |
| | اِلَّآ | اِل لَا.. | سوائے | | اِلَّا مَاشَاءَاللہ، اِلَّا قَلِیل |
| | اِبْلِيْسَ ؕ | اِ بْ لِیْ س | ابلیس کے | | شَیطَان کا نام |
| | لَمْ يَكُنْ | لَمْ یَ کُ نْ | وہ نہ ہوا | ك و ن | |
| | مِّنَ | مِنَ | سے | | مِنْ جَانِب، مِنْ جُملَہ |

ثُمَّ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ ۖق فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ لَمْ يَكُنْ مِّنَ

صورت بنائی پھر ہم نے فرشتوں سے کہا کہ آدم (علیہ السلام) کو سجدہ کرو سو سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے، وہ سجدہ کرنے والوں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | السّٰجِدِيْنَ ⑪ | س سَا جِ دِیْن | سجدہ کرنے والوں | س ج د | سَجدَہ، سَاجِد، مَسجُود، سَجدَہ گاہ، مَسجِد |
| ۱۲ | قَالَ | قَا لَ | (اللہ نے) کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | مَا مَنَعَكَ | مَا مَ نَ عَ کَ | کس چیز نے تجھے منع کیا | م ن ع | مَانِع، مَمنُوع، مُمَانِعَت، مَنع کرنا |
| | اَلَّا تَسْجُدَ | اَل لَا تَسْ جُ دَ | کہ تو سجدہ نہیں کرتا | س ج د | سَجدَہ، سَاجِد، مَسجُود، سَجدَہ گاہ، مَسجِد |
| | اِذْ | اِذْ | جب | | |
| | اَمَرْتُكَ ؕ | اَ مَ رْ تُ کَ | میں نے تجھے حکم دیا تھا؟ | ء م ر | اَمر، اُمُور، مَامُور، اُمُورِ خَانہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | قَالَ | قَا لَ | اس نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | اَنَا خَيْرٌ | اَ نَا خَا ئِ رُ | میں بہتر ہوں | خ ی ر | خَیرخواہی، خَیروشَر، خَیروبَرَکت |
| | مِّنْهُ ج | م مِن ہ | اس سے | | |

السّٰجِدِيْنَ ⑪ قَالَ مَا مَنَعَكَ اَلَّا تَسْجُدَ اِذْ اَمَرْتُكَ ط قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ج

میں شامل نہ ہوا ⑪ حق تعالیٰ نے فرمایا تو جو سجدہ نہیں کرتا تو تجھ کو اس سے کون امر مانع ہے، جبکہ میں تجھ کو حکم دے چکا، کہنے لگا میں اس

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | خَلَقْتَنِيْ | خَ لَقْ تَ نِيْ | تو نے مجھے پیدا کیا | خ ل ق | خَالِق، تَخلِیق، مَخلُوق، خلقت |
| | مِنْ نَّارٍ | مِن نَا رِن | آگ سے | ن و ر | نارِ نَمرود، نارِ جَہنم، نارِ سَمُوم |
| | وَّخَلَقْتَهٗ | وَ خَ لَقْ تَ ہُو | اور تو نے اسے پیدا کیا | خ ل ق | خَالِق، تَخلِیق، مَخلُوق، خلقت |
| | مِنْ طِيْنٍ ⑫ | مِن طِی نِن | مٹی سے | ط ی ن | پاک طِینَت (پاک مٹی)، بدطِینَت |
| ١٣ | قَالَ | قَا لَ | (اللہ نے) فرمایا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | فَاهْبِطْ | فَ ہْ بِ طْ | لہٰذا تو اتر جا | ھ ب ط | ہُبُوطِ آدم، مَہبِطِ وَحی (نُزُولِ وحی) |
| | مِنْهَا | مِن ہَا | اس (آسمان) سے | | |
| | فَمَا | فَ مَا | کیونکہ نہیں | | |
| | يَكُوْنُ | يَ كُو نُ | (لائق) تھا | ك و ن | |
| | لَكَ | لَ كَ | تیرے لئے | | |
| | اَنْ | اَنْ | یہ کہ | | |

خَلَقْتَنِيْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ⑫ قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا يَكُوْنُ لَكَ اَنْ

سے بہتر ہوں، آپ نے مجھ کو آگ سے پیدا کیا ہے اور اس کو آپ نے خاک سے پیدا کیا ہے ⑫ حق تعالیٰ نے فرمایا تو آسمان سے اُتر تجھ کو کوئی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | تَتَكَبَّرَ | تَ تَ كَبْ بَ رَ | تو تکبر کرے | ك ب ر | کِبر، اَکبر، کُبریٰ، کَبِیر، تَکبُّر |
| | فِيْهَا | فِيْ هَا | اس میں | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاخْرُجْ | فَ خْ رُ جْ | سو تو نکل جا | خ ر ج | خارج، وزارتِ خارجہ مَخرج، خُروج |
| | اِنَّكَ | اِن نَ كَ | بلاشبہ تو | | |
| | مِنَ الصّٰغِرِيْنَ ۝١٣ | مِنَ صْ صَا غِ رِ يْنَ | ذلیلوں میں سے ہے | ص غ ر | صَغیرہ گُناہ، صَغیر وکبیر، صِغر سِنی |
| ١٤ | قَالَ | قَا لَ | اس نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | اَنْظِرْنِيْٓ | اَنْ ظِ رْ نِيْ.. | تو مجھے مہلت دے | ن ظ ر | نَظر، نَظارہ، مَنظر، ناظِرین |
| | اِلٰى يَوْمِ | اِلَا يَا وْ مِ | اس دن تک | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | يُبْعَثُوْنَ ۝١٤ | يُبْ عَ ثُوْ نَ | (کہ) وہ دوبارہ اٹھائے جائیں گے | ب ع ث | بِعثَت، بَعث بَعدَ المَوت، مَبعُوث |

تَتَكَبَّرَ فِيْهَا فَاخْرُجْ اِنَّكَ مِنَ الصّٰغِرِيْنَ ۝١٣ قَالَ اَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ۝١٤

حق حاصل نہیں کہ تو آسمان میں رہ کر تکبر کرے سو نکل بے شک تو ذلیلوں میں سے ہے ۝١٣ اس نے کہا کہ مجھ کو مہلت دیجئے قیامت کے دن تک ۝١٤

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٥ | قَالَ | قَا لَ | (اللہ نے) کہا: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | اِنَّكَ | اِن نَ كَ | بے شک تو | | |
| | مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ۝١٥ | مِنَ لْ مُنْ ظَ رِ يْنَ | مہلت دیئے گئے (لوگوں) میں سے ہے | ن ظ ر | نَظر، نَظارہ، مَنظر، ناظِرین |
| ١٦ | قَالَ | قَا لَ | اس نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | فَبِمَآ | فَ بِ مَا.. | پھر اس وجہ سے کہ | | |
| | اَغْوَيْتَنِيْ | اَغْ وَ ئِيْ تَ نِيْ | تو نے مجھے گمراہ کیا | غ و ی | اَغوا، مُغوِی، اَغواکار |
| | لَاَقْعُدَنَّ | لَ اَقْ عُ دَ نْ نَ | میں ضرور ہی بیٹھوں گا | ق ع د | قُعود، قاعِد، مَقاعِد، قَعدہ اُولیٰ |
| | لَهُمْ | لَ هُمْ | ان (کو گمراہ کرنے) کے لئے | | |
| | صِرَاطَكَ | صِ رَا طَ كَ | تیرے راستے پر | ص ر ط | پُل صِراط، صِراطِ مُستَقیم (رسالہ کا نام) |

قَالَ اِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ۝١٥ قَالَ فَبِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ

اللہ تعالیٰ نے فرمایا تجھ کو مہلت دی گئی ۝١٥ اس نے کہا بسبب اس کے کہ آپ نے مجھ کو گمراہ کیا ہے قسم کھاتا ہوں کہ میں ان کے لئے آپ کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْمُسْتَقِيْمَ ۝١٦ لا | لُ مُسْ تَ قِیْ م | سیدھے | ق و م | اِستِقامَت فِی الدِّین، صِراطِ مُستَقیم |
| | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | لَاٰتِيَنَّهُمْ | لَ آ تِ یَن نَ ہُم | میں ضرور ہی آؤں گا ان کے پاس | ء ت ی | |
| | مِّنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ | مِم بَائِ نِ اَئِ دِیْ ہِم | ان کے آگے سے | ب ی ن ی د ی | |
| | وَمِنْ خَلْفِهِمْ | وَمِنْ خَلْ فِ ہِم | اور ان کے پیچھے سے | خ ل ف | ناخلف، سَلَف وخَلَف، خَلیفہ، خلافت |
| | وَعَنْ اَيْمَانِهِمْ | وَعَنْ اَئِ مَا نِ ہِم | اور ان کے دائیں سے | ی م ن | یَمین و یَسار، یُمنیٰ یُسریٰ، اُمِّ ایمَن |

الْمُسْتَقِيْمَ ۝١٦ لا ثُمَّ لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ اَيْمَانِهِمْ

سیدھی راہ پر بیٹھوں گا ۝١٦ پھر ان پر حملہ کروں گا ان کے آگے سے بھی اور ان کے پیچھے سے بھی اور ان کی داہنی جانب سے بھی اور ان کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَعَنْ شَمَآئِلِهِمْ ط | وَعَنْ شَ مَا...ءِ لِ ہِم | اور ان کے بائیں سے | ش م ل | یَمین و شِمال، شِمال (بائیں) |
| | وَلَا تَجِدُ | وَلَا تَ جِ دُ | اور تو نہیں پائے گا | و ج د | وَجد، وِجدان، وَاجِد (نام)، مَوجُود |
| | اَكْثَرَهُمْ | اَکْ ثَ رَ ہُم | ان کے اکثر کو | ك ث ر | خیرِ کثیر، کثرت، اَکثر، کثیر لوگ |
| | شٰكِرِيْنَ ۝١٧ | شَا کِ رِیْ ن | شکر گزار | ش ك ر | شُکر، شُکریہ، شُکر گزار، مَشکور |
| ١٨ | قَالَ | قَا لَ | (اللہ نے) کہا: | ق و ل | قَول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | اخْرُجْ | اُخْ رُج | تو نکل جا | خ ر ج | خارِج، وزارتِ خارجہ مَخرَج، خُروج |
| | مِنْهَا | مِنْ ہَا | اس سے | | |
| | مَذْءُوْمًا | مَذْ ءُ وْ مَ | حقیر | ذ ء م | مَذءُوم (حقیر)، مَذموم اِرادہ |

وَعَنْ شَمَآئِلِهِمْ ط وَلَا تَجِدُ اَكْثَرَهُمْ شٰكِرِيْنَ ۝١٧ قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُوْمًا

بائیں جانب سے بھی اور آپ ان میں سے اکثر کو شکر گزار نہ پائیے گا ۝١٧ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہاں سے ذلیل وخوار ہو کر نکل جا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَّدْحُوْرًا ط | م مَدْ حُوْ رَا | دھتکارا ہوا | د ح ر | مَدحُور (دھتکارا ہوا انسان) |
| | لَمَنْ | لَ مَنْ | یقیناً جو شخص | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَبِعَكَ | تَ بِ عَ کَ | تیری پیروی کرے گا | ت ب ع | تابعدار، تابِع فرماں، اِتّباع |
| | مِنْهُمْ | مِنْ ہُمْ | ان میں سے | | مِنْ جَانِبْ، مِنْ جُمْلَه |
| | لَاَمْلَئَنَّ | لَ اَمْ لَ ءَ نْ نَ | تو میں ضرور ہی بھروں گا | م ل ء | |
| | جَهَنَّمَ | جَ ہَنْ نَ مَ | جہنم کو | ج ھ م | جہنّم کا عذاب، جہنّم کی وادی |
| | مِنْكُمْ | مِنْ کُمْ | سے | | |
| | اَجْمَعِيْنَ ⑱ | اَجْ مَ عِیْ نَ | تم سب | ج م ع | جماعت، جماعتیں، مَجمَع، مَجمُوعہ |
| 19 | وَ يٰاٰدَمُ | وَ یَا.. آ دَ مُ | اور اے آدم! | | حضرت آدم علیہ السلام جدِّ امجد |

مَّدْحُوْرًا ؕ لَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكُمْ اَجْمَعِيْنَ ⑱ وَ يٰاٰدَمُ

جو شخص ان میں سے تیرا کہنا مانے گا میں ضرور تم سب سے جہنم کو بھر دوں گا ⑱ اور اے آدم!

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اُسْكُنْ | اُ سْ کُنْ | رہ | س ك ن | سَاکِن، سُکُون، سُکُونت، سَکِینَت |
| | اَنْتَ | اَنْ تَ | تو | | |
| | وَ زَوْجُكَ | وَ زَ اوْ جُ کَ | اور تیری بیوی | ز و ج | زوجہ مُحترمہ، ازواجِ مُطہّرات |
| | الْجَنَّةَ | اَلْ جَنْ نَ ةَ | جنت میں | ج ن ن | جنّتِ فِردوس، جنّتُ المُعلّٰی، جنّتُ البقیع |
| | فَكُلَا | فَ کُ لَا | پھر تم دونوں کھاؤ | ء ك ل | اَکلِ حلال، مَاکُول، مَاکُولات |
| | مِنْ حَيْثُ | مِنْ حَ ایْ ثُ | جہاں سے | ح ی ث | مِن حیثُ القوم، بحَیثیّت |
| | شِئْتُمَا | شِ x تُ مَا | تم دونوں چاہو | ش ی ء | اِن شاءَاللہ، مَاشاءَاللہ، مَشِیتِ اِلٰہی |
| | وَلَا تَقْرَبَا | وَلَا تَقْ رَ بَا | اور تم دونوں مت قریب جانا | ق ر ب | قُربِ الٰہی، قَریبی، قُربت |
| | هٰذِهِ الشَّجَرَةَ | ہَا ذِہِشْ شَ جَ رَ ةَ | اس درخت کے | ش ج ر | شَجرَہ نسب، شَجرَہ طیّبہ، شَجرَہ ممنوعہ |

کا مکلف نہیں بناتے وہی لوگ جنت والے ہیں اور وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے ﴿۴۲﴾ اور جو کچھ ان کے دلوں میں (کینہ) تھا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِیْ صُدُوْرِهِمْ | فِیْ صُ دُوْ رِ ہِمْ | ان کے سینوں میں | ص د ر | صَدر، صُدُور (سینے)، شرحِ صَدر، شقِ صَدر کا واقعہ |
| | مِّنْ غِلٍّ | مِنْ غِلْ لِنْ | کوئی کینہ | غ ل ل | |
| | تَجْرِیْ | تَ جْ رِیْ | بہتی ہوں گی | ج ر ی | جاری و ساری، اجراء، جریان |
| | مِنْ تَحْتِهِمُ | مِنْ تَ حْ تِ ہِمُ | ان کے نیچے سے | ت ح ت | تحت الشُّعور، ماتحت، تحت الارض |
| | الْاَنْهٰرُ ۚ | لْ اَنْ ہَا رُ | نہریں | ن ھ ر | نَہر، اَنہار، نہر جاری، نہرِ زبیدہ |
| | وَقَالُوا | وَ قَا لُ | اور وہ کہیں گے: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مقُولہ |
| | الْحَمْدُ | لْ حَ مْ دُ | تمام تعریفیں | ح م د | حمد و ثناء، حامد، محمود، محمّد |
| | لِلّٰهِ | لِلْ لَا ہِ | اللہ کے لئے ہیں | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالمین |
| | الَّذِیْ | لْ لَ ذِیْ | جس نے | | |

فِیْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ ۚ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ

ہم اس کو دور کر دیں گے، ان کے نیچے نہریں جاری ہوں گی، اور وہ لوگ کہیں گے کہ اللہ تعالیٰ کا (لاکھ لاکھ) شکر ہے جس نے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هَدٰىنَا | ہَ دَا نَا | ہمیں ہدایت دی | ھ د ی | ہادیِ عالَم، ہادیِ برحق، ہدایت |
| | لِهٰذَا ۖ قف | لِ ہَا ذَا | اس کی | | |
| | وَمَا كُنَّا | وَ مَا كُنْ نَا | اور ہم نہ تھے | ك و ن | |
| | لِنَهْتَدِیَ | لِ نَ ہْ تَ دِیَ | کہ ہدایت پاتے | ھ د ی | ہادیِ عالَم، ہادیِ برحق، ہدایت |
| | لَوْلَآ اَنْ | لَوْ لَا.. اَنْ | اگر نہ ہوتی یہ بات کہ | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هَدٰىنَا | ہَ دَا نَ | ہمیں ہدایت دی | ھ د ی | ہَادِی عَالَم، ہَادِی بَرحَق، ہِدَایت |
| | اللّٰهُ ج | ل لَا ہُ | اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | لَقَدْ | لَ قَ دْ | بلاشبہ تحقیق | | |
| | جَآءَتْ | جَا... ءَ تْ | آئے تھے | ج ی ء | |
| | رُسُلُ | رُ سُ لُ | رسول | ر س ل | رَسُول، رِسَالت، مُرسَل، تَرسِیل |

هَدٰىنَا لِهٰذَا ۖ قف وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ ۚ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ

ہم کو اس مقام تک پہنچایا اور ہماری کبھی رسائی نہ ہوتی اگر اللہ تعالیٰ ہم کو نہ پہنچاتا، واقعی ہمارے رب کے پیغمبر کی باتیں لے کر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رَبِّنَا | رَب بِ نَا | ہمارے رب کے | ر ب ب | اَربَاب، مُرَبّی، رَبُّ العَالَمِین، رَبَّانِی، رَبِّ کَعبہ، رَبِّ مُحَمَّد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
| | بِالْحَقِّ ط | بِلْ حَق قِ | حق کے ساتھ | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقَت |
| | وَنُوْدُوْٓا | وَ نُوْ دُوْ.. | اور انہیں آواز دی جائے گی | ن د و | نِدَا آئی، مُنَادِی کرنا، نِدَائے مِلَّت |
| | اَنْ تِلْكُمُ | اَن تِل کُ مُ | کہ یہ | | |
| | الْجَنَّةُ | لْ جَن نَ ةُ | جنت ہے | ج ن ن | جَنّتِ فِردوس، جَنّتُ المُعَلّٰی، جَنّتُ البَقِیع |
| | اُوْرِثْتُمُوْهَا | اُوْرِثْ تُ مُوْ ہَا | تم اس کے وارث بنائے گئے ہو | و ر ث | وَارِث، عِلمِ وَرَاثَت، مَورُوثی |
| | بِمَا كُنْتُمْ | بِ مَا کُن تُم | اس وجہ سے جو تھے | ك و ن | |
| | تَعْمَلُوْنَ ۝٤٣ | تَ عْ مَ لُوْ نَ | تم عمل کیا کرتے | ع م ل | عَمَل، اَعمَال، عَامِل، مَعمُول |

رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۭ وَنُوْدُوْٓا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝٤٣

آئے تھے اور ان سے پکار کر کہا جائے گا کہ اس جنت کے تم وارث بنائے گئے ہو اپنے اعمال کے بدلے ۝٤٣

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۴ | وَنَادٰٓى | وَ نَا دَا.. | اور پکار کر کہیں گے | ن د و | نِدَا آئی، مُنَادِی کرنا، نِدَائے مِلَّت |
| | اَصْحٰبُ | اَص حَا بُ | ساتھی | ص ح ب | صَحَابِی، صَحَابہ، اَصحَابِ بَدر، صَاحِب |
| | الْجَنَّةِ | لْ جَن نَ ةِ | جنت کے | ج ن ن | جَنّتِ فِردوس، جَنّتُ المُعَلّٰی، جَنّتُ البَقِیع |

الثلثة

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَصْحٰبَ | اَصْ حَا بَ | ساتھی | ص ح ب | صَحَابِی، صَحَابہ، اَصحَابِ بَدر، صَاحِب |
| | النَّارِ | ن نَا رِ | دوزخ کے | ن و ر | نارِ نَمرُود، نارِ جَہنّم، نارِ سَمُوم |
| | اَنْ قَدْ | اَنْ قَ دْ | کہ تحقیق | | |
| | وَجَدْنَا | وَ جَ دْ نَا | ہم نے پایا | و ج د | وَجد، وَجدَان، وَاجِد(نام)، مَوجُود |
| | مَا | مَا | جو | | |
| | وَعَدَنَا | وَ عَ دَ نَا | ہم سے وعدہ کیا تھا | و ع د | وَعدَہ وَفَائی، وَعدَہ وَعِید، وَعدَہ کرنا |
| | رَبُّنَا | رَ ب بُ نَا | ہمارے رب نے | ر ب ب | اَربَاب، مُرَبّی، رَبُّ العَالَمِین<br>رَبَّانی، رَبِّ کَعبہ، رَبِّ مُحَمَّد ﷺ |
| | حَقًّا | حَق قَ نْ | سچا | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقَت |

**وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ اَصْحٰبَ النَّارِ اَنْ قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا**

اور اہلِ جنت اہلِ دوزخ کو پکاریں گے کہ ہم سے جو ہمارے رب نے وعدہ فرمایا تھا ہم نے تو اس کو واقعہ کے مطابق پایا، سوتم سے جو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَهَلْ | فَ هَ لْ | تو کیا | | |
| | وَجَدْتُّمْ | وَ جَ تْ تُمْ | تم نے بھی پالیا ہے | و ج د | وَجد، وَجدَان، وَاجِد(نام)، مَوجُود |
| | مَّا | مَا | جو | | مَاوراءُالنّہر، مَاورائے آئین<br>مَاورائے عدالت |
| | وَعَدَ | وَ عَ دَ | وعدہ کیا تھا | و ع د | وَعدَہ وَفَائی، وَعدَہ وَعِید، وَعدَہ کرنا |
| | رَبُّكُمْ | رَ ب بُ کُمْ | (تم سے) تمہارے رب نے | ر ب ب | اَربَاب، مُرَبّی، رَبُّ العَالَمِین<br>رَبَّانی، رَبِّ کَعبہ، رَبِّ مُحَمَّد ﷺ |
| | حَقًّا ؕ | حَق قَا | برحق؟ | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقَت |
| | قَالُوْا | قَا لُوْ | وہ کہیں گے: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | نَعَمْ ج | نَ عَ مْ | ہاں! | | |
| | فَاَذَّنَ | فَ اَ ذْ ذَ نَ | پھر اعلان کرے گا | ء ذ ن | اِذنِ رَبّی، اَذَان، بِاِذنِ اللہ |
| | مُؤَذِّنٌ | مُ ءَ ذْ ذِ نُ نْ | ایک اعلان کرنے والا | ء ذ ن | اِذنِ رَبّی، اَذَان، بِاِذنِ اللہ، مُؤَذِّن |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بَيْنَهُمْ | بَ ئِ نَ هُمْ | ان کے درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |

**فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا ؕ قَالُوْا نَعَمْ ۚ فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌۢ بَيْنَهُمْ**

تمہارے رب نے وعدہ کیا تھا تم نے بھی اس کو واقعہ کے مطابق پایا؟ وہ کہیں گے ہاں، پھر ایک پکارنے والا دونوں کے درمیان میں پکارے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنْ لَّعْنَةُ | اَ ل لَ عْ نَ تُ | کہ لعنت ہو | ل ع ن | لعنت کرنا، لَعِین، مَلعُون، مَلاعِن |
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ۙ ﴿۴۴﴾ | عَ لَ ظ ظَا لِ مِیْ نَ | ظالموں پر | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالمین |
| ۴۵ | الَّذِيْنَ | اَ ل لَ ذِ یْ نَ | وہ لوگ جو | | |
| | يَصُدُّوْنَ | یَصُ دْ دُوْ نَ | روکتے ہیں | ص د د | |
| | عَنْ سَبِيْلِ | عَنْ سَ بِیْ لِ | راہ سے | س ب ل | سَبِیل، سُبُل، فِی سَبِیلِ اللہ |
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | وَيَبْغُوْنَهَا | وَ یَبْ غُوْ نَ هَا | اور تلاش کرتے ہیں اس میں | ب غ ی | بَاغی، بَغَاوت، بَاغی گروہ |

**اَنْ لَّعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ۙ﴿۴۴﴾ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا**

گا کہ اللہ تعالیٰ کی مار ہو ان ظالموں پر ﴿۴۴﴾ جو اللہ تعالیٰ کی راہ سے اعراض کرتے تھے اور اس میں کجی تلاش کرتے تھے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عِوَجًا ۚ | عِ وَ جَا | کوئی ٹیڑھ (عیب) | ع و ج | |
| | وَهُمْ | وَ هُمْ | اور وہ | | |
| | بِالْاٰخِرَةِ | بِلْ آ خِ رَ ةِ | آخرت کے ساتھ | ء خ ر | آخرت، اَخِیر، آخر، آخری |
| | كٰفِرُوْنَ ﴿۴۵﴾ | کَا فِ رُوْ نَ | کفر کرنے والے ہیں | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّار، تکفیر، کُفرانِ نعمت |
| ۴۶ | وَبَيْنَهُمَا | وَ بَ ئِ نَ هُ مَا | اور ان دونوں کے درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |
| | حِجَابٌ ۚ | حِ جَا بٌ | پردہ (ہوگا) | ح ج ب | حِجَاب، حَاجِب، عَورت کا حِجَاب |
| | وَعَلَى الْاَعْرَافِ | وَ عَ لَلْ اَعْ رَا فِ | اور اعراف (بلند جگہ) پر | ع ر ف | عُرف، سُورَۃُ الاَعراف، تَعَارُف |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رِجَالٌ | رِ جَا لُوْ ئِیْں | کچھ لوگ ہوں گے | ر ج ل | رِجال کَشی، اَسماءُالرِّجال کی کُتب |

وقف لازم

**عِوَجًا ۚ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ كٰفِرُوْنَ ۝٤٥ وَبَيْنَهُمَا حِجَابٌ ۚ وَعَلَى الْاَعْرَافِ رِجَالٌ**

اور وہ لوگ آخرت کے بھی منکر تھے ۝٤٥ اور ان دونوں کے درمیان ایک آڑ ہوگی اور اعراف کے اوپر بہت سے آدمی ہوں گے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَعْرِفُوْنَ | یَ عْ رِ فُوْ نَ | وہ پہچانتے ہوں گے | ع ر ف | عُرف، سُورۃُ الاَعراف، تعَارُف |
| | كُلًّا | کُل لَمْ | ہر ایک کو | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | بِسِيْمٰهُمْ ج | بِ سِیْ مَا ہُمْ | ان کی (خاص) نشانی سے | س و م | |
| | وَنَادَوْا | وَ نَا دَ وْ | اور وہ پکاریں گے | ن د و | نِدا آئی، مُنادی کرنا، نِدائے مِلّت |
| | اَصْحٰبَ | اَصْ حَا بَ | اصحاب (کو) | ص ح ب | صَحابی، صَحابہ، اَصحاب، صَاحِب |
| | الْجَنَّةِ | لْ جَنْ نَ ةِ | جنت (کے) | ج ن ن | جنّتِ فِردوس، جنّتُ المُعلّیٰ، جنّتُ البقیع |
| | اَنْ سَلٰمٌ | اَنْ سَ لَا مُنْ | کہ سلام ہو | س ل م | اِسلام، مُسلِم، مُسلمان، سَلامتی |
| | عَلَيْكُمْ قف | عَ لَا ئِ کُمْ | تم پر | | |

**يَعْرِفُوْنَ كُلًّا ۢ بِسِيْمٰهُمْ ۚ وَنَادَوْا اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ۣ قف**

وہ لوگ، ہر ایک کو ان کے قیافہ سے پہچانیں گے اور اہلِ جنت کو پکار کر کہیں گے، السلام علیکم! ابھی یہ اہلِ اعراف

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَمْ يَدْخُلُوْهَا | لَمْ یَ دْ خُ لُوْ ہَا | وہ اس (جنت) میں داخل نہ ہوئے ہوں گے | د خ ل | دَاخِل، دُخُول، وَزارتِ داخِلہ |
| | وَهُمْ | وَ ہُمْ | اور وہ (جنت کی) | | |
| | يَطْمَعُوْنَ ۝٤٦ | یَ طْ مَ عُوْ نَ | امید رکھتے ہوں گے | ط م ع | طَمع و لالچ، حرص و طمع |
| ٤٧ | وَاِذَا | وَ اِ ذَا | اور جب | | |
| | صُرِفَتْ | صُ رِ فَتْ | پھیری جائیں گی | ص ر ف | صَرفِ نظر کرنا، مَصرُوف، تصرِیف |
| | اَبْصَارُهُمْ | اَبْ صَا رُ ہُمْ | ان کی آنکھیں | ب ص ر | بَصارت، بَصِیرت، سَمع و بَصر |
| | تِلْقَآءَ | تِ لْ قَا...ءَ | کی طرف | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَصْحٰبِ | اَصْ حَا بِ | ساتھی | ص ح ب | صَحَابی، صَحَابہ، اَصحابِ بَدر، صَاحِب |
| | النَّارِ ۙ | اَن نَا رِ | دوزخ کے | ن و ر | نارِ نَمرُود، نارِ جَہنّم، نارِ سَمُوم |

لَمْ يَدْخُلُوْهَا وَهُمْ يَطْمَعُوْنَ ﴿٤٦﴾ وَاِذَا صُرِفَتْ اَبْصَارُهُمْ تِلْقَآءَ اَصْحٰبِ النَّارِ ۙ

جنت میں داخل نہیں ہوئے ہوں گے اور اس کے امیدوار ہوں گے ﴿٤٦﴾ اور جب ان کی نگاہیں اہلِ دوزخ کی طرف پھریں گی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قَالُوْا | قَا لُوْ | تو کہیں گے: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقولہ |
| | رَبَّنَا | رَب بَ نَا | اے ہمارے رب! | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین<br>رَبّانی، رَبِّ کَعبہ، رَبِّ مُحمّد ﷺ |
| | لَا تَجْعَلْنَا | لَا تَ جْ عَ لْ نَا | تُو ہمیں نہ کر | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ<br>جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغذات |
| | مَعَ | مَ عَ | ساتھ | | مَع ہٰذا، اُس کی مَعیّت میں |
| | الْقَوْمِ | لْ قَا ؤ مِ | لوگوں کے | ق و م | قَوم، اَقوام، مُسلم قَوم، قَومِ مُوسیٰ |
| | الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤٧﴾ ع | ظْ ظَا لِ مِیْ ن | ظالم | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالمین |
| ٤٨ | وَنَادٰٓى | وَ نَا دَا.. | اور پکار کر کہیں گے | ن د و | نِدا آئی، مُنادی کرنا، نِدائے مِلّت |
| | اَصْحٰبُ | اَصْ حَا بُ | ساتھی | ص ح ب | صَحَابی، صَحَابہ، اَصحابِ بَدر، صَاحِب |
| | الْاَعْرَافِ | لْ اَعْ رَا فِ | اَعراف (بلند جگہ) کے | ع ر ف | عُرف، سُورۃُ الاَعراف، تَعارُف |
| | رِجَالًا | رِ جَا لَا ئِیْ | کچھ ایسے لوگوں کو | ر ج ل | رِجال کَشی، اَسماءُ الرِّجال کی کُتُب |

قَالُوْا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤٧﴾ ع وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ الْاَعْرَافِ رِجَالًا ع ٥ ٨ ١٢

تو کہیں گے اے ہمارے رب! ہم کو ان ظالم لوگوں کے ساتھ شامل نہ کر ﴿٤٧﴾ اور اہلِ اعراف بہت سے آدمیوں کو جن کو کہ ان کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَّعْرِفُوْنَهُمْ | یَ عْ رِفُوْ نَ ہُمْ | جنہیں وہ پہچانتے ہوں گے | ع ر ف | عُرف، سُورۃُ الاَعراف، تَعارُف |
| | بِسِيْمٰهُمْ | بِ سِیْ مَا ہُمْ | ان کی (خاص) نشانی سے | | |
| | قَالُوْا | قَا لُوْ | وہ کہیں گے: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقولہ |
| | مَآ اَغْنٰى | مَا.. اَغْ نَا | نہیں فائدہ دیا | غ ن ی | عَبدُالغَنی، مُستَغنی، اَغنیاء<br>غَنی (اللہ تعالیٰ کی صفت ہے) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَنْكُمْ | عَنْ كُمْ | تمہیں | | |
| | جَمْعُكُمْ | جَ مْ عُ كُمْ | تمہاری جماعت نے | ج م ع | جَماعت، جَماعتیں، مَجمَع، مَجموعہ |
| | وَمَا كُنْتُمْ | وَ مَا كُنْ تُمْ | اور (نہ اس نے) جو | ك و ن | |

يَعْرِفُوْنَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ قَالُوْا مَآ اَغْنٰى عَنْكُمْ جَمْعُكُمْ وَمَا كُنْتُمْ

قیافہ سے پہچانیں گے پکاریں گے کہیں گے کہ تمہاری جماعت اور تمہارا اپنے کو بڑا سمجھنا تمہارے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿٤٨﴾ | تَسْ تَ كْ بِ رُوْنَ | تم تکبر کیا کرتے تھے | ك ب ر | کِبر، اَکبر، کُبریٰ، کَبیر، تکبُّر |
| ٤٩ | اَهٰٓؤُلَآءِ | اَ ہَا.. ءُ لَا... ءِ | کیا یہی | | |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ يْ نَ | وہ لوگ ہیں جن کے متعلق | | |
| | اَقْسَمْتُمْ | اَ قْ سَ مْ تُمْ | تم نے قسمیں کھائی تھیں | ق س م | قسم اُٹھانا، قسم لینا، اللہ کی قسم |
| | لَا يَنَالُهُمُ | لَا يَ نَا لُ ہُمْ | کہ نہیں پہنچائے گا ان کو | ن ی ل | نائلہ (پانے والی)، تناوُل فرمانا |
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | بِرَحْمَةٍ ؕ | بِ رَ حْ مَ ةٍ | رحمت؟ | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکَرم |
| | اُدْخُلُوا | اُ دْ خُ لُ | (ان کو یہ حکم ہوگا کہ) تم داخل ہوجاؤ | د خ ل | داخِل، دُخول، وَزارتِ داخلہ |

تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿٤٨﴾ اَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمْتُمْ لَا يَنَالُهُمُ اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ ؕ اُدْخُلُوا

کچھ کام نہ آیا﴿٤٨﴾ کیا یہ وہی ہیں جن کی نسبت تم قسمیں کھا کھا کر کہا کرتے تھے کہ اللہ تعالیٰ ان پر رحمت نہ کرے گا، ان کو یوں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْجَنَّةَ | لْ جَنْ نَ ةَ | جنت میں | ج ن ن | جنّتِ فردوس، جنّتُ المُعلّٰی، جنّتُ البقیع |
| | لَا خَوْفٌ | لَا خَا وْ فُنْ | نہیں کوئی خوف | خ و ف | خوف وہراس، بِلاخوف، خوفناک |
| | عَلَيْكُمْ | عَ لَا يْ كُمْ | تم پر | | |
| | وَلَآ اَنْتُمْ | وَلَا.. اَنْ تُمْ | اور نہ تم | | |
| | تَحْزَنُوْنَ ﴿٤٩﴾ | تَ حْ زَ نُوْنَ | غمگین ہوگے | ح ز ن | حُزن وملال، عامُ الحُزن، غم وحزن |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵۰ | وَنَادٰٓی | وَ نَا دَا.. | اور پکار کر کہیں گے | ن د و | نِدا آئی، مُنادِی کرنا، نِدائے مِلّت |
| | اَصْحٰبُ | اَ صْ حَا بُ | اصحاب | ص ح ب | صَحابی، صَحابہ، اَصحابِ بَدر، صَاحِب |
| | النَّارِ | ن نَا رِ | دوزخ کے | ن و ر | نارِ نَمرود، نارِ جَہنم، نارِ سَموم |
| | اَصْحٰبَ | اَ صْ حَا بَ | اصحاب | ص ح ب | صَحابی، صَحابہ، اَصحابِ بَدر، صَاحِب |

الْجَنَّةَ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ۝٤٩ وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ النَّارِ اَصْحٰبَ

حکم ہوگا کہ جاؤ جنت میں تم پر نہ کچھ خوف ہے اور نہ تم مغموم ہوگے ۴۹ اور دوزخ والے جنت والوں کو پکاریں گے، کہ ہمارے اوپر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْجَنَّةِ | لْ جَنْ نَ ةِ | جنت (کو) | ج ن ن | جنّتِ فِردوس، جنّتُ المُعلّٰی، جنّتُ البقیع |
| | اَنْ اَفِيْضُوْا | اَنْ اَفِیْ ضُوْ | یہ کہ تم ڈالو | ف ی ض | فَیض یافتہ، فَیض یاب، مُستَفِیض |
| | عَلَيْنَا | عَ لَا ئِیْ نَا | ہم پر | | |
| | مِنَ الْمَآءِ | مِ نَلْ مَا...ءِ | کچھ پانی | م و ہ | مَاءِ زَمزَم، مَاءِ شِیریں، مَاءِ بَارِد |
| | اَوْ | اَ وْ | یا | | |
| | مِمَّا | مِمْ مَا | (پھینکو) اس میں سے کچھ جو | | |
| | رَزَقَكُمُ | رَ زَ قَ کُمُ | تمہیں رزق دیا ہے | ر ز ق | رِزق، رَازِق، رَزّاق، مَرزُوق |
| | اللّٰهُ ط | لْ لَا ہُ | اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | قَالُوْٓا | قَا لُوْ.. | (جنتی) کہیں گے: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | اِنَّ | اِنْ نَ | بے شک | | |
| | اللّٰهَ | لْ لَا ہَ | اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | حَرَّمَهُمَا | حَ رْ رَ مَ ہُ مَا | حرام کر دی ہیں یہ دونوں چیزیں | ح ر م | حَرام، حَلال و حَرام، لُقمۂ حَرام |

الْجَنَّةِ اَنْ اَفِيْضُوْا عَلَيْنَا مِنَ الْمَآءِ اَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ؕ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَهُمَا

تھوڑا پانی ہی ڈال دو یا اور ہی کچھ دے دو، جو اللہ تعالیٰ نے تم کو دے رکھا ہے، جنت والے کہیں گے کہ اللہ تعالیٰ نے دونوں چیزوں کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۙ۝۵۰ | عَ لَل كَا فِ رِ يْن | کافروں پر | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّار، تکفیر، کُفرانِ نعمت |
| ۵۱ | الَّذِيْنَ | اَل لَ ذِ ىْ نَ | وہ لوگ جنہوں نے | | |
| | اتَّخَذُوْا | ت تَ خَ ذُ وْ | بنالیا | ء خ ذ | اَخذ کرنا، مَاخذ، مُواخذہ، مَاخُوذ |
| | دِيْنَهُمْ | دِ ىْ نَ هُمْ | اپنے دین کو | د ی ن | دِین ودُنیا، دُنیاوِی زندگی |
| | لَهْوًا | لَ هْ وَا ؤں | تماشا | ل ھ و | لَہو ولَعب، مَلاَعِب (کھیل) |
| | وَّ لَعِبًا | وَ لَ عِ بَا ؤں | اور کھیل | ل ع ب | لَہو ولَعب، مَلاَعِب (کھیل) |
| | وَّ غَرَّتْهُمُ | وَ غَرْ رَتْ هُمُ | اور انہیں دھوکے میں ڈالے رکھا | غ ر ر | غُرور، بَیعِ غَرر، مَغرُور آدمی |
| | الْحَيٰوةُ | لْ حَ يَا تُ | زندگی نے | ح ی ی | حَیّ قَیُّوم، مُحیُ الدّین، حَیات جاوِداں، اِحیائے سُنّت (سنت کو زندہ کرنا) |

**عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۙ۝۵۰ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَهْوًا وَّ لَعِبًا وَّ غَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ**

کافروں کے لئے بندش کردی ہے ۝۵۰ جنہوں نے دنیا میں اپنے دین کو لہو ولعب بنا رکھا تھا اور جن کو دنیاوی زندگی نے دھوکہ میں ڈال رکھا تھا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الدُّنْيَا ج | د دُنْ يَا | دنیا کی | د ن و | دِین ودُنیا، دُنیاوِی زندگی |
| | فَالْيَوْمَ | فَ لْ يَا ؤْ مَ | چنانچہ آج | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | نَنْسٰىهُمْ | نَنْ سَا هُمْ | ہم انہیں بھلادیں گے | ن س ی | نِسیان، مَرضِ نِسیان، نَسیاً مَنسِیاً |
| | كَمَا | كَ مَا | جیسے | | |
| | نَسُوْا | نَ سُوْ | انہوں نے بھلادیا تھا | ن س ی | نِسیان، مَرضِ نِسیان، نَسیاً مَنسِیاً |
| | لِقَآءَ | لِ قَا ... ءَ | اپنی ملاقات کو | ل ق ی | مُلاقاتی حضرات، شَرفِ مُلاقات |
| | يَوْمِهِمْ | يَا ؤْ مِ هِمْ | دن کی | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | هٰذَا ۙ | هَا ذَا | اس | | |
| | وَمَا كَانُوْا | وَ مَا كَا نُوْ | اور جو تھے وہ | ك و ن | |
| | بِاٰيٰتِنَا | بِ آ يَا تِ نَا | ہماری آیات کا | ء ی ی | آیتِ قُرآنی، آیۃُ الکُرسی، آیتِ کریمہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ نَنْسٰىهُمْ كَمَا نَسُوْا لِقَآءَ يَوْمِهِمْ هٰذَا ۙ وَمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا

سو ہم (بھی) آج کے روز ان کا نام بھول جائیں گے جیسا کہ وہ اس دن کو بھول گئے اور جیسا یہ ہماری آیتوں کا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَجْحَدُوْنَ ﴿٥١﴾ | یَ جْ حَ دُوْ نَ | انکار کرتے | ج ح د | |
| ٥٢ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | |
| | جِئْنٰهُمْ | جِ x نَا ہُمْ | ہم لائے ہیں ان کے پاس | ج ی ء | |
| | بِكِتٰبٍ | بِ کِ تَا بِ نْ | ایسی کتاب | ك ت ب | کِتاب حِکمت، مَکتُوب، کِتابَت |
| | فَصَّلْنٰهُ | فَص صَلْ نَا ہُ | کہ ہم نے اسے کھول کر بیان کیا ہے | ف ص ل | مُفَصَّل بَیان، تَفصِیلی خطاب، تَفصِیلات |
| | عَلٰى عِلْمٍ | عَ لَا عِ لْ مِنْ | علم (کی بنا) پر | ع ل م | عِلم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلّامہ |
| | هُدًى | ہُ دَاءُ ں | جبکہ (وہ) ہدایت | ھ د ی | ہَادِی عَالَم، ہَادِیِ بَرحَق، ہِدَایت |
| | وَّرَحْمَةً | وَ رَ حْ مَ تَ | اور رحمت ہے | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحِیم، رَحم وکَرَم |
| | لِّقَوْمٍ | ل لِ قَاؤِ مِیں | ان لوگوں کے لئے | ق و م | قَوم، اَقوَام، مُسلِم قَوم، قَومِ مُوسیٰ |

يَجْحَدُوْنَ ﴿٥١﴾ وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰى عِلْمٍ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ

انکار کرتے تھے ﴿٥١﴾ اور ہم نے ان لوگوں کے پاس ایک ایسی کتاب پہنچادی ہے جس کو ہم نے اپنے علم کامل سے بہت واضح کر کے بیان کر دیا ہے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٥٢﴾ | یُ x مِ نُوْ نَ | جو ایمان لاتے ہیں | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمِن، اِیمان |
| ٥٣ | هَلْ يَنْظُرُوْنَ | ہَ لْ یَ نْ ظُ رُوْ نَ | وہ نہیں انتظار کرتے | ن ظ ر | نَظر، نَظارہ، مَنظر، نَاظِرین |
| | اِلَّا | اِ ل لَا | مگر | | اِلّا مَاشَاءَاللہ، اِلّا قَلِیل |
| | تَاْوِيْلَهٗ ؕ | تَ x وِ یْ لَ ہٗ | اسکے انجام (قیامت) کا | ء و ل | تَاوِیل کَلَام، مُؤَوَّل کَلَام |
| | يَوْمَ | یَا ؤْ مَ | جس دن | ی و م | یَومِ قَائِد، یَومِ اِقبال، یَومِ عِید |
| | يَاْتِيْ | یَ x تِیْ | آئے گا | ء ت ی | |
| | تَاْوِيْلُهٗ | تَ x وِ یْ لُ ہُوْ | اس کا انجام | ء و ل | تَاوِیل کَلَام، مُؤَوَّل کَلَام |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَقُوْلُ | ىَ قُوْ لُ | (تو) کہیں گے | ق و ل | قَول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ ىْ نَ | وہ لوگ جو | | |

يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا تَاْوِيْلَهٗ ؕ يَوْمَ يَاْتِيْ تَاْوِيْلُهٗ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ

وہ ذریعہ ہدایت اور رحمت ان لوگوں کیلئے ہے جو ایمان لائے ہیں ﴿۵۲﴾ ان لوگوں کو اور کسی بات کا انتظار نہیں صرف اسکے اخیر نتیجہ کا انتظار ہے، جس روز

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | نَسُوْهُ | نَ سُوْ هُ | اسے بھولے ہوئے تھے | ن س ی | نِسیان، مَرضِ نِسیان، نَسیاً منسیاً |
| | مِنْ قَبْلُ | مِنْ قَبْ لُ | اس سے پہلے: | ق ب ل | قَبل اسکے، قَبل اَز نماز، قَبل اَز طعام |
| | قَدْ جَآءَتْ | قَ دْ جَا... ءَ تْ | تحقیق آئے تھے | ج ی ء | |
| | رُسُلُ | رُ سُ لُ | رسول | ر س ل | رَسول، رَسالت، مُرسل، تَرسیل |
| | رَبِّنَا | رَ ب بِ نَا | ہمارے رب کے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین<br>رَبّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | بِالْحَقِّ ج | بِلْ حَ ق قِ | حق کے ساتھ | ح ق ق | حَق، حُقوق، حَق بات، حَقیقت |
| | فَهَلْ | فَ هَ لْ | پھر کیا | | |
| | لَّنَا | ل لَ نَا | ہمارے لئے | | |
| | مِنْ شُفَعَآءَ | مِنْ شُ فَ عَا... ءَ | کوئی سفارشی ہیں؟ | ش ف ع | شَفاعت، شَفیع، شافعِ محشر |
| | فَيَشْفَعُوْا | فَ يَشْ فَ عُوْ | کہ وہ سفارش کریں | ش ف ع | شَفاعت، شَفیع، شافعِ محشر |

نَسُوْهُ مِنْ قَبْلُ قَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۚ فَهَلْ لَّنَا مِنْ شُفَعَآءَ فَيَشْفَعُوْا

اسکا اخیر نتیجہ پیش آئیگا اور اس روز جو لوگ اسکو پہلے سے بھولے ہوئے تھے یوں کہیں گے کہ واقعی ہمارے رب کے پیغمبر سچی سچی باتیں لائے تھے، سو اب کیا کوئی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَنَآ | لَ نَا.. | ہمارے لئے | | |
| | اَوْ | اَ وْ | یا | | |
| | نُرَدُّ | نُ رَ د دُ | ہم واپس بھیجے جائیں | ر د د | رَدّ کرنا، رَدِّ کفر، اِرتداد، فتنۂ اِرتداد |
| | فَنَعْمَلَ | فَ نَ عْ مَ لَ | تو ہم عمل کریں گے | ع م ل | عَمل، اَعمال، عامِل، مَعمول |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | غَيْرَ الَّذِىْ | غَائِ رَل لَ ذِ ىْ | ان کے خلاف جو | غ ی ر | غیر آدمی، غیرُ اللہ، اِسکے بغیر |
| | كُنَّا | کُن نَا | ہم (پہلے) تھے | ك و ن | |
| | نَعْمَلُ ط | نَ عْ مَ لُ | عمل کیا کرتے | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |
| | قَدْ | قَ دْ | تحقیق | | |
| | خَسِرُوْٓا | خَ سِ رُوْ.. | انہوں نے خسارے میں ڈالا | خ س ر | خسارہ اُٹھانے والا، خَائِب وخَاسِر |
| | اَنْفُسَهُمْ | اَنْ فُ سَ ہُمْ | اپنے آپ کو | ن ف س | نفسانی خیال، نَفس، نُفوس، تنفّس |
| | وَضَلَّ | وَ ضَل لَ | اور گم ہو گیا | ض ل ل | ضَلالت (گمراہی)، ضَلالت وگُمراہی |
| | عَنْهُمْ | عَنْ ہُمْ | ان سے | | |

لَنَآ اَوْ نُرَدُّ فَنَعْمَلَ غَيْرَ الَّذِىْ كُنَّا نَعْمَلُ ط قَدْ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ

ہمارا سفارشی ہے کہ وہ ہماری سفارش کردے یا کیا ہم پھر واپس بھیجے جاسکتے ہیں تا کہ ہم لوگ ان اعمال کے، جن کو ہم کیا کرتے تھے برخلاف دوسرے اعمال

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَّا | مَا | جو | | |
| | كَانُوْا | کَ انُوْ | تھے وہ | ك و ن | |
| | يَفْتَرُوْنَ ع ۵۳ | یَفْ تَ رُوْ نَ | جھوٹ باندھتے | ف ر ی | مُفتَرِی (بہتان باندھنا)، اِفتراء پردازی |
| ۵۴ | اِنَّ | اِن نَ | یقیناً | | |
| | رَبَّكُمُ | رَب بَ کُمُ | تمہارا رب | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحمّد ﷺ |
| | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | وہ اللہ ہے | ء ل ہ | اِلہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | الَّذِىْ | ل لَ ذِ ىْ | جس نے | | |
| | خَلَقَ | خَ لَ قَ | پیدا کیا | خ ل ق | خالِق، تخلیق، مخلوق، خلقت |
| | السَّمٰوٰتِ | س سَ مَا وَا تِ | آسمانوں کو | س م و | سَماوِی کُتب، اَرض وسَما |
| | وَالْاَرْضَ | وَلْ اَ رْ ضَ | اور زمین کو | ء ر ض | اَرض وسَماء، کُرہ ارض، اَرضِ مُقدس |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِیْ سِتَّةِ | فِیْ سِ تْ تَ ةِ | چھ میں | | |

ع ١٣

مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ع ۵۳ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ

کریں، بیشک ان لوگوں نے اپنے آپکو خسارہ میں ڈال دیا اور یہ جو جو باتیں تراشتے تھے سب گم ہوگئیں ۵۳ بیشک تمہارا رب اللہ تعالیٰ ہی ہے جس نے سب

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَيَّامٍ | اَ یْ یَا مِنْ | دنوں | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | ثُمَّ | ثُ مْ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | اسْتَوٰى | سْ تَ وَا | وہ مستوی ہوگیا | س و ی | مُستویٰ عرش، تَسوِیۃُ الصُّفُوف مُساوَات، مُساوِی |
| | عَلَى الْعَرْشِ قف | عَ لَلْ عَ رْ شِ | عرش پر | ع ر ش | عَرشِ الٰہی، عَرشِ معلیٰ، عَرشِ بریں |
| | يُغْشِى | یُ غْ شِ | وہ ڈھانپتا تھا | غ ش ی | غَشی طاری ہونا، غَش آنا |
| | الَّيْلَ | لْ لَا ئِ یْ لَ | رات سے | ل ی ل | لَیل ونَہار، لَیلۃُ القدر، قِیَامُ اللَّیل |
| | النَّهَارَ | نْ نَ ہَا رَ | دن کو | ن ھ ر | لَیل ونَہار، لَیلۃُ القدر، قِیَامُ اللَّیل |
| | يَطْلُبُهٗ | یَ طْ لُ بُ ہُوْ | طلب کرتی ہے (رات) اس (دن) کو | ط ل ب | عِندَ الطَّلَب، مَطلُوب، طَالِب |
| | حَثِيْثًا لا | حَ ثِیْ ثَا ؤں | جلدی جلدی | ح ث ث | |

اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ قف يُغْشِى الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا لا

آسمان اور زمین کو چھ روز میں پیدا کیا ہے، پھر عرش پر قائم ہوا، وہ شب سے دن کو ایسے طور پر چھپا دیتا ہے کہ وہ شب اس دن کو جلدی سے آلیتی ہے اور

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّالشَّمْسَ | وَ شْ شَ مْ سَ | اور (اس نے پیدا کئے) سورج | ش م س | شمس وقمر، شَمسی سال، شَمسی توانائی |
| | وَالْقَمَرَ | وَلْ قَ مَ رَ | اور چاند | ق م ر | قمر، اَقمار، چودھویں رات کا قمر |
| | وَالنُّجُوْمَ | وَ نْ نُ جُوْ مَ | اور ستارے | ن ج م | نَجم، نُجُوم (ستارے)، انجم |
| | مُسَخَّرٰتٍۭ | مُ سَ خْ خَ رَا تِ مْ | اس حال میں کہ وہ (سب) تابع ہیں | س خ ر | تسخیرِ کائنات، مُسخَّر کرنا |
| | بِاَمْرِهٖ ط | بِ اَ مْ رِہْ | اس (اللہ) کے حکم کے | ء م ر | اَمرِ ربِّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| | اَلَا | اَ لَا | آگاہ رہو! | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَهُ | لَ هُ | اسی کے لئے ہے | | |
| | الْخَلْقُ | لُ خَ لْ قُ | پیدا کرنا | خ ل ق | خَالِق، تخلیق، مخلُوق، خلقت |
| | وَالْاَمْرُ ط | وَلْ اَمْ رُ | اور حکم فرمانا | ء م ر | اَمرِ رَبّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| | تَبٰرَكَ | تَ بَا رَ كَ | بہت بابرکت ہے | ب ر ك | بَرَکت، بَرَکَات، مُبارَک باد |

وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ

سورج اور چاند اور دوسرے ستاروں کو پیدا کیا ایسے طور پر کہ سب اسکے حکم کے تابع ہیں، یادرکھو اللہ ہی کیلئے خاص ہے خالق ہونا اور حاکم ہونا، بڑی خوبیوں سے بھرا ہوا ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | رَبُّ | رَ ب بُ | جو رب ہے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحمّد ﷺ |
| | الْعٰلَمِيْنَ ۝٥٤ | لْ عَا لَ مِیْ نَ | تمام جہانوں کا | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلّم، مَعلُوم، علّامہ |
| ٥٥ | اُدْعُوْا | اُدْ عُوْ | تم پکارو | د ع و | دُعا، دَعوت، دَاعی، مدعُو |
| | رَبَّكُمْ | رَب بَ كُمْ | اپنے رب کو | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحمّد ﷺ |
| | تَضَرُّعًا | تَ ضَرْ رُ عَا ءُں | آہ وزاری کرتے ہوئے | ض ر ع | عجز وتضرُّع، تضرُّعاً وَّخُفیہ (عاجزی ونیاز پنہائی سے) |
| | وَّخُفْيَةً ط | وَ خُفْ یَ ۃَ | اور چپکے چپکے | خ ف ی | خُفیہ پالیسی، خُفیہ ایجنسی، مخفی |
| | اِنَّهٗ | اِنْ نَ هُوْ | تحقیق وہ | | |
| | لَا يُحِبُّ | لَا یُ حِبْ بُ | پسند نہیں کرتا | ح ب ب | حُبّ، اَحباب، مُحبّ، محبّت |
| | الْمُعْتَدِيْنَ ۝٥٥ | لْ مُعْ تَ دِیْنَ | حد سے گزرنے والوں کو | ع د و | تعدّی، مُتعدّی اَمراض |

اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝٥٤ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۝٥٥

اللہ جو تمام عالم کا رب ہے ۝٥٤ تم لوگ اپنے پروردگار سے دعا کیا کرو گڑگڑا کے بھی اور چپکے چپکے بھی، واقعی اللہ ان لوگوں کو ناپسند کرتا ہے جو حد سے نکل جائیں ۝٥٥

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٥٦ | وَلَا تُفْسِدُوْا | وَلَا تُفْ سِ دُوْ | اور نہ تم فساد کرو | ف س د | فَساد، فَسادات، فاسِد، مُفسِد |
| | فِي الْاَرْضِ | فِلْ اَرْضِ | زمین میں | ء ر ض | اَرض وسماء، کُرۂ ارض، ارضِ مُقدس |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بَعۡدَ | بَ عۡ دَ | بعد | ب ع د | بَعد اَزاں، بَعد اِس کے |
| | اِصۡلَاحِهَا | اِصۡ لَا حِ ہَا | اس کی اصلاح کے | ص ل ح | اِصلاح کرنا، مُصالحت کرانا، اِصلاحِ اَحوال |
| | وَادۡعُوۡهُ | وَدۡ عُوۡ ہُ | اور تم پکارو اس (اللہ) کو | د ع و | دُعا، دَعوت، دَاعی، مَدعُو |
| | خَوۡفًا | خَاوۡ فَا وٌں | خوف کرتے ہوئے | خ و ف | خوف وہراس، بِلاخوف، خوفناک |
| | وَّطَمَعًا ؕ | وَ طَ مَ عَا | اور طمع کرتے ہوئے | ط م ع | طَمع ولالچ، حرص وطَمع |
| | اِنَّ رَحۡمَتَ | اِن نَ رَحۡ مَ تَ | یقیناً رحمت | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکَرم |
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہ العالمین |

وَلَا تُفۡسِدُوۡا فِى الۡاَرۡضِ بَعۡدَ اِصۡلَاحِهَا وَادۡعُوۡهُ خَوۡفًا وَّطَمَعًا ؕ اِنَّ رَحۡمَتَ اللّٰهِ

اور دنیا میں اسکے بعد کہ اسکی درستی کردی گئی ہے، فساد مت پھیلاؤ اور تم اللہ کی عبادت کرو اس سے ڈرتے ہوئے اور امیدوار رہتے ہوئے، بیشک اللہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قَرِيۡبٌ | قَ رِیۡ بُمۡ | قریب ہے | ق ر ب | قُربِ الٰہی، قَریبی، قُربت |
| | مِّنَ الۡمُحۡسِنِيۡنَ ۝٥٦ | مِنَ لۡ مُحۡ سِ نِیۡ نَ | نیکی کرنے والوں کے | ح س ن | حَسن، اِحسان، مُحسن، مُحسِنات |
| ٥٧ | وَهُوَ | وَ هُ وَ | اور وہی ہے | | |
| | الَّذِىۡ | ل لَ ذِیۡ | جو | | |
| | يُرۡسِلُ | یُرۡ سِ لُ | بھیجتا ہے | ر س ل | رَسُول، رَسالت، مُرسَل، تَرسِیل |
| | الرِّيٰحَ | رِ رِ یَا حَ | ہوائیں | ر و ح | رِیَاح، رِیح، رِیَاحی دَرد |
| | بُشۡرًا | بُ شۡ رَمۡ | خوشخبری دینے والی | ب ش ر | بَشارت، مُبَشِّر، بَشیر، بُشرٰی |
| | بَيۡنَ يَدَىۡ | بَائِیۡ نَ یَ دَائِیۡ | پہلے | | |

قَرِيۡبٌ مِّنَ الۡمُحۡسِنِيۡنَ ۝٥٦ وَهُوَ الَّذِىۡ يُرۡسِلُ الرِّيٰحَ بُشۡرًا ۢ بَيۡنَ يَدَىۡ

کی رحمت نیک کام کرنے والوں کے نزدیک ہے ۝٥٦ اور وہ ایسا ہے کہ اپنی باران رحمت سے پہلے ہواؤں کو بھیجتا ہے کہ وہ خوش کردیتی ہیں،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رَحۡمَتِهٖ ؕ | رَحۡ مَ تِ هٖ | اپنی رحمت سے | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکَرم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | حَتّٰٓى | حَت تا.. | یہاں تک کہ | | حَتَّی الاِمکان، حَتّٰی کہ |
| | اِذَآ | اِ ذَ ا.. | جب | | |
| | اَقَلَّتْ | اَ قَل لَتْ | وہ اٹھاتی ہیں | ق ل ل | قِلّت، اَقلِیّت، اَقلِیّتی اَمُور، قَلِیل |
| | سَحَابًا | سَ حَا بَنْ | بادلوں کو | س ح ب | |
| | ثِقَالًا | ثِ قَا لَنْ | بھاری | ث ق ل | ثِقلِ اَرض، مِثقَال، ثَقِیل |
| | سُقْنٰهُ | سُقْ نَا هُ | تو ہم ان کو ہانکتے ہیں | س و ق | سَائِق (ڈرائیور)، سُوق (بازار) |
| | لِبَلَدٍ | لِ بَ لَ دِ | شہر کی طرف | ب ل د | بَلَد، بِلَاد، بَلدِیہ، بَلدِ مَدِینَہ |
| | مَّيِّتٍ | م مَا ئِ یِ تِنْ | ایک مُردہ | م و ت | مَوت، اَموَات، مَیّت |
| | فَاَنْزَلْنَا | فَ اَنْ زَلْ نَا | پھر ہم اتارتے ہیں | ن ز ل | نَازِل، نُزُول، نَازِلَہ، مَنَازِل |
| | بِهِ | بِ هِ | ان کے ذریعے سے | | |

رَحْمَتِهٖ ؕ حَتّٰٓى اِذَآ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ

یہاں تک کہ جب وہ ہوائیں بھاری بادلوں کو اٹھالیتی ہیں، تو ہم اس بادل کو کسی خشک سرزمین کی طرف ہانک لے جاتے ہیں، پھر اس بادل

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْمَآءَ | لْ مَا...ءَ | پانی | م و ہ | مَاءِ زَمزَم، مَاءِ شِیرِیں |
| | فَاَخْرَجْنَا | فَ اَخْ رَجْ نَا | پھر ہم نکالتے ہیں | خ ر ج | خَارِج، وزارتِ خارجہ<br>مَخرَج، خُرُوج |
| | بِهٖ | بِ هِیْ | اس کے ذریعے سے | | |
| | مِنْ كُلِّ | مِنْ کُل لِ | ہر طرح کے | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عَالَم |
| | الثَّمَرٰتِ ؕ | ث ثَ مَ رَا تِ | میوے | ث م ر | ثَمَرات، ثَمَر بَار، مُثمِر، ثَمَرَہ |
| | كَذٰلِكَ | کَ ذَا لِ کَ | اسی طرح | | |
| | نُخْرِجُ | نُ خْ رِ جُ | ہم نکالیں گے | خ ر ج | خَارِج، وزارتِ خارجہ<br>مَخرَج، خُرُوج |
| | الْمَوْتٰى | لْ مَا وْ تَا | مُردوں کو (قبروں سے) | م و ت | مَوت، اَموَات، مَیّت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَعَلَّكُمْ | لَ عَل لَ کُمْ | تاکہ تم | | |
| | تَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۷﴾ | تَ ذَ کْ کَ رُوْ نَ | نصیحت حاصل کرو | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذاکر، مَذکُور، ذِکرِ الٰہی |

الْمَآءَ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۷﴾

سے پانی برساتے ہیں پھر اس پانی سے ہر قسم کے پھل نکالتے ہیں، یوں ہی ہم مردوں کو نکال کھڑا کریں گے تاکہ تم سمجھو ﴿۵۷﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵۸ | وَالْبَلَدُ | وَلْ بَ لَ دُ | اور (جو) شہر (زمین) | ب ل د | بَلَد، بِلَاد، بَلدِیہ، بَلدِ مَدِینہ |
| | الطَّيِّبُ | طْ طَا ئِ یِ بُ | پاکیزہ (عمدہ) ہے | ط ی ب | طَیِّب اَشیاء، کلمہ طَیِّبَہ، مَدِینہ طَیِّبَہ |
| | يَخْرُجُ | یَ خْ رُ جُ | نکلتی ہے | خ ر ج | خارج، وزارتِ خارجہ مَخرَج، خُروج |
| | نَبَاتُهٗ | نَ بَا تُ ھُوْ | اس کی انگوری | ن ب ت | نَباتاتُ الارض، علمِ نَباتات |
| | بِاِذْنِ | بِ اِ ذْ نِ | حکم سے | ء ذ ن | اِذنِ رَبِّی، اَذان، بِاِذنِ اللہ |
| | رَبِّهٖ ج | رَ ب بِ ہٖ | اس کے رب کے | ر ب ب | اَرباب، مُرَبِّی، رَبُّ العالَمِین رَبّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحَمَّد ﷺ |
| | وَالَّذِیْ | وَلْ لَ ذِ یْ | اور جو (زمین) | | |
| | خَبُثَ | خَ بُ ثَ | خراب ہے | خ ب ث | خَبِیث آدمی، خَبِیث اَشیاء، خَباثَت |
| | لَا يَخْرُجُ | لَا یَ خْ رُ جُ | نہیں نکلتی (اس کی انگوری) | خ ر ج | خارج، وزارتِ خارجہ مَخرَج، خُروج |
| | اِلَّا | اِلْ لَا | مگر | | اِلَّا مَاشاءَ اللہ، اِلَّا قَلِیل |

وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۚ وَالَّذِیْ خَبُثَ لَا يَخْرُجُ اِلَّا

اور جو ستھری سرزمین ہوتی ہے اس کی پیداوار تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے خوب نکلتی ہے اور جو خراب ہے اس کی پیداوار بہت کم نکلتی ہے، اسی طرح ہم

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | نَكِدًا ؕ | نَ كِ دَا | ناقص | ن ك د | |
| | كَذٰلِكَ | كَ ذَا لِ كَ | اسی طرح | | |
| | نُصَرِّفُ | نُ صَ رِ رِفُ | ہم پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں | ص ر ف | صَرفِ نَظر کرنا، مَصرُوف، تَصرِیف |
| | الْاٰيٰتِ | لْ آ یَا تِ | آیات کو | ء ی ی | آیتِ قُرآنی، آیۃُ الکُرسی آیتِ کَرِیمہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِقَوْمٍ | لِ قَا ؤ مِ | ان لوگوں کے لئے جو | ق و م | قَوم، اَقوام، مُسلم قَوم، قَومِ مُوسیٰ |
| | يَّشْكُرُوْنَ ﴿٥٨﴾ | يَشْ كُ رُو نَ | شکر کرتے ہیں | ش ك ر | شُکر، شُکریہ، شُکر گزار، مَشکور |
| ٥٩ | لَقَدْ | لَ قَ دْ | بلاشبہ تحقیق | | |
| | اَرْسَلْنَا | اَرْ سَلْ نَا | ہم نے بھیجا | ر س ل | رَسُول، رَسَالت، مُرسَل، تَرسِیل |
| | نُوْحًا | نُوحَنْ | نوح کو | | حضرت نُوح علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | اِلٰى قَوْمِهٖ | اِلَا قَا ؤ مِ ہِیْ | اس کی قوم کی طرف | ق و م | قَوم، اَقوام، مُسلم قَوم، قَومِ مُوسیٰ |

نَكِدًا ؕ كَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّشْكُرُوْنَ ﴿٥٨﴾ ع لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ

ع ١٤ ٥

دلائل کو طرح طرح سے بیان کرتے ہیں، ان لوگوں کیلئے جو شکر کرتے ہیں ﴿٥٨﴾ ہم نے نوح (علیہ السلام) کو ان کی قوم کی طرف بھیجا تو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَقَالَ | فَ قَا لَ | تو اس نے کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | يٰقَوْمِ | يَا قَا ؤ مِ | اے میری قوم! | ق و م | قَوم، اَقوام، مُسلم قَوم، قَومِ مُوسیٰ |
| | اعْبُدُوا | عْ بُ دُ | تم عبادت کرو | ع ب د | عَبد، عِبَادَت، عابِد، مَعبُود |
| | اللّٰهَ | ل لَا هَ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | مَا | مَا | نہیں ہے | | مَاوراءُالنّہر، مَاورائے آئین مَاورائے عدالت |
| | لَكُمْ | لَ كُمْ | تمہارے لئے | | |
| | مِّنْ | مِنْ | کوئی | | مِنْ جَانِب، مِنْ جُملَہ |
| | اِلٰهٍ | اِلَا ہِنْ | معبود | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | غَيْرُهٗ ؕ | غَا ئِ رُهُ | اس کے سوا | غ ی ر | غیر آدمی، غَیرُاللہ، اِسکے بَغیر |
| | اِنِّيْٓ | اِن نِي.. | بلاشبہ میں | | |
| | اَخَافُ | اَ خَا فُ | ڈرتا ہوں | خ و ف | خوف و ہِراس، بِلاخوف، خوفناک |
| | عَلَيْكُمْ | عَا لَا ئِ كُمْ | تم پر | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَذَابَ | عَ ذَا بَ | عذاب سے | ع ذ ب | عذابِ الٰہی، عذابِ جہنّم، عذابِ آخرت |

فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ

انہوں نے فرمایا اے میری قوم! تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اس کے سوا کوئی تمہارا معبود ہونے کے قابل نہیں، مجھ کو تمہارے لئے ایک

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَوْمٍ | یَا ؤْ مِنْ | ایک دن کے | ی و م | یومِ قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |
| | عَظِيْمٍ ۝٥٩ | عَ ظِیْ مِ | بہت بڑے | ع ظ م | عظیم، اعظم، عظمت، وزارتِ عُظمیٰ |
| ٦٠ | قَالَ | قَا لَ | کہا | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | الْمَلَاُ | اَلْ مَ لَ اُ | سرداروں نے | م ل ء | |
| | مِنْ قَوْمِهٖٓ | مِنْ قَا ؤْ مِ ہِیْ .. | اس کی قوم سے: | ق و م | قوم، اقوام، مسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | اِنَّا | اِنْ نَا | بے شک ہم | | |
| | لَنَرٰىكَ | لَ نَ رَا كَ | تو یقیناً تجھے دیکھتے ہیں | ر ء ی | ریا، رؤیا، رؤیتِ ہلال، غیر مرئی |
| | فِيْ ضَلٰلٍ | فِیْ ضَ لَا لِ | گمراہی میں | ض ل ل | ضلالت (گمراہی)، ضلالت وگمراہی |
| | مُّبِيْنٍ ۝٦٠ | مُ مُ بِیْ نِ | ظاہر | ب ی ن | بیان، مُبیّنہ طور پر، دلیلِ بیّن |

يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝٥٩ قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهٖٓ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝٦٠

بڑے دن کے عذاب کا اندیشہ ہے ۝٥٩ ان کی قوم کے بڑے لوگوں نے کہا کہ ہم تم کو صریح غلطی میں دیکھتے ہیں ۝٦٠

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٦١ | قَالَ | قَا لَ | اس (نوح) نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | يٰقَوْمِ | یَا قَا ؤْ مِ | اے میری قوم! | ق و م | قوم، اقوام، مسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | لَيْسَ | لَا یْ سَ | نہیں ہے | | |
| | بِيْ | بِیْ | مجھ میں | | |
| | ضَلٰلَةٌ | ضَ لَا لَ تُنْ | کوئی گمراہی | ض ل ل | ضلالت (گمراہی)، ضلالت وگمراہی |
| | وَّلٰكِنِّيْ | وَ لَا كِنْ نِیْ | اور لیکن میں (تو) | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رَسُوْلٌ | رَسُوْلُ | رسول ہوں | ر س ل | رُسول، رَسالت، مُرسل، ترسیل |
| | مِّنْ رَّبِّ | مِ نْ رَ ب بِ | پروردگار کی طرف سے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | الْعٰلَمِيْنَ ۝٦١ | لْ عَا لَ مِیْ نَ | جہانوں کے | ع ل م | عالَمِ رنگ و بُو، عالَمِ اسلام، عالَمِ کُفر |
| ٦٢ | اُبَلِّغُكُمْ | اُ بَل لِ غُ کُمْ | میں تمہیں پہنچاتا ہوں | ب ل غ | ذرائع ابلاغ، مبلغ، تبلیغ، بلوغت |

قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ ضَلٰلَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝٦١ اُبَلِّغُكُمْ

انہوں نے فرمایا کہ اے میری قوم! مجھ میں تو ذرا بھی گمراہی نہیں لیکن میں پروردگار عالم کا رسول ہوں ۝٦١ تم کو اپنے پروردگار کے پیغام پہنچاتا ہوں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رِسٰلٰتِ | رِسَالَاتِ | پیغامات | ر س ل | رُسول، رَسالت، مُرسل، ترسیل |
| | رَبِّيْ | رَب بِیْ | اپنے رب کے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | وَاَنْصَحُ | وَ اَنْ صَ حُ | اور میں خیر خواہی کرتا ہوں | ن ص ح | نصیحت کرنا، ناصح، وعظ و نصیحت |
| | لَكُمْ | لَ کُمْ | تمہاری | | |
| | وَاَعْلَمُ | وَ اَعْ لَ مُ | اور میں جانتا ہوں | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلّم، معلوم، علّامہ |
| | مِنَ اللّٰهِ | مِنَ ل لَا هِ | اللہ کی طرف سے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | مَا | مَا | وہ باتیں جو | | ماوراءُ النہر، ماورائے آئین ماورائے عدالت |
| | لَا تَعْلَمُوْنَ ۝٦٢ | لَا تَ عْ لَ مُوْنَ | تم نہیں جانتے | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلّم، معلوم، علّامہ |
| ٦٣ | اَوَعَجِبْتُمْ | اَ وَ عَ جِبْ تُمْ | اور کیا تم تعجب کرتے ہو | ع ج ب | عجیب، تعجُّب، اِعجاب، عجب |

رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنْصَحُ لَكُمْ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝٦٢ اَوَعَجِبْتُمْ

اور تمہاری خیر خواہی کرتا ہوں اور میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان امور کی خبر رکھتا ہوں جن کی تم کو خبر نہیں ۝٦٢ اور کیا تم اس بات سے تعجب کرتے ہو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنْ | اَنْ | اس بات پر کہ | | |
| | جَآءَكُمْ | جَا... ءَ کُمْ | آئی ہے تمہارے پاس | ج ی ء | |
| | ذِكْرٌ | ذِ کْ رُ | عظیم نصیحت | ذ ك ر | تذکیر و تبلیغ، تذکیر نصیحت، اَذکار |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنْ رَّبِّكُمْ | م مِرْ رَ بْ بِ كُمْ | تمہارے رب کی طرف سے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین<br>رَبّانی، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | عَلٰى رَجُلٍ | عَ لَا رَ جُ لِ | ایک ایسے آدمی پر | ر ج ل | رِجال کشی، اَسماءُ الرِّجال کی کُتب |
| | مِّنْكُمْ | م مِنْ كُمْ | جو تم میں سے ہے | | |
| | لِيُنْذِرَكُمْ | لِ يُنْ ذِ رَ كُمْ | تا کہ وہ تمہیں ڈرائے | ن ذ ر | نَذیر و بَشیر، اِنذار، مُنذِر |
| | وَلِتَتَّقُوْا | وَ لِ تَت تَ قُوْ | اور تا کہ تم ڈر جاؤ | و ق ی | مُتَّقی لوگ، تقویٰ و پرہیزگاری |

اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ وَلِتَتَّقُوْا

کہ تمہارے پروردگار کی طرف سے تمہارے پاس ایک ایسے شخص کی معرفت، جو تمہاری ہی جنس کا ہے، کوئی نصیحت کی بات آ گئی تا کہ وہ شخص تم کو ڈرائے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَلَعَلَّكُمْ | وَ لَ عَل لَ كُمْ | اور تا کہ تم | | |
| | تُرْحَمُوْنَ ﴿٦٣﴾ | تُ رْ حَ مُوْ نَ | رحم کئے جاؤ | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم و کرم |
| ٦٤ | فَكَذَّبُوْهُ | فَ كَذ ذَ بُوْ هُ | پھر انہوں نے اس (نوح) کو جھٹلایا | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کَذّاب<br>مُسیلمہ کَذّاب (نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | فَاَنْجَيْنٰهُ | فَ اَنْ جَيْ نَا هُ | تو ہم نے اسے نجات دی | ن ج و | نَجات، فرقہ ناجیہ، نَجات دہندہ |
| | وَالَّذِيْنَ | وَ لْ لَ ذِ يْ نَ | اور ان لوگوں کو جو | | |
| | مَعَهٗ | مَ عَ هُوْ | اس کے ساتھ تھے | | |
| | فِى الْفُلْكِ | فِلْ فُلْ كِ | کشتی میں | ف ل ك | فُلک (کشتی) |
| | وَاَغْرَقْنَا | وَ اَ غْ رَقْ نَ | اور ہم نے غرق کر دیا | غ ر ق | غرق کرنا، غَریقِ رحمت |

وَلَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿٦٣﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ فِى الْفُلْكِ وَاَغْرَقْنَا

اور تا کہ تم ڈر جاؤ اور تا کہ تم پر رحم کیا جائے ﴿٦٣﴾ سو وہ لوگ ان کی تکذیب ہی کرتے رہے تو ہم نے نوح (علیہ السلام) کو اور ان کو جو ان کیساتھ کشتی میں تھے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الَّذِيْنَ | لْ لَ ذِ يْ نَ | ان لوگوں کو جنہوں نے | | |
| | كَذَّبُوْا | كَذ ذَ بُوْ | جھٹلایا تھا | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کَذّاب<br>مُسیلمہ کَذّاب (نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | بِاٰيٰتِنَا ط | بِ آ يَا تِ نَا | ہماری آیات کو | ء ی ی | آیتِ قرآنی، آیۃ الکرسی<br>آیتِ کریمہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنَّهُمْ كَانُوْا | اِن نَ ہُمْ کَا نُوْ | بلاشبہ وہ تھے | ک و ن | |
| | قَوْمًا | قَاوْ مَنْ | لوگ | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | عَمِيْنَ ﴿٦٤﴾ | عَ مِیْ نَ | (دل کے) اندھے | ع م ی | |
| ٦٥ | وَاِلٰى عَادٍ | وَاِلَا عَا دِنْ | اور (ہم نے بھیجا) عاد کی طرف | | قوم عاد، حضرت ہود علیہ السلام کی قوم |
| | اَخَاهُمْ | اَخَا ہُمْ | ان کے بھائی | ء خ و | اُخُوَّت پروگرام، مُؤاخات اُخُوَّت، اخوانُ المسلمین |

ع ۸ ۱۵

الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۖ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا عَمِيْنَ ﴿٦٤﴾ وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ

بچالیا اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا ان کو ہم نے غرق کر دیا، بیشک وہ لوگ اندھے ہو رہے تھے ﴿٦٤﴾ اور ہم نے قوم عاد کی طرف

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هُوْدًا ۗ | ہُوْ دَا | ہود کو | | حضرت ہود علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | قَالَ | قَا لَ | اس نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | يٰقَوْمِ | یَا قَاوْ مِ | اے میری قوم! | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | اعْبُدُوا | عْ بُ دُ | تم عبادت کرو | ع ب د | عَبد، عِبادت، عابِد، مَعبُود |
| | اللّٰهَ | ل لَا ہَ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالمین |
| | مَا لَكُمْ | مَا لَ کُمْ | نہیں ہے تمہارے لئے | | |
| | مِّنْ اِلٰهٍ | مِنْ اِلَا ہِنْ | کوئی معبود | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالمین |
| | غَيْرُهٗ ۗ | غَا ئِ رُ ہٗ | اس کے سوا | غ ی ر | غیر آدمی، غیرُ اللہ، اِسکے بغیر |
| | اَفَلَا | اَ فَ لَا | کیا پھر نہیں | | |
| | تَتَّقُوْنَ ﴿٦٥﴾ | تَت تَ قُوْ نَ | تم ڈرتے | و ق ی | مُتّقی لوگ، تقویٰ و پرہیز گاری |

هُوْدًا ۗ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۗ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿٦٥﴾

انکے بھائی ہود (علیہ السلام) کو بھیجا، انہوں نے فرمایا اے میری قوم! تم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو، اس کے سوا کوئی تمہارا معبود نہیں، سو کیا تم نہیں ڈرتے ﴿٦٥﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٦٦ | قَالَ | قَا لَ | کہا | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَلْمَلَاُ | لُ مَ لَ اُ | ان چودھریوں نے | م ل ء | |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | جنھوں نے | | |
| | كَفَرُوْا | کَ فَ رُ وْ | کفر کیا تھا | ك ف ر | کُفر، کَافِر، کُفّار، تکفیر، کُفرانِ نعمت |
| | مِنْ قَوْمِهٖٓ | مِنْ قَاوْمِ ہِیْ.. | اس کی قوم میں سے: | ق و م | قَوم، اَقوَام، مُسلم قَوم، قَومِ مُوسٰی |
| | اِنَّا | اِن نَا | بلاشبہ ہم | | |
| | لَنَرٰىكَ | لَ نَ رَا کَ | یقیناً تجھے دیکھتے ہیں | ر ء ی | رِیَا، رُوَیَا، رُوٗیتِ ہِلَال، غَیر مَرئی |
| | فِيْ سَفَاهَةٍ | فِیْ سَ فَا ہَ تِ اُوْں | بے وقوفی میں | س ف ه | سَفِیہہ آدمی (بیوقوف آدمی)<br>سَفَاہَتُ (بیوقوفی) |
| | وَّاِنَّا | وَ اِن نَا | اور بلاشبہ ہم | | |
| | لَنَظُنُّكَ | لَنَ ظُن نُ کَ | یقیناً تجھے سمجھتے ہیں | ظ ن ن | ظَنّ، حُسنِ ظَنّ، سُوءِ ظَنّ، بَدظَنّ |

قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖٓ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ سَفَاهَةٍ وَّاِنَّا لَنَظُنُّكَ

